# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Tuesday the April 07, 2026

(360th Session)

Volume XIX, No.05

(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume XIX SP.XIX (05)/2025

No.05 15

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Fateha ..... 3
3. Questions and Answers ..... 3
4. Leave of Absence ..... 26
5. Presentation of report of Standing Committee on Railways on the subject matter of Starred Question regarding steps taken by the Government to control corruption in the Railways ..... 27
6. Presentation of report of Standing Committee on Railways on the subject matter of Starred Question regarding suffering of loss of Rs. 55 billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023 ..... 27
7. Presentation of report of Standing Committee on Railways on the subject matter of Starred Question regarding the details of train accidents took place in the country during the last five years ..... 28
8. Presentation of report of Standing Committee on Finance and Revenue on [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2025] ..... 28
9. Presentation of report of Standing Committee on Finance and Revenue on [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2026] ..... 28
10. Presentation of report of Standing Committee on Finance and Revenue on an Adjournment Motion moved by Senator Hidayatullah Khan in the sitting of the Senate held on 13th February, 2026 ..... 29
11. Presentation of Report of the Standing Committee on Finance and Revenue under Rule 195 regarding the issue pertaining to text messages being sent to filers by FBR containing bank balance and transacted amount causing breach of financial privacy and date protection ..... 30
12. Presentation of Report of the Standing Committee on Finance and Revenue under Rule 195 regarding the the plan, if any to cut down civilian expenditure of Federal Government which is around hefty Rs.7 trillion as last year the Federal Budget expenditure was brought down from Rs.18.8 trillion to Rs.17.5 trillion ..... 30
13. Introduction of The Quaid-i-Azam University (Amendment) Bill, 2026 ..... 31
14. Introduction of The Higher Education Commission (Amendment) Bill, 2026 ..... 31
15. Laying of Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Ordinance, 2026 (Ordinance No.II of 2026) ..... 31
16. Calling Attention Notice raised by Senator Shahadat Awan towards the establishment of tent settlements alongside the drains/Nullahs in Sector G-10/2 by unknown individuals ..... 32
    - Senator Muhammad Talal Badar ..... 33
    - Senator Khalil Tahir ..... 33
    - Senator Muhammad Tallal Badar, Minister of State for Interior ..... 35
    - Senator Azam Nazeer Tarar, Minister of Law and Justice ..... 38
17. Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition on recent geo-political and economic situation in wake of US-Israel and Iran War ..... 40
18. Fateha ..... 47
19. Privilege Motion moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan against Ms. Sarah Hayat the Deputy Commissioner of Chakwal ..... 48
20. Statement by the Leader of the House on the situation arising from the US-Israel attack on Iran ..... 48
    - Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House ..... 48
    - Dr. Tariq Fazal Chaudary ..... 55
    - Senator Atta-ur-Rehman ..... 55
    - Senator Azam Nazeer Tarar – Federal Minister for Law and Justice ..... 60
    - Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur ..... 62
    - Senator Khalil Tahir ..... 69
    - Senator Noor-Ul-Haq Qadri ..... 71

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Tuesday, the April 7, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty minutes past three in the evening with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

**<u>Recitation from the Holy Quran</u>**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

وَ كُلًّا نَّقُصُّ عَلَیْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَ جَآءَكَ فِیْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَ مَوْعِظَةٌ وَّ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَ قُلْ
لِّلَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَ انْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ لِلّٰهِ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ یُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَ تَوَكَّلْ عَلَیْهِ ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

ترجمہ: اور (اے نبی اکرم ﷺ) ہم آپ کو رسولوں کے واقعات سناتے ہیں، تاکہ آپ کے دل کو مضبوط کریں اور ان میں آپ کے لیے سچی بات، نصیحت اور ایمان والوں کے لیے یاد دہانی ہے۔ اور جو ایمان نہیں لاتے ان سے کہہ دیں تم اپنی جگہ عمل کرتے رہو، ہم بھی اپنا کام کر رہے ہیں۔اور تم انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں۔ اور آسمانوں اور زمین کا چھپا ہوا علم اللہ ہی کے پاس ہے، اور ہر کام اسی کی طرف لوٹتا ہے، تو اسی کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ رکھو اور تمہارا رب تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں ہے۔

(سورۃ ھود، آیات ( ۱۲۰تا۱۲۳)

**Panel of Presiding Officers**

Mr. Chairman: In pursuance of Rule 14(1) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, I, hereby announce the names of members so nominated for the Panel of Presiding Officers in order of precedence:

1. Senator Anusha Rahman Ahmad Khan
2. Senator Mohammad Abdul Qadir
3. Senator Jan Muhammad

Mr. Chairman: Honourbale members before we commence the proceedings of the House. I, wish to express with profound sorrow our deepest condolences and heartfelt sympathies to our esteemed colleague, Senator Sherry Rehman and her bereaved family on the tragic loss. (Continued…..T02)

T02-07Apr2026 FAZAL/ED: Waqas 03:40 pm

Mr. Chairman (Cont…..) Senator Sherry Rehman and her bereaved family on the tragic loss. This is an immeasurable and irreparable loss, one that is beyond expression and touches us all. While it is a deeply personal grief for Senator Sherry Rehman and her family, the entire House stands united in this hour of grief. The loss of a child is a grief beyond all comprehension, one that no parent should ever have to bear. On behalf of the Senate of Pakistan and on my own behalf, I convey our unwavering solidarity with Senator Sherry Rehman in her hour of grief. We pray that Almighty Allah grants her and her family the strength, *sabr* and fortitude to bear this immense loss with courage. May the departed soul be granted the highest place in *Jannah* and may her memory continue to be a source of strength and comfort for the bereaved family.

I request the honorable members to offer *Fateha* for the departed soul. Thank you. Yes, Senator Shahadat Awan Sahib.

**Fateha**

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ پڑھی گئی)

Mr. Chairman: We now take up Question Hour.

**Questions and Answers**

Mr. Chairman: Question No. 52, Senator Shahadat Awan.

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! متعلقہ وزیر جام کمال صاحب موجود نہیں ہیں۔

Mr. Chairman: Question No. 52, taken as read.

(Q. No. 52)

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین صاحب! اس کے اندر میں نے منسٹری سے یہ پوچھا تھا کہ State Life Insurance Corporation کی جو جائیدادیں انہوں نے خریدی ہیں ان کا status کیا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ ہمارے پاس جائیدادوں کی تین اقسام ہیں۔ پہلی قسم وہ جو ان کے زیر استعمال ہیں۔ دوسری جو کرائے پر ہیں اور تیسری وہ جن پر قبضہ ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! جو Annexures مجھے فراہم کی گئی ہیں۔ اس کی Annexure-A میں قبضے والی جائیدادیں 13 بتائی گئی ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ explain کرنا اس لیے لازمی ہے تاکہ ممبران کو پتا چلے کہ میرا ضمنی سوال کیا ہے؟ Annexure-E میں بھی انہوں نے encroached properties کی تعداد 13 بتائی ہے لیکن Annexure-B میں انہوں نے encroached properties کی تعداد 10 بتائی ہے۔ یہاں ان کی تفصیل میں فرق ہے۔ جناب چیئرمین! میں یہاں پر گزارش یہ کروں گا کہ انہوں نے Annexure-B میں جو بتائی ہیں۔ اس میں serial نمبر ایک پر State Life building کراچی کی عبداللہ ہارون روڈ والی ایک property بتائی ہے کہ وہ rented property ہے۔ جبکہ Annexure-D میں انہوں نے اس کا تذکرہ ہی نہیں کیا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ بہت اہم ضمنی سوال ہے کہ Annexure-B میں انہوں نے property کا current status بتاتے ہوئے Serial Nos. 59, 62, 63 and 64 کی جو properties ہیں وہ rented بتائی ہیں۔ اب جناب چیئرمین! یہی properties جو Annexure-F میں انہوں نے یہ بتایا ہے کہ یہ properties ہمارے use میں ہیں۔ ایک مرتبہ وہ کہتے ہیں کہ یہ properties rented ہیں اور دوسری طرف جناب چیئرمین! ان کا اپنا دیا ہوا Annexure اس میں بتاتے ہیں کہ یہ properties ہمارے استعمال

میں ہیں۔ جناب چیئرمین! اس کا مطلب یہ ہے کہ یا تو کرائے میں خرد برد ہو رہی ہے یا اس میں کچھ نہ کچھ ہیرا پھیری ہے۔ منسٹری نے اس ایوان کے سامنے غلط بیانی کی ہے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح آخر میں انہوں نے ماڈل ٹاؤن کوئٹہ کی ایک پراپرٹی بتائی ہے۔ اسی طرح انہوں نے Serial No. 68 پر بتایا ہے کہ یہ rented property ہے۔ یہاں پر بتاتے ہیں کہ یہ property ہمارے self-use میں ہے۔ تو جنابِ چیئرمین! ان کا اپنا جو ریکارڈ ہے اتنا متضاد ریکارڈ ہے کہ State Life کی جو buildings ہیں جن کے بارے میں یہ خود کہتے ہیں کہ یہ ہمارے استعمال میں ہیں اور دوسری طرف یہ بتاتے ہیں کہ یہ rented ہیں۔ تو اس کا مطلب یہ ہے جنابِ چیئرمین! کہ منسٹر صاحب یہ بتانا چاہیں گے۔ یہ تو میں نے خالی دو مثالیں دی ہیں۔ میری گزارش یہ ہو گی کہ انہوں نے اتنی بڑی لسٹ دے دی ہے۔ State Life کی پراپرٹیز میں misappropriation ہو رہی ہے۔ میری استدعا یہ ہو گی کہ اس کو کمیٹی میں بھیجیں تاکہ thoroughly اس پر بحث ہو سکے۔

Mr. Chairman: First I guess the point of view of the Minister may be taken. I welcome Syed Abdul Kadir Gillani and Syed Sami-ul-Hassan Gillani, Members National Assembly. Yes, Minister In-charge.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): بہت شکریہ، جناب چیئرمین۔ جناب! جو سوال Honourable Senator صاحب نے پوچھا ہے اس کی ساری detail جو ہے وہ انہوں نے خود بھی بیان فرمائی ہے اور جو Ministry کی طرف سے House کو جواب submit کیا گیا ہے اس میں وہ تمام details دی گئی ہیں اور اس میں واضح طور پر یہ بات بیان کی گئی ہے۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں on behalf of all the Ministries and on behalf of the Government میں یہ ensure کرنا چاہتا ہوں آپ کی وساطت سے ایوان کو کہ کبھی بھی ہمارے کسی بھی department کی طرف سے کوئی غلط Information Floor of the House پر submit نہیں کی جاتی۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کوئی Clerical mistakes ہوتی ہیں، کوئی data غلط Print ہو جاتا ہے لیکن اس کی پھر تصحیح کی جاتی

ہے۔ للذا سب سے پہلے یہ assurance دینا ضروری ہے کہ کبھی بھی data کو ہم fudge نہیں کرتے، کبھی بھی ہم اسے distort نہیں کرتے اور کبھی بھی اسے چھپانے کی کوشش نہیں کی جاتی۔

جناب چیئرمین! نمبر دو، اگر میں سوال کی طرف آؤں تو بڑا clearly بتایا گیا ہے کہ جو State Life Insurance Corporation ہے ان کے پاس total 92 Properties ہیں۔ اس میں سے 55 Properties وہ ہیں جو انہیں inherit ہوئی تھیں at the time of nationalization اور 37 properties جو ہیں وہ بعد میں purchase کی گئی ہیں۔ سندھ، پنجاب، بلوچستان، کے پی کے، آئی سی ٹی، اے جے کے اس میں تمام again breakup دیا گیا ہے جس میں 48، 31، 1، 3، 7 اور 2 پراپرٹیز یعنی Again total is 92.

جناب چیئرمین! یہ detail ہے۔ اس کے بعد اس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اس میں purchase کتنی کی گئی ہیں، rented کتنی ہیں اور ہماری اپنی وہ property جو کہ under encroachment ہے۔ یہ وہ معلومات ہیں کہ جو ہم نے کوئی بھی مخفی نہیں رکھی ہیں۔ ان کی detail بھی دی گئی ہے۔

اب اس میں آگے Annexures میں ان تمام properties کی تفصیل دی گئی ہے جو کہ خاصی تفصیلی Annexures لگائے گئے ہیں۔ اب میں سمجھتا ہوں کہ اس کے بعد کوئی ایسی گنجائش رہ نہیں جاتی کہ مزید کوئی data جو ہے وہ forum کے اوپر دینے کی ضرورت ہو۔ باقی آپ کی صوابدید ہے اگر آپ refer کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی مرضی ہے ورنہ ہم نے تمام جو تفصیلات ہیں ان 92 properties کے حوالے سے including those properties جس کے اوپر encroachment ہے۔ لوگ کرایہ دار کی حیثیت سے آئے اور اس کے بعد وہ کرایہ نہیں دے رہے ہم انہیں بھی encroacher سمجھتے ہیں اور وہ بھی جہاں پر لوگوں نے کہیں قبضہ کیا ہوا ہے ان کی detail بھی ہم نے ساری Floor of the House پر رکھ دی ہے۔ Thank you sir.

Mr. Chairman: I welcome Rehmatullah Kakar, former Senator in the Gallery. Yes please.

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! یہ عام سی بات تھی جو کہ بصدِ احترام منسٹر صاحب نے کہا ہم جو record دیتے ہیں صحیح ہوتا ہے لیکن آج اتفاق سے جو انہوں نے record دیا بالکل ان ہی کا record متضاد اور غلط ہے۔ اس وجہ سے میں نے point out کیا۔ Annexure-B میں نمبر 59 پر جو property ہے ان کے مطابق انہوں نے کہا یہ rented property ہے۔ جنابِ چیئرمین! توجہ چاہوں گا کہ انہوں نے Serial No. 59 پر جو property دی ہے وہ انہوں نے کہا کہ یہ ہماری property rented ہے اور اسی طریقے سے انہی کا Annexure-F جو انہوں نے دیا ہے، اس میں Serial No. 14 کے اوپر انہوں نے property کہی ہے کہ ہماری۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب! ہماری Advisory Committee meeting میں decision ہو گیا کہ ہم اس کے بعد آپ کو time دیں گے اور آپ کھل کر بات کریں۔ (جاری ہے۔۔۔۔۔T03)

**T03-07Apr2026 Rafaqat Waheed/Ed: Shakeel 3:50 pm**

جناب چیئرمین: ہماری بزنس ایڈوائزری کی میٹنگ میں decision ہوگیا کہ ہم اس کے بعد آپ کو time دیں گے اور آپ کھل کر بات کریں۔ .I will take only twenty minutes میں اس کا جواب دوں گا۔ آپ تشریف رکھیں۔ آپ کے لیڈر آف دی اپوزیشن بھی بیٹھے ہیں، پارلیمانی لیڈر بھی بیٹھے ہیں، ان سے بات ہوئی ہے۔ ابھی آپ کو بہت time دوں گا کہ آپ اس پر بات کریں۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین صاحب! میں نے صرف یہ گزارش کی، آج جو ریکارڈ اور annexures مجھے دیے گئے، میں نے ان کو refer کیا ہے۔ منسٹر صاحب نے کہا کہ ہم نے کوئی غلط ریکارڈ نہیں دیا، اسی لیے میں نے کہا کہ یہ سارا ریکارڈ غلط ہے۔ میرے ہاتھ میں ہے، ان کے سامنے ہے، میں نے کہا Annexure-B میں آپ نے سیریل نمبر 59 میں جو پراپرٹی لکھی ہے، وہی پراپرٹی Annexure-F میں آپ نے سیریل نمبر 14 میں لکھی ہے۔ اس میں آپ نے (b) میں rented لکھا ہے جبکہ سیریل نمبر 14 میں self-used لکھی ہے۔ اسی طریقے سے 62 کے (b) میں جو آپ نے rented لکھی ہے، (f) میں اسے self-used لکھا ہے۔ لہٰذا، یہ سارے کا سارا ریکارڈ غلط ہے۔ اس لیے میں گزارش کر رہا ہوں کہ یہ معاملہ کمیٹی میں جائے تاکہ دودھ کا دودھ، پانی کا پانی ہو۔ کروڑوں اور اربوں روپے کی چیزیں غبن ہو رہی ہے۔

Mr. Chairman: I welcome Junejo sahib, Member National Assembly, in the Chairman's box. Minister sahib.

جناب طارق فضل چوہدری: جناب! گزارش یہ ہے کہ میں reiterate کرتا ہوں اور بصد احترام ان کی اس بات سے بالکل disagree کرتا ہوں کہ کبھی بھی ہمارے کسی محکمے کی طرف سے کوئی غلط information اس ہاؤس کو دی جاتی ہے۔ گزارش یہ ہے کہ 714 properties کی لسٹ صرف Annexure-D میں ہے جس کا وہ دوسری دفعہ ذکر کر رہے ہیں۔ میں گزارش یہ کر رہا ہوں کہ 714 properties کی انفرادی حیثیت کا تو شاید In-charge Minister کو بھی پتا نہیں ہوگا تو مجھے کیا پتا ہونا ہے۔ اس لیے اگر کسی ایک specific property کے حوالے سے information چاہیے، ہمارے relevant افسران گیلری میں بیٹھے ہیں، میں بیٹھ کر محترم رکن کو خود satisfy کر دیتا ہوں۔ If it is a matter of only one property جس کے متعلق وہ کہہ رہے ہیں کہ duplication ہوئی ہے اور ان کے مطابق data ٹھیک نہیں ہے، I will satisfy him لیکن یہ کہنا کہ اس جواب میں کوئی غلط information دی گئی ہے. this is absolutely not correct شکریہ۔

جناب چیئرمین: ملک شہادت علی اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب! میں بصد احترام یہ کہوں گا کہ منسٹر صاحب نے اپنے ان papers کو ہی نہیں دیکھا۔ ابھی ان کے ہاتھ میں جو papers ہیں، میں نے تو خالی انہی کے دو papers refer کیے ہیں۔ ان کے پاس Annexure-B ہے، اس کا سیریل نمبر 59 دیکھ لیں۔ اس میں انہوں نے rented لکھا ہے۔ انہی کا Annexure-F ہے جس میں یہی پراپرٹی انہوں نے سیریل نمبر 14 میں لکھی ہے اور لکھا ہے کہ ہمارے استعمال ہے۔ اسی کے (b) کے سیریل نمبر 62 میں انہوں نے لکھا کہ وہ rented ہے۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب! آپ دو منٹ بیٹھ جائیں اور معزز رکن کو satisfy کریں۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب! اس معاملے کو کمیٹی میں بھیجیں۔

جناب چیئرمین: ابھی اگر satisfy نہیں ہوں گے تو بھیج دیں گے۔ .It is referred to the Committee ابھی ہم اگلا سوال لیتے ہیں، سوال نمبر ۵۳۔

(Q. No.53)

جناب چیئرمین: کوئی ضمنی سوال؟ ملک شہادت اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! اسٹیٹ لائف کے civil and criminal cases کے متعلق میں نے سوال پوچھا تھا۔ اب صورتحال یہ ہے کہ انہوں نے آج جو list provide کی ہے، اس میں انہوں نے کہا کہ ان کے پاس 880 cases pending ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے کہا ہے کہ چونکہ یہ حکومت کا ایک ادارہ ہے، ہم حکومت کے وکلا کو hire کرتے ہیں۔ جناب! میں نے ان کی اپنی جو لسٹ ہے، اس میں سے جو وکیل انہوں نے engage کی ہوئی ہیں، وہ وکیل میں نے ان کے سامنے لکھا ہے۔ انہوں نے اس pending list میں 104 وکلا کے نام دیے ہیں۔ وزارت قانون کے panel پر جو ان کے advocates ہیں، ان کی تعداد 51 ہے۔ ان میں سے صرف پانچ وکلا کو دس cases دیے گئے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ باقی 870 cases انہوں نے اپنی مرضی کے وکلا کو دے ڈالے ہیں۔ میری گزارش یہ ہے، منسٹر صاحب تو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے کچھ بھی نہیں کیا۔ اس کے علاوہ ان کے cases کا جو حال ہے، ہم نے کیوں پوچھا ہے کہ ان کے cases کی صورتحال یہ ہے کہ میں نے پوچھا کہ آپ کے cases کب کے ہیں۔ ان کے year-wise جو cases ہیں، ان کے پاس 29 سالوں سے cases pending ہیں۔ ان کے پاس 28 سال سے cases pending ہیں، 25 سال سے cases pending ہیں، 10 سال سے 28 cases pending ہیں، 11 سال سے 11 cases pending ہیں۔ 12 سال سے 12 cases pending ہیں۔ یہ صورتحال ہے جبکہ حکومت کے جو advocates ہیں، صرف پانچ وکیلوں کو 10 کیس دیے گئے ہیں جبکہ 870 cases انہوں نے اپنی مرضی کے لوگوں کو دیے ہیں جو کہ حکومت کے panel پر بھی نہیں ہیں۔ وہ cases کافی عرصے سے یعنی 29 سال، 20 سال، 12 سال، 11 سال سے pending ہیں۔

منسٹر صاحب سے میرا سوال یہ ہے کہ آپ یہ بتادیں کہ جن لوگوں کو آپ نے engage کیا، ان کو آپ نے کتنا معاوضہ دیا۔ یہ misconduct جس نے کیا ہے، ان کے خلاف آپ نے کیا ایکشن لیا ہے یا لیں گے اور اس کے علاوہ جو panel کے بغیر cases دیے گئے ہیں، ان کے خلاف کیا کارروائی کریں گے؟

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب۔

جناب طارق فضل چوہدری: معزز چیئرمین صاحب! بہت شکریہ۔ جناب! گزارش یہ ہے کہ اس وقت اسٹیٹ لائف انشورنش کارپوریشن آف پاکستان کے ٹوٹل 875 civil cases جبکہ 05 criminal cases, pending ہیں۔ اس میں جن کو hire کیا جاتا

ہے، وہ ہمارے legal consultants ہوتے ہیں، legal advisors ہوتے ہیں اور PPRA Rules کے مطابق ہی انہیں hire کیا جاتا ہے۔

جناب! دوسری گزارش یہ ہے کہ ہمارے اس میں law officers بھی ہیں، law advocates بھی ہیں، یہ طریقہ کار وہ ہے جو حکومت کے تمام ادارے اپنے cases کو نمٹانے کے لیے جو وکلا کی services کو hire کرتے ہیں، اسی کے مطابق ان وکلا کو بھی hire کیا جاتا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ بہت اچھے طریقے سے ہم سب کو یہ بات پتا ہے کہ ہماری جو prosecution ہے، ان سے ہو کر جب ہمارے مقدمات عدالتوں کے اندر جاتے ہیں تو وہاں پر وہ بہت زیادہ اور بے جا تاخیر کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ صرف اسٹیٹ لائف کے cases نہیں ہیں۔ ہمارے مختلف اداروں کے جو cases ہیں، اگر ہم اسلام آباد کے cases بھی دیکھیں، وہ سول کورٹ سے شروع ہوتے ہیں، میں اگر یہاں پر IESCO کی بات کروں، روزانہ کی بنیاد پر being a Member of the National Assembly جب جناب پرائم منسٹر تھے، اس وقت پہلی دفعہ ہم ایوان میں آئے تو روزانہ کی بنیاد پر ہم ان کو deal کر رہے ہوتے ہیں۔ میں 2008 کی بات کر رہا ہوں۔ وہ سی۔ڈی۔اے کے cases ہوں، وہ سوئی گیس کے cases ہوں، وہ سول کورٹ سے شروع ہوتے ہیں اور جا کر سپریم کورٹ میں end up ہوتے ہیں۔ اس میں اسی طرح پندرہ سال، اٹھارہ سال اور بیس سال لگ جاتے ہیں۔ اسی نظام کو ٹھیک کرنے کے لیے ابھی جو ہم نے کوشش کی ہے، عدالتوں میں اس طرح کے جو cases ہیں، انہیں ہم الگ کریں اور جو ہمارے legal and constitutional cases ہیں، ان کے لیے Constitutional Court تشکیل دی گئی ہے تاکہ یہ شکایت ختم ہو۔

اسی کے reference سے، اگر آپ اجازت دیں تو میں ایک منٹ اور لوں گا۔ اگر ان cases کو مالی اعتبار سے دیکھیں تو اتنے volume کے نہیں ہیں لیکن اگر آپ FBR یا انکم ٹیکس کے cases دیکھیں تو پرائم منسٹر آف پاکستان کی direction پر ان اداروں نے ابھی مارکیٹ سے انتہائی قابل legal consultants کو hire کیا ہے اور market price پر hire کیا۔ وجہ یہ ہے کہ مختلف ادارے، ظاہر ہے میں نے PPRA Rules کا ذکر کیا، اس کے تحت وہ market price پر اس طرح legal consultants کو جو senior advocates ہیں، hire نہیں کر سکتے۔ دوسری طرف وہ لوگ ہوتے ہیں جنہوں نے حکومت کا اربوں روپے کا پیسہ ٹیکس کی شکل میں دبایا ہوتا ہے یا وہ کسی محکمے کے نادہندہ ہوتے ہیں، تو وہ بڑے مہنگے مہنگے وکیل hire کرتے ہیں۔ پرائم منسٹر صاحب کی direction جب FBR اور انکم ٹیکس نے market price پر انتہائی ماہر اور قابل legal consultants hire کیے تو ایک ایک دن میں اربوں روپے کی

ان محکموں کو ہوئی ہے۔ للذا، اس وقت حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ اچھے consultant, market price سے hire recoveries کریں۔ یہ جو cases ہیں جن کے متعلق معزز رکن فرمارہے ہیں، these are more than 900 cases which are pending in these courts. وہ عرصہ جو بتارہے ہیں، یقیناً اس میں خاصا time لگ چکا ہے لیکن یہ under trial ہیں۔ ہمارے legal consultants and advisors پوری محنت کے ساتھ اس پر کام کر رہے ہیں۔

باقی کس وکیل کو کتنے cases دینے ہیں، یہ of course محکمے کا کام ہوتا ہے۔ ان کی قابلیت اور تجربے کو دیکھتے ہوئے انہیں cases تفویض کیے جاتے ہیں۔ ہر محکمے میں یہی طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ زیادہ بڑے cases سینیئر وکلا کو دیے جاتے ہیں جبکہ ذرا کم نوعیت کے cases چاہے اس کی gravity کے حوالے سے ہو یا اس کے اندر کورٹ میں جو magnitude under discussion ہوتا ہے، اس کو دیکھتے ہوئے کیا جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اندر کسی بھی محکمے کو penalize کرنا مناسب نہیں ہوگا۔ (T04 پر جاری ہے)

**T04-7April2026 Abdul Razique/Ed: Waqas Khan 04:00 p.m.**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (۔۔۔جاری) میں سمجھتا ہوں کہ اس پر کسی بھی department کو penalize کرنا مناسب نہیں ہوگا۔ ظاہر ہے ہر department میں بیٹھے افسران اپنے department کی بہتری کے لیے ہی یہ کیسز وکلاء کو ان کی تجربے کی بنیاد پر allocate کرتے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: میرا جو سوال تھا۔۔۔اگر منسٹر صاحب ادھر توجہ کرلیں تاکہ میں اپنی بات کرسکوں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: No cross-talk, please. Address the Chair.

سینیٹر شہادت اعوان: آپ House میں آنے سے پہلے advice لیا کریں تاکہ پھر یہاں آپ میری بات سنا کریں۔ جناب چیئرمین، میری گزارش یہ ہے کہ آپ کو Ministry of Law نے panel پر 51 وکیل دیے اور میرا سوال بھی ان سے یہی تھا۔ 51 وکلاء میں سے آپ نے صرف پانچ وکیلوں کو 880 میں سے 10 کیس دیے تو کیا آپ کو اپنی Government کے panel پر اعتماد نہیں تھا؟ بات یہ ہے کہ آپ نے جو باقی لوگوں کو کیسز دیے ہیں اور میں نے وہ گنوا بھی دیا ہے کہ 29 سال سے اور منسٹر

صاحب کے لیے بہت respect ہے اور وہ کہتے ہیں جی میں توجہ سے سنتا ہوں اور یہ کہتے ہیں کہ Federal Constitutional Court بنا دیا لیکن یہ تو Civil Courts میں pending ہیں اور Civil Judges کے پاس یہ 880 کیسز pending ہیں۔ اب صورتحال یہ ہے کہ Government کے جو وکیل ہیں، انہیں چھوڑ کر آپ پبلک کے لوگوں پر trust کر رہے ہیں اور 30, 30 سال سے یہ کیسز pending ہیں۔ یہ کارکردگی ہے! میرا تو یہ کہنا تھا کہ آپ اس کا جواب دیں۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب، گزارش یہ ہے کہ میں نے مجموعی طور پر مختلف اداروں کے کیسز جو مختلف عدالتوں میں زیر سماعت ہیں اور کافی طوالت کا شکار ہیں، میں نے اس حوالے سے یہ عرض کیا تھا کہ کیا طریقہ کار بنایا جاتا ہے، کس طرح ہم اپنے legal consultants hire کرتے ہیں اور اس کے بعد میں نے Civil Courts کا لفظ استعمال کیا اور یہ ریکارڈ پر ہے کہ Civil Courts سے لے کر Supreme Court تک یہ کیسز کتنا عرصہ لیتے ہیں اور اس میں decades تک لگ جاتے ہیں۔ ان کیسز کی جلدی disposal کے لیے ہم نے وہ کیسز جو براہ راست public interest سے متعلق ہیں اور وہ کیسز جو کہ constitutional matters ہیں، ان کو الگ کیا۔ چونکہ constitutional matters کو High Courts زیادہ take up کرتی ہیں اور انہیں زیادہ وقت دیا جاتا ہے، اس کے لیے میں نے bifurcation کی بات کی۔ Again I repeat اور آپ کی وساطت سے میری honourable Senator سے یہی گزارش ہے کہ department میں اور سینیٹر صاحب جو بار، باران پانچ وکیلوں کا نام لے رہے ہیں، اگر میں ایک، ایک وکیل کے نام، qualification اور قابلیت پر گفتگو کرنا شروع کر دوں تو Question Hour جو ایک گھنٹے کا ہے، اس میں صرف ان پانچ وکلاء کی C.V اوران کی قابلیت پر ہی بات ہو سکے گی۔ لہٰذا یہ department کی discretion ہے کہ وہ کس وکیل کو اس قابل سمجھتا ہے کہ وہ کون سا کیس handle کر سکتا ہے۔ اب یہ کہنا کہ CDA نے یہ 10 کیس فلاں وکیل کو کیوں دیے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ this is not the forum to challenge the authority چاہے وہ Minister of Interior ہوں یا Chairman, CDA کہ بتاؤ، تم نے فلاں کیس جو High Court or Civil Court میں pending ہے، فلاں فلاں وکیل کو یا فلاں فلاں بینچ کو کیوں دیا ہے۔ یہ department کی discretion ہے اور کسی کی کوئی تضحیک نہیں ہے

اور یہ بھی نہیں ہے کہ کسی کو preference دی گئی ہے یا کسی کو ignore کیا گیا ہے تو میرا خیال ہے کہ ان کی یہ discretion رہنی چاہیے، شکریہ۔

Mr. Chariman: Yes, Senator Shahadat Awan. Question No. 54.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: میں نے تین سوال کرنے اجازت دے دی تھی۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: سینیٹر ہمایوں مہمند صاحب، آپ باقی سوالوں پر بھی ضمنی سوال کر سکتے ہیں۔ میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔ سوال نمبر 54۔ جی سینیٹر شہادت اعوان۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین۔۔۔۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: سینیٹر ہمایوں مہمند صاحب، آپ بتائیں کہ کتنے supplementary questions ہونے چاہیے؟

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: Listen, please. I have been the custodian of both the Houses. This is my experience that supplementary questions are not more than three. If you insist then questions will remain before these are taken up.

*(Interruption)*

جناب چیئرمین: جی سینیٹر طلحہ محمود صاحب۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: وزیر برائے پارلیمانی امور، آپ کے متعلق سوال ہے۔ سینیٹر صاحب کو سنیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: میں نے سوال کر بھی لیا ہے اور آپ کو پتا نہیں ہے۔ آپ مجھے ابھی جواب دیں۔

جناب چیئرمین: آپ دوبارہ سوال پوچھیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: میں نے تو سوال پوچھ لیا ہے۔ منسٹر صاحب مجھے جواب دیں۔

جناب چیئرمین: میں نے آپ کو اب floor دیا ہے، آپ سوال پوچھیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جی ٹھیک ہے۔ مجھے specifically صرف یہ بتایا جائے کہ جو پانچ فوجداری مقدمات ہیں، یہ کب شروع ہوئے ہیں اور کس وکیل کو دیے گئے ہیں؟

جناب چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب، جو basic question ہے، یہ اس سے مختلف ہے۔ سینیٹر صاحب جو specific dates پوچھ رہے ہیں اور یہ بھی پوچھا گیا کہ کس کو دی گئی ہیں تو اس کے لیے ایک fresh question دینا پڑے گا۔

Mr. Chairman: A fresh question is required. Next Question. No. 54. Senator Shahadat Awan.

سینیٹر شہادت اعوان: سوال نمبر 54۔

(Q. No. 5)

Mr. Chairman: The answer is taken as read. Is there any supplementary?

سینیٹر شہادت اعوان: جناب، میں نے منسٹری سے یہ پوچھا تھا کہ آپ کی جو Pak Re-insurance Company ہے، اس سے آپ نے کتنا بزنس کیا اور foreign companies کو re-insurance کے لیے کتنا کام دیا کیونکہ اس کمپنی کا کام یہ ہے کہ ملک سے dollar کو drain out ہونے سے بچائے اور اس کے out flow کو کم کرنے کی بجائے زیادہ کرے۔ ابھی بات یہ ہے انہوں نے جو chart دی ہے، حیرت یہ ہے کہ ان کا جو total gross premium تھا، وہ Rs. 157,258,071 تھا۔ اس کے علاوہ جو Reinsurance Premium تھا، وہ Rs. 96,477,377 تھا۔ ان کے پاس جو Net Insurance claims تھے، وہ Rs. 33,146,142 تھے۔ انہوں نے باہر agents کے ذریعے جو re-insurance کروائی ہے، وہ 9 ارب اور 64 کروڑ روپے کی کرائی ہے۔ حضور والا، میرا منسٹر صاحب سے صرف سوال یہ ہے کہ آپ کا کام تو یہ ہے کہ ملک سے ڈالر کو باہر نہ جانے دیں تو آپ کو پتا ہے کہ آپ کا claim بہت کم ہے لیکن اس کے باوجود اس سے تین گنا زیادہ آپ نے agents کے ذریعے باہر re-insurance کے لیے

رقم دے دی ہے۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ اس سے آپ نے ملکی خزانے کو نقصان پہنچایا ہے۔ اس کی ذمہ داری کس کی ہے اور اس کے لیے آپ کیا کریں گے؟

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین، گزارش یہ ہے کہ سینیٹر صاحب نے جو سوال پوچھا ہے، 2017 سے 2024 تک Pak Re-Insurance Company کو جو gross premium collection ہوئی ہے، وہ 157 بلین ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ ایک ایسی amount ہے جو appreciable ہے۔اس کے بعد اس period میں ان کا جو net insurance claim ہے، وہ 33 بلین ہے۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ جتنی بھی insurance companies ہیں۔۔۔۔

سینیٹر شہادت اعوان: یہ ٹھیک نہیں ہے اور منسٹر صاحب غلط پڑھ گئے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جو لکھا ہوا ہے، وہی پڑھا ہے۔ Re-insurance details نیچے دی گئی ہیں۔ Honorable Senator کی تسلی کے لیے میں دوبارہ پڑھ دیتا ہوں حالانکہ میں نے پڑھا ٹھیک ہے۔ From 2017-2024, the amount of gross premium collected by Pak-Re-Insurance Company is 157 Billion PKR. The net insurance claims demanded are 33 Billion PKR during the same period. سینیٹر صاحب آپ مجھے جواب پورا پڑھنے دیں۔ میں اسے Honorable Chairman کو بھی بھیج دیتا ہوں۔آپ کے پاس کچھ اور جواب ہے لیکن میرے پاس وہی جواب ہے جو مجھے منسٹری نے دیا ہے۔

جناب چیئرمین: شہادت اعوان صاحب، آپ interrupt نہ کریں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جواب میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ premium paid to the foreign re-insurance companies during this period is 96 Billion PKR. سینیٹر صاحب آپ جو Annexure پڑھ رہے ہیں، اس میں یہ details دی گئی ہیں۔ میں نے ابھی جو پڑھا ہے، میرے خیال میں سوال complete ہو گیا ہے۔

سینیٹر شہادت اعوان: اب آپ نے صحیح کہا ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بات یہ نہیں کہ صحیح کہا ہے بلکہ یہی لکھا ہوا ہے۔ میں تو شروع سے یہ کہہ رہا ہوں کہ ہمارے ادارے بالکل ٹھیک information دیتے ہیں۔ گزارش یہ ہے کہ جو بھی re-insurance companies ہوتی ہیں، ظاہر ہے وہ بھی اپنی re-insurance کرواتی ہیں۔ اب اگران کی جو insurance ہے اور یہاں اس کی amount reflect ہو رہی ہے لیکن اگر ہم ان کی کارکردگی دیکھیں کہ اس نے 157 بلین کا جو بزنس کیا ہے تو میرا خیال ہے کہ .that is very appreciable ان کو یہ کہنا کہ فلاں کو آپ نے re-insurance کیوں کی ہے اور جو amount claim ہوا ہے، وہ بھی خاصی کم ہے۔ میرا خیال ہے کہ بڑی detail کے ساتھ یہ جواب submit کیا گیا ہے۔ اگر سینیٹر صاحب کی مزید کوئی انکوائری ہے تو مجھے بتائیں، میں وہ بھی دینے کے لیے تیار ہوں۔ اگر وہ مزید کوئی اعداد و شمار کی تفصیل اس Annexure کے علاوہ چاہتے ہیں تو میں وہ منسٹری سے بھی منگوا سکتا ہوں یا وہ fresh question بھی کر سکتے ہیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: منسٹر صاحب کے لیے میری بڑی respect ہے۔ میرا کہنا یہ تھا کہ آپ کا کام یہ ہے کہ dollar کے flow کو باہر نہ جانے دیں لیکن بات یہ ہے کہ آپ کے پاس one-third claim کا ہے۔۔۔۔ (جاری T05)

**T05-07th April 2026 Babar/Ed:Waqas 04:10PM**

سینیٹر شہادت اعوان: (جاری۔۔) میرا کہنا یہ تھا، آپ کا کام یہ ہے کہ ڈالر کا جو close ہے اس کو باہر نہ جانے دیں، لیکن بات یہ ہے کہ claim آپ کے پاس one third کا ہے، اور جو آپ باہر کے reinsurance کر رہے ہیں، اسے تین گنا زیادہ agent کے ذریعے سے آپ وہاں پر insurance کروا رہے ہیں، تو بھائی، آپ ملک اور قوم کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Please order in the House. Let him finish. Yes Minister Sahib answer please.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! معزز سینیٹر صاحب، ذرا مجھے یہ وضاحت سے بتا دیں کہ یہ ڈالر ملک میں آ رہا ہے یا جا رہا ہے، وہ بات زیادہ serious ہے یا 96 billion کی جو reinsurance ہوئی ہے وہ زیادہ serious ہے؟ یا دوسری دفعہ انہوں نے کہا کہ Agent کے ذریعے یہ ساری چیزیں ہوئی ہیں۔ تو، یہ جب reinsurance آپ کرتے ہیں تو اس کا proper process ہوتا ہے۔ Agent اگر ان کی نظر میں کوئی ہے جس کے ذریعے ہوئی ہے اور اس پر کوئی اعتراض ہے، تو Ministry سے میں جواب دے دیتا ہوں کہ وہ

کون سا agent ہے جس کے ذریعے یہ ساری transaction ہوئی ہے۔ اگر اس میں کوئی لگتا ہے، کیونکہ mollified ہی ہے، تو وہ بتائیں، ورنہ یہ amount تو بالکل clear ہے ناسر، اس پہ تو کوئی ابہام ہے ہی نہیں۔

جناب چیئرمین: شہادت اعوان صاحب Question Number 23 taken is reed. Any supplementary? یہ بھی اسی کو blend کر رہا ہے، یہ اسی پر timeختم ہو جائے گا، باقی Ministers واپس چلے جائیں گے۔ آپ نے کرنا ہے؟ سواتی صاحب کریں سوال۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: ابھی جو اہم مسئلہ ہے اس وقت Pakistan کے عوام کا۔

جناب چیئرمین: میں آپ کو بتاتا ہوں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: مہنگائی کا مسئلہ ہے، petroleumکا مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین: میں بتاتا ہوں۔ Minister was not present تو اب Minister آ گئے، وہ جواب دے رہے ہیں، اس لیے time بڑا ہو گیا ہے، otherwiseیہ سوالات ختم ہو جاتے۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: منسٹر صاحب نے خود ہی وہاں ارشاد فرمایا تھا طارق فضل چوہدری صاحب نے کہ جس طرح سے قومی اسمبلی میں دو دن وہاں پر discussion ہوئی ہے حالات کے اوپر، انہوں نے فرمایا تھا، اور ہم نے ہم نے کی تائید بھی کی تھی کہ ایسے ہی ہونا چاہیے۔ آپ نے فرمایا تھا کہ 20 منٹ میں یہ کچھ سوالات ہیں، ہو جائیں گے، اس کے بعد ہم یہ شروع کریں گے۔

جناب چیئرمین: مجھے inform کیا گیا تھا کہ Finance Minister کے questions defer کر دیے جائیں۔ مگر ہم نے سوچا کہ it is a collective responsibility آپ کی وجہ سے ہم نے Minister کو بلایا کہ آ کر جواب دیں، تو اس کی وجہ سے delay ہو گئے ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: آپ نے خود کہا کہ وہ defer ہو گئے ہیں، تو بس ختم۔

جناب چیئرمین: deferتو اس وقت ہوتے ہیں اگر Minister نہ آتا۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: ٹھیک ہے، اب ہم request کرتے ہیں کہ آپ اس کو suspend کریں اور جو اصل مسئلہ ہے Pakistanکے عوام کا، اس وقت مشکلات کا، petroleumکا، اس کو discuss کروائیں۔

جناب چیئرمین: جی لا منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میرا خیال ہے،10، 15 منٹ کا Business رہ گیا ہوگا اس کو ختم کر لیا جائے۔ ہم بیٹھے ہیں اسی کے لیے، یہی Houseکی sense تھی۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین سیدال خان کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: .Yes please

(Q. No.23)

سینیٹر شہادت اعوان: جی، جناب چیئرمین صاحب! میں نے یہ پوچھا تھا کہ حکومت یہ بتائے کہ جو ملک کے اندر جو گاڑیاں assemble ہو رہی ہیں، بن رہی ہیں، اس میں ہر سال آپ نے کتنی گاڑیاں export کی ہیں۔ تو انہوں نے یہ بتایا کہ 2022-23 میں 100 گاڑیاں، 2023-24 میں 107، 2027-24 دور میں 227 گاڑیاں جو ہیں، ہم نے export کی ہیں۔ تو میری صرف یہ گزارش یہ ہوگی کہ منسٹر صاحب یہ بتانا پسند کریں گے کہ یہ 227 کون سی گاڑیاں ہیں جو آپ نے ملک سے باہر export کی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! تعداد کے بارے میں سوال کیا گیا تھا، اور تعداد جو ہے، وہ جواب میں دے دی گئی ہے۔ اگر ان گاڑیوں کی مزید specification چاہیے، تو میری گزارش ہے، in personچاہیں گے تو میں list فراہم کر دوں گا Ministry سے، اور اگر پورے ایوان کے وساطت سے کرنا چاہیں گے، تو fresh question دینا پڑے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شہادت اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: منسٹر صاحب نے assurance دی ہے۔ ویسے پہلے تو جو انہوں نے کہا، ان کے پاس کبھی time نہیں ہوتا، امید ہے اس دفعہ وہ ایسا کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس سے متعلق سوال کرنا ہے؟ سینیٹر عابد شیر علی صاحب۔

سینیٹر عابد شیر علی: میرا آپ کے توسط سے Honorable Minister صاحب سے سوال ہے کہ یہ کیا وجوہات ہیں، جناب، دنیا میں گاڑیاں سستی ہوتی ہیں، اور Pakistan میں چند لوگوں کی جیبیں بھرنے کے لیے ان چیزوں کو مہنگا کر دیا جاتا ہے۔ دنیا جہان میں tax

pay کرنے کے باوجود بھی گاڑیاں سستی ہیں۔جناب چیئرمین ،اس کی ایک مثال یہ ہے کہ Toyota Corolla کی گاڑی جو 27 لاکھ روپے میں آتی تھی، اب یہ 80 لاکھ روپے تک پہنچ گئی ہے۔ تو یہ کون سا ایسا criteria ، کون سا ایسا یہاں مسئلہ بن جاتا ہے کہ چند لوگوں کو نوازنے کے لیے policy میں فرق رکھا جاتا ہے؟ نمبر دو، non custom paid گاڑیاں KP اور Balochistan میں allowed ہیں۔ یہ کون سا Pakistan ہے کہ چند صوبوں میں آپ اس کو allow کرتے ہیں، اور یہاں آپ heavy قسم کا tax لگاتے ہیں؟ ایک پاکستان میں federal government کے تین قوانین، یہ کیسے ممکن ہے؟ معزز منسٹر صاحب یہ بتانا چاہیں گے قوم کو کہ آپ نے کون سے ایسے اقدامات اٹھائے ہیں جن سے local car industries اور manufacturers اربوں جیبوں میں ڈال رہے ہیں، اور جو non custom paid گاڑیاں چل رہی ہیں، آپ کی زیر نگرانی، ان غیر قانونی چیزوں کو روکنے کے لیے آپ نے کون سے اقدامات کیے ہیں؟ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! دو سوال کیے ہیں Honorable Senator نے، اس کے دو حصے ہیں۔ پہلا حصہ یہ ہے کہ پاکستان میں گاڑیاں جو ہیں، مہنگی کیوں ہو رہی ہیں یا ہو چکی ہیں، اور دنیا کے بیشتر ممالک میں گاڑیاں جو ہیں، وہ سستی ہو رہی ہیں۔ جو ان کا سوال تھا، part A کا جز B ہے، یعنی Pakistan میں گاڑیاں مہنگی ہوئی ہیں، یہ بالکل ٹھیک ہے، لیکن اسی پہلے سوال کا جو جز A ہے کہ دنیا میں گاڑیاں سستی ہو رہی ہیں، اس سے میں معذرت کے ساتھ اتفاق نہیں کرتا۔ دنیا بھر میں گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافہ ضرور ہوا ہے، مہنگی ہوئی ہیں، اور خاص طور پر covid کے بعد دنیا بھر میں مہنگائی جو ہے، وہ ایک بہت بڑے جن کی شکل اختیار کر چکی ہے، جو لوگوں کے لیے مسائل پیدا کر رہی ہے، جس میں گاڑیوں کی قیمتیں بھی شامل ہیں۔ لیکن جناب، جس بات سے میں نے اتفاق کیا ہے وہ یہ ہے کہ پاکستان میں گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافہ غیر معمولی ہے، اس میں کوئی دو رائے نہیں۔ انہوں نے بالکل ٹھیک گاڑی کا نام لے کر Toyota Corolla کا حوالہ دیا، جبکہ باقی بھی جو گاڑیاں ہیں، مختلف companies کی، اور ان کے مختلف makes and models ، وہ سب مہنگے ہوئے ہیں۔ اس کی دو تین وجوہات ہیں، جو بڑی obvious اور واضح ہیں۔ ایک تو یہ کہ پاکستان میں جب ہماری آخری government ، میاں نواز شریف صاحب کی تھی، تو ہمیں یاد ہے کہ اس وقت dollar کی قیمت 100 روپے سے کم تھی، اور آج آپ دیکھیں تو dollar 282 سے 285 تک جا چکا ہے۔ یہ سب سے بنیادی وجہ ہے، کیونکہ گاڑیوں کے بہت سارے parts import کیے جاتے ہیں، حتیٰ کہ وہ گاڑیاں بھی جو

Pakistanمیں assemble ہو رہی ہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ یہاں پر taxes کی تعداد زیادہ ہے، کیونکہ ہمارے براہ راست taxesکا net بڑھانے کے باوجود، اور خاص طور پر موجودہ دورِ حکومت میں، پرائم منسٹر شہباز شریف صاحب کی direction پر، income tax departmentنے اپنے اہداف سے زیادہ collection کی ہے، لیکن اس کے باوجود tax net ابھی تک اتنا وسیع نہیں ہو سکا کہ تمام وہ لوگ جو tax net میں آتے ہیں، وہ tax ادا کریں۔اس کے نتیجے میں indirect taxes کی شکل میں بوجھ بڑھتا ہے، جس کا اثر گاڑیوں کی قیمتوں میں اضافے کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House Please.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: وہ اس مد میں ہوا ہے۔بہت سارے ایسے اقدامات ہیں جو کیے جاتے ہیں، مثال کے طور پر گاڑیوں کی جو importہے، اس پر government نے ایک policy رکھی ہوئی ہے کہ پانچ سال سے زیادہ پرانی گاڑی آپ import نہیں کر سکتے۔لہٰذا import کو check کرنے کا مقصد یہ ہے کہ یہاں پر جو ہماری گاڑیوں کی industry ہے، جو گاڑیاں manufacture کرتی ہے، انہیں flourish کیا جائے۔ (جاری۔۔۔۔ T06)

**T06-07April2026 Ali/Ed: Shakeel 04:20 pm**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (جاری ہے۔۔۔۔) یہاں پر ہماری گاڑیوں کی وہindustryجو گاڑیاںmanufactureکرتی ہیں، انہیںflourishکیا جائے، انہیںfacilitiesدی جائیں اورproductionبھی زیادہ ہو اور زیادہ گاڑیاں made in Pakistan ہوں اور پاکستان کے اندر استعمال ہوں اور ان کے لیے جوfacilitationہے وہ بھی کی جا رہی ہے اور ان کی قیمت کو بھی کم کرنا یہ ہمارےtargetمیں ہے۔ لیکن میں نے آپ کو بتادیا کہ کس وجہ سے قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔

دوسرا جو ان کا سوالplus commentہے کہ پاکستان کے دو صوبے KPاور بلوچستان میںnon-customگاڑیوں کی اجازت ہے، میں اس سے بالکل اتفاق نہیں کرتا۔آپ کا اپنا تعلق بلوچستان سے ہے، آپ بھی اس بات کوcertifyکریں گے کہ بلوچستان میںnon-customگاڑیوں کی اجازت نہیں ہے۔ جس بندے نے بھیnon-custom گاڑی پاکستان کے کسی بھی حصے میں رکھی ہوئی ہے، جناب! میرا جواب مکمل ہونے والا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: عابد شیر علی صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: پاکستان کے مختلف حصوں میں، چاروں صوبوں کی بات کریں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت، لیکن وہاں پر ان کے خلاف action ہوتا ہے۔ جہاں پر کوئی point out ہوتا ہے، ہمارا جو custom intelligence کا department ہے، وہ بڑی ہی کمال، آپ یہ کہیں کہ efficiency کے ساتھ انہیں target کرتے ہیں، ان گاڑیوں کو باقاعدہ پکڑا جاتا ہے اور انہیں ضبط کیا جاتا ہے۔ تو لہٰذا یہ statement جو ہے، ٹھیک نہیں ہے۔ KP اور بلوچستان سمیت کسی جگہ بھی non-custom گاڑیوں کے رکھنے کی official اجازت نہیں ہے۔ جس نے بھی رکھی ہوئی ہیں ان دو صوبوں میں اور باقی صوبوں میں، وہ illegal ہیں اور انہیں custom ضبط کرتا ہے۔ شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر جان محمد صاحب۔ Please ان کا Mic on کریں۔

سینیٹر جان محمد: سوال نمبر ایک میرا تھا، آپ نے Question No.56 سے شروع کیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Question No.23 ابھی تک چل رہے ہیں۔ آپ نے کوئی سوال کرنا ہے تو ضرور کر لیجیے۔

سینیٹر جان محمد: اس میں میرا سوال نمبر ایک ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے بعد وہ آئے گا۔ سینیٹر طلحہ محمود صاحب، جی. please

سینیٹر محمد طلحہ محمود: میں، اس میں بڑا specific اور short سا سوال کروں گا اور short سا ہی جواب دے دیں۔ ایک ارب اکتالیس کروڑ ننانوے لاکھ سڑسٹھ ہزار ایک سو سترہ روپے کی export کی ہے اور اس میں tax کتنا واپس کیا ہے؟ جب export کرتے ہیں تو وہ رقم پھر آپ اس کو واپس بھی کرتے ہیں، kindly وہ بتا دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب! یہ figure میں tax department سے لے کر ان شاءاللہ تعالیٰ honourable Senator کو دے دوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر شہادت اعوان صاحب، سوال نمبر 20۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب! یہ بڑی خوش آئند بات ہے، وزیر صاحب سنیے گا، میں نے سوال کیا تھا 27th August 2025 کو کہ COMSATS University کا rector آپ نے 2023 سے کیوں نہیں لگایا؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ موخر شدہ سوال ہے۔

سینیٹر شہادت اعوان: لیکن جناب چیئرمین صاحب، بڑی خوش آئند بات ہے کہ 21st October 2025 کو انہوں نے rector appoint کر دیا۔ اس سوال کے کرنے کا یہ فائدہ ہوا کہ یہ اذان دینے کی وجہ سے government نے کم از کم rector appoint کیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ مطمئن ہیں؟

سینیٹر شہادت اعوان: میں مطمئن ہوں۔ Next سوال جو ہے وہ بڑا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Next کی اجازت میں نے آپ کو دینی ہے۔ ماشاء اللہ میں اتنی دیر کے بعد آیا ہوں، تو آپ کو خوش بھی ہونا چاہیے۔ جی سینیٹر شہادت اعوان صاحب، اگلا سوال۔

سینیٹر شہادت اعوان: سوال نمبر 28۔ جناب چیئرمین! یہ ہوا تھا کہ 2020 29th June کو Pakistan Stock Exchange Karachi میں دہشت گردوں نے حملہ کیا تھا، جس کی وجہ سے .Sub-Inspector Sindh Police

جناب ڈپٹی چیئرمین: شہادت اعوان Finance Minister اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: تو میرے سارے question defer کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ آ رہے ہیں، اگر آپ تھوڑا سا۔

سینیٹر شہادت اعوان: بات یہ ہے کہ اس کے بعد آپ نے petroleum کے اوپر بات کرنی ہے، تو میری گزارش ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کی مرضی ہے، آپ دوسرے وزیر صاحب سے سوال کر لیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: کر لیتا ہوں، Law Minister Sahib جو کہتے ہیں میں ہمیشہ وہی کام کرتا ہوں ۔ جناب! sub-inspector Muhammad Shahid اس حملے میں شہید ہو گئے اور حکومت یہ کہتی ہے کہ ہم نے بیس لاکھ روپے صرف اس شہید کو دیے؛ تو میری گزارش یہ ہے کہ government کی جو policy ہے، میں وزیر صاحب کو صرف یہ یاد کرواں گا کہ بھائی آپ کی policy تو یہ ہے کہ اگر کوئی آدمی دوران duty شہید ہو جائے گا تو اس کو آپ 10 million rupees سے لے کر 18 million rupees دیتے ہیں۔ اس sub-inspector جس نے ملک اور قوم کے لیے دہشت گردوں سے لڑ کر جان دے دی، صرف بیس لاکھ روپے دیے گے۔ جبکہ شہید ہونے والے کو 19 million سے لے کر 42 million تک housing کے لیے پیسے دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ، جب تک اس کی

pensionکا وقت پورا نہیں ہوتا، اس کی family کو salary دیتے ہیں، بچوں کو تعلیم دیتے ہیں، شادی کے لیے 01 million دیتے ہیں۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ وزیر صاحب صرف یہ بتا دیں، وزیر صاحب یہ commitment کر لیں، یہ بتا دیں کہ اس شہید کے ساتھ بھی، جو ہے، وہی سلوک کیا جائے گا اور اس کو یہی facilitiesاور amount کب تک دی جائے گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: طارق فضل چوہدری صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: Honourable Senator کی مکمل تسلی کے لیے اس سوال کا جواب دو وزیر صاحب دیں گے، میں تو چھوٹی سی گزارش کروں گا اور Law Minister اس کے بعد اس پر تفصیلی گفتگو کریں گے۔ میں نے صرف ایک جملہ عرض کرنا ہے، جو ہماری Senate Secretariat ہے، وہ بھی سارے تشریف فرما ہیں کہ آج صرف ایک سینیٹر جو ہیں ان کے ابھی میرے خیال میں دسواں سوال ہو چکا ہے، تو یہ باقی جو سینیٹرز فارغ بیٹھے ہیں، ان کا بھی ایک ایک سوال لے لیا کریں، تاکہ باقی لوگوں کی بھی participation ہو اس اجلاس کی کارروائی میں۔ وہ سارے مجھے اشارے کر رہے ہیں کہ صرف ایک سینیٹر کے سوال secretariat نے لگائے ہیں، تو باقی ہم بھی یہاں پر آئے ہیں، ہم یہاں بیٹھنے تو نہیں آئے، مجھے کچھ chits موصول ہوئیں ہیں۔ اس لیے میں نے کہا کہ یہ observationدے دوں، باقی سینیٹرز کے behalfپر میں نے یہ گزارش کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ڈاکٹر صاحب، جو office کی طرف سے ترتیب بنائی گئی ہے ہم نے اس کے تحت چلنا ہے۔ Law Minister اس کے بارے میں، please.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون وانصاف): طارق فضل صاحب بہت بڑی بڑی وزارتیں کرکے آئے ہیں، تو ظاہر ہے کہ آپ کو Parliamentary Affairs میں تھوڑا time لگے گا، یہ اور طرح کی وزارت ہے۔ شہادت صاحب ان محنت کرنے والے لوگوں میں سے، محنت کش سینیٹر ہیں، جو کہ واقعی محنت کرکے سوال جمع کرواتے رہتے ہیں، تو میں باقی دوستوں سے بھی کہوں گا کہ وہ بھی جمع کروایا کریں، سوال جمع کروائیں گے تو آپ کو باری ملے گی نا۔ اگر میری طرح کبھی سوال جمع ہی نہیں کروانا تو پھر نہیں۔ میں ایک تصحیح کرتا چلوں، شہداء packageلاگو ہے، رانا ثناءاللہ صاحب نے پنجاب میں دس سال Law And Order Committee کو بھی چلایا اور وہاں کے وزیر داخلہ بھی رہے ہیں۔ جو Law And Order ہے وہ provincial subject ہے، جو کراچی میں یا لاہور میں یا پشاور میں اگر کسی پولیس اہلکار کی شہادت ہوتی ہے، تو جو شہداء package ہے، وہ صوبائی حکومت نے دینا ہوتا ہے۔ یہ in addition to thatجب اسلام

آباد سے باہر کوئی ایسا حادثہ ہوتا ہے تو وفاقی حکومت اس کو top-up کرکے، جو package صوبائی حکومت کا ہے under the rules، اس کے علاوہ discretionary powers میں سے کچھ نہ کچھ ضرور اپنا حصہ ڈالتی ہیں۔ تو یہ اس لیے بیس لاکھ گیا، جو in the line of duty, Federal Police سے یعنی کہ ICT Police سے یا FC سے، جو ہماری Law Enforcement Agencies ہیں، جب وہاں پر شہادت ہوتی ہے in the line of duty تو اس کا package جو notified ہے، وہی جاتا ہے۔ تو یہ میں ایک وضاحت صرف عرض کردوں، بہت شکریہ۔

میری یہ استدعا ہوگی کہ Leader of Opposition نے بھی پہلے point out کیا ہے، جو ہماری آج Business Advisory Committee ہے اس میں یہ بات طے ہوئی تھی کہ کیونکہ finance کے major سوالات ہیں اور وہ اس کی deferment کی درخواست ہے اور اسے ہم postpone کررہے ہیں اگلے کے لیے، تو ایک set of questions کرنے کے لیے، تاکہ بالکل ہی نہ رہے، ان کو پھر جتنا Business ہو چکا ہے، اس کو suspend کرکے یہ جو report laying ہے وہ دس منٹ میں کرلی جائے، تاکہ اس کے بعد پھر Leader of Opposition.

جناب ڈپٹی چیئرمین: پانچ، دس منٹ کا اور اس کے بعد وہ petroleum پر بات کریں گے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Petroleum پر Leader of Opposition شروع کریں، آج کچھ بات ہو جائے گی، کچھ کل کرکے، وزیر پٹرولیم، وزیر خزانہ اسے conclude کریں گے۔

سینیٹر شہادت اعوان: Sub-inspector sahib, Pakistan Stock Exchange, Federal Government کے ادارے پر duty کررہے تھے۔ بالکل، Provincial Government نے تو کیا لیکن میرا کہنا یہ ہے کہ آپ Federal Government میں اس کے لیے کچھ کوشش کریں گے یا نہیں کریں گے، یہ کہنا تھا۔ صوبے نے تو بیس لاکھ، اگر آپ undertake کرلیں تو ان کی حوصلہ افزائی ہو جائے گی، میرا تو یہ کہنا ہے۔ یہ کہہ رہے ہیں کہ Chamber of Commerce سے بات کرتے ہیں، میں مطمئن ہو جاؤں گا۔ Mr. Chairman, Next question.

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: نو سوال باقی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایوان کی اجازت ہو تو Finance Minister موجود نہیں ہیں، سارے ممبران اعتراض بھی کر رہے ہیں، اس کو defer کرتے ہیں، اس کے بعد چھٹی کی درخواستیں لیتے ہیں، پانچ دس منٹ کا Business ہے، اس کے بعد petroleum پر بات کرتے ہیں جو عوامی issues ہیں۔۔

(جاری ہے۔۔۔۔۔T07)

T07–07Apr2026 Imran/ED: Irum 04:30 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری۔۔۔۔۔) اس کے بعد petroleum پر بات کرتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: لگیں گے، ان شاء اللہ۔ آپ کو اپنے وزن کا پتا ہے۔ آپ کا سوال کسی time بھی آ سکتا ہے۔ جی شکریہ۔ دیکھیں، آپ کی اس بات پر فاروق حامد نائیک صاحب بھی اچھے طریقے سے مسکرائے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: Problem یہ ہے کہ اُن کے سارے questions شروع میں لگ رہے ہیں۔ باقی سب لوگوں کے آخر میں لگ رہے ہیں۔ اگر اس کو mix کرکے کریں تو کوئی problem نہیں ہو گی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وفاقی وزیر برائے قانون): نہیں جناب، اس میں بھی discretion نہیں ہوتی۔ یہ rota کے مطابق اور departments کے مطابق چل رہا ہوتا ہے تو اس میں دفتر کا کوئی عمل نہیں ہوتا۔ میں نے ایک دفعہ دفتر کے ساتھ بیٹھ کر یہ ساری چیز سمجھی تھی تو اس لیے عرض کر رہا ہوں۔ یہ سارا ایک mechanized نظام ہے جس میں زیادہ عمل دخل machine کا ہے۔ یہ سارا digitized ہے اور اب اس میں human interaction تھوڑا ہے۔ یہ خود دیکھتے بھی ہیں اور کرتے بھی ہیں لیکن میرے خیال میں ہمیں ان کی محنت پر اس طرح سے اعتراض نہیں کرنا چاہیے۔ میں پھر عرض کروں گا کہ آپ لوگ جتنی دل جمعی سے حصہ لیں گے اور مختلف لوگ جتنے زیادہ سوالات جمع کروائیں گے تو یہ گلدستہ اُتنا ہی زیادہ رنگین لگے گا اور شہادت صاحب سے بوجھ اُترے گا۔ وہ آپ کے حصے کا بھی کام کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ جو عزت مآب سینیٹر ڈاکٹر ہمایوں مہمند صاحب نے بات کی ہے تو اُس حوالے سے میری اپنے آفس کو سختی سے ہدایت ہے کہ آئندہ ان چیزوں کو Law Minister کے ساتھ بیٹھ کر دیکھا جائے تاکہ جو ان کی دِل آزاری ہوئی ہے وہ نہ ہو۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ سوالات تو defer ہو گئے ہیں۔ جی defer ہو گئے ہیں۔ ابھی میں ۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی defer ہونے کے اعلان کے بعد اُسی petroleum پر بڑے عوامی issues پر۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آ جائے گا۔ ابھی ایک Ruling آ گئی ہے۔ جی جان صاحب۔

سینیٹر جان محمد: آپ نے سوال نمبر 56 سے شروع کیا۔ سوال نمبر 1 میرا ہے، سوال نمبر 2 میرا ہے، سوال نمبر 3 میرا ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ سوال نمبر ایک، دو اور تین آخر میں ہے اور سوال نمبر 56 پہلے ہے۔ ایسا کیسے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: ویسے میں آپ کو اندر کی بات بتاؤں کہ، منسٹر صاحب! ایک منٹ۔ .Order in the House میں جب بیٹھا تو میں نے سوال نمبر 23 لیا اور میں نے سوال نمبر 56 نہیں لیا۔

سینیٹر جان محمد: جناب، آپ چیئرمین ہیں۔ آپ ذمہ دار ہیں کہ سوالوں کا ایک sequence کیوں نہیں تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں آپ کے پاس جو booklet ہے وہ پرانی ہے۔ آپ پیچھے check کریں۔ وہ پیچھے کھڑے ہیں۔ میں ابھی۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جو بات ہم طے کرکے آتے ہیں، ,we are all honourable people وہ تو کر لیا کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ,Order No.02 پہلے ہم چھٹیوں کی درخواست لے لیتے ہیں، اُس کے بعد ہم آگے business کی طرف جائیں گے۔

## Leave of Absence

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر گزشتہ 359 ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۲۳ فروری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر خلیل طاہر صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر گزشتہ 359 ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۲ اور ۳ مارچ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ارباب عمر فاروق صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 359 ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۲ اور ۲۷ فروری اور ۲ اور ۳ مارچ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سید وقار مہدی صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 359 ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۲ مارچ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر نسیمہ احسان صاحبہ نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 359 ویں مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سرمد علی صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 359 ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۵ مارچ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مولانا عبدالواسع صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 359 ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۲اور ۳مارچ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر قراۃ العین مری صاحبہ نے بعض نجی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 359 ویں اجلاس کے دوران مورخہ ۲۷ فروری کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر اسد قاسم صاحب نے بعض نجی مصروفیات کی بناپر حالیہ اجلاس کے دوران ۷، ۹اور ۱۰اپریل کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔ Order No.03 سینیٹر شہادت اعوان صاحب، Order No.03 پیش کریں۔

**Presentation of report of Standing Committee on Railways on the subject matter of Starred Question regarding steps taken by the Government to control corruption in the Railways**

Senator Shahadat Awan: I, Chairman, Standing Committee on Railways, present report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 1, asked by Senator Shahadat Awan, on 22nd May, 2024, regarding steps taken by the Government to control corruption in the Railways.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کردی گئی ہے۔ Order No.4 سینیٹر شہادت اعوان صاحب Order No.04 پیش کریں۔

**Presentation of report of Standing Committee on Railways on the subject matter of Starred Question regarding suffering of loss of Rs. 55 billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023**

Senator Shahadat Awan: I, Chairman, Standing Committee on Railways, present report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 2,

asked by Senator Shahadat Awan, on 22nd May, 2024, regarding suffering of loss of Rs. 55 billion by Pakistan Railways in the Financial Year 2023.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ Order No.5. سینیٹر شہادت اعوان صاحب Order No.05 پیش کریں۔

**Presentation of report of Standing Committee on Railways on the subject matter of Starred Question regarding the details of train accidents took place in the country during the last five years**

Senator Shahadat Awan: I, Chairman, Standing Committee on Railways, present report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 3, asked by Senator Shahadat Awan, on 22nd May, 2024, regarding the details of train accidents took place in the country during the last five years.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ Order No.6. سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب موجود نہیں ہیں۔ سینیٹر منظور احمد Order No.06 پیش کریں۔

**Presentation of report of Standing Committee on Finance and Revenue on [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Manzoor Ahmed: I, on behalf of Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the Committee on a Bill further to amend the Securities and Exchange Commission of Pakistan Act, 1997 [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Anusha Rahman Ahmad Khan on 1st December, 2025.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ Order No.7. سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب موجود نہیں ہیں۔ سینیٹر منظور احمد Order No.07 پیش کریں۔

**Presentation of report of Standing Committee on Finance and Revenue on [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2026]**

Senator Manzoor Ahmed: I, on behalf of Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the

Committee on a Bill further to amend the Securities and Exchange Commission of Pakistan Act, 1997 [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2026], introduced by Senator Anusha Rahman Ahmad Khan on 10th February, 2026.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ .Order No.8 سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب موجود نہیں ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر Order No.08 پیش کریں۔

**Presentation of report of Standing Committee on Finance and Revenue on an Adjournment Motion moved by Senator Hidayatullah Khan in the sitting of the Senate held on 13th February, 2026**

Senator Mohammad Abdul Qadir: I, on behalf of Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the Committee on an Adjournment Motion moved by Senator Hidayatullah Khan in the sitting of the Senate held on 13th February, 2026, regarding discussion on the financial crisis being faced by the Industrial Units of merged districts due to withdrawal of subsidies granted under Sales Tax Act in 2019, continuous increase in energy rates and instability in Government policies.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ .Order No.9 یہ بھی سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب کا ہے۔

(جاری۔۔۔۔T08)

T08-07April2026 Abdul Ghafoor/ED: Waqas 4.40 PM

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری۔۔۔) رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ آرڈر نمبر 9 یہ بھی معزز سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب کا ہے۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب آرڈر نمبر 9 پیش کریں۔

**Presentation of Report of the Standing Committee on Finance and Revenue under Rule 195 regarding the issue pertaining to text messages being sent to filers by FBR containing bank balance and transacted amount causing breach of financial privacy and date protection**

Senator Mohammad Abdul Qadir: I, on behalf of Senator Saleem Mandiwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present the report of the Committee on a Calling Attention Notice moved by Senator Asad Qasim in the sitting of the Senate held on 5th December, 2025, regarding the issue pertaining to text messages being sent to filers by FBR containing bank balance and transacted amount causing breach of financial privacy and date protection.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ آرڈر نمبر 10 معزز سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب کا ہے سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب آرڈر نمبر10 پیش کریں۔

**Presentation of Report of the Standing Committee on Finance and Revenue under Rule 195 regarding the the plan, if any to cut down civilian expenditure of Federal Government which is around hefty Rs.7 trillion as last year the Federal Budget expenditure was brought down from Rs.18.8 trillion to Rs.17.5 trillion**

Senator Mohammad Abdul Qadir: I, on behalf of Senator Saleem Mandiwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present the report of the Committee on the subject matter of Starred Question No.99, asked by Senator Zamir Hussain Ghumro, on 13th February, 2026, regarding the plan, if any to cut down civilian expenditure of Federal Government which is around hefty Rs.7 trillion as last year the Federal Budget expenditure was brought down from Rs.18.8 trillion to Rs.17.5 trillion.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ آرڈر نمبر 11 ڈاکٹر خالد قبول صدیقی صاحب موجود نہیں ہیں۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب آرڈر نمبر11 پیش کریں۔

**Introduction of The Quaid-i-Azam University (Amendment) Bill, 2026**

Dr. Tariq Fazal Chaudhary (Minister for Parliamentary Affairs): I on behalf of Minister for Federal Education and Professional Training, hereby want to introduce a Bill further to amend the Quaid-i-Azam University Act, 1973 [The Quaid-i-Azam University (Amendment) Bill, 2026].

جناب ڈپٹی چیئرمین: بل پیش کردہ صورت میں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے۔ آرڈر نمبر 12 بھی ڈاکٹر خالد قبول صدیقی کی طرف سے ہے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب آرڈر نمبر 12 پیش کریں۔

**Introduction of The Higher Education Commission (Amendment) Bill, 2026**

Dr. Tariq Fazal Chaudhary (Minister for Parliamentary Affairs): I on behalf of Minister for Federal Education and Professional Training, hereby want to introduce a Bill further to amend the [The Higher Education Commission (Amendment) Bill, 2026].

جناب ڈپٹی چیئرمین: بل پیش کردہ صورت میں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے۔ آرڈر نمبر 13 سینیٹر سید محسن رضا نقوی صاحب کی طرف سے ہے۔ سینیٹر محمد طلال بدر صاحب آپ سینیٹر سید محسن رضا نقوی صاحب کے behalf پر آرڈر نمبر 13 پیش کریں۔

**Laying of Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Ordinance, 2026 (Ordinance No.II of 2026)**

Senator Muhammad Tallal Badar: Thank you, sir. I on behalf of the Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control, rise to lay before the Senate the Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Ordinance, 2026 (Ordinance No.II of 2026), as required by Clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ آرڈر پیش کر دیا گیا ہے۔ ایوان کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ یہ Ordinance مورخہ 12 مارچ 2026 کو قومی اسمبلی میں پیش کیا جا چکا ہے۔ اس وقت مذکورہ Ordinance سینیٹ کی اطلاع کے لیے پیش کیا گیا ہے۔

**(مداخلت)**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں، کمیٹی کو بھیجنا ہے یا۔۔ لے لیں جواب ایک منٹ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔

## Calling Attention Notice raised by Senator Shahadat Awan towards the establishment of tent settlements alongside the drains/Nullahs in Sector G-10/2 by unknown individuals

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! میرا سوال یہ تھا کہ سیکٹر G-10/2 کے علاقے میں جو نالہ ہے، اس کے آس پاس بہت سی جھگیاں لگی ہوئی ہیں، موجودہ حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ اسلام آباد کی lease properties کے کوائف کو اکٹھا کیا جارہا ہے کہ بے ہنگم قسم کی غیر قانونی record نہ ہونے کے باوجود نالے کے برابر میں نا جائز طور پر جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ law and order کی situation create کررہے ہیں، اس کا record نہیں ہے جب کہ lease والوں کا record اکٹھا کر رہے ہیں۔ بری امام، سید پور، نہاڑی، بارہ کہوہ، چونترہ کے علاقوں کو خالی کرا دیا گیا ہے۔ میرا صرف یہ کہنا ہے کہ آس پاس رہنے والے رہائشیوں کے لیے بہت سنگین قسم کا مسئلہ ہے۔ اس کو کمیٹی بھیجا جائے تاکہ detailed scrutiny کرکے کارروائی بھی ویسی ہو جیسے باقی علاقوں میں کی گئی ہے۔ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں تو احسان ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر محمد طلال بدر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! اگر میں پہلے brief کر دوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک جواب دے دیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! سب سے پہلی گزارش یہ ہے کہ اس House سے بڑی Committee کوئی بھی نہیں ہے۔ اگر اس House کے سامنے دیا گیا جواب اراکین کو مطمئن کر سکتا ہے تو اسے Committee میں بھیجنے کی ضرورت نہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Rule میں بھی نہیں ہے۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! سینیٹر شہادت اعوان بڑے بھائی ہیں قانون سمجھتے ہیں بلکہ قانون بنانے میں۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہم اس لیے بات کر رہے ہیں کہ rules کی آپ اجازت دے دیں۔۔ ان کو کوئی سمجھ نہیں آ رہی۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! میں اسی طرف آ رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ rules کے مطابق اس کا جواب دے دیں۔

**Senator Muhammad Talal Badar**

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ ہماری committees ہیں خصوصاً Interior Committee اس میں اتنے Bills اور دوسری چیزیں pending ہیں کہ ختم ہی نہیں ہوئیں۔ میری گزارش ہے جو چیزیں یہاں ختم ہو سکتی ہیں اس پر مہربانی فرمائیں۔ جہاں تک encroachment کا تعلق ہے، کوئی شک نہیں اس کی drive چل رہی ہے۔ اس drive میں اس سے ہٹ کر کہ یہ جھگیاں ہیں یا F-6 کے مہنگے ترین علاقے کے رہنے والے ہیں ان کے وہاں پر guard rooms ہیں یا کوئی encroached ہے یا انہوں نے garden بنایا ہے۔ اسلام آباد میں اس حکومت نے اب تک تقریباً 422 ایکڑ مختلف علاقوں سے encroached land تھی جو خالی کروائی گئی ہے۔ اس میں خصوصاً GT Road, Saidpur, Expressway باقی ابھی شہادت اعوان صاحب نے نام لیے امام بری والا اس طرح کے بے شمار علاقے شامل ہیں۔ اس میں خصوصاً ہم نے صرف جھگیاں یا کچی آبادی کے لیے encroachment drive شروع نہیں کی بلکہ سب سے پہلے F-6, guard rooms سے شروع کیا ہے اور سب کے لیے ایک جیسی drive ہے۔ اس میں drive چل رہی ہے۔ میں نشان دہی کرنے پر معزز رکن کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ لیکن خیمے رمضان کے آخری عشرے میں نالے کے اوپر لگے ہیں۔ رمضان کے تقدس کی وجہ سے ہم نے encroachment drive کو قدرے slow کیا تھا کیونکہ process ہے ہم کوشش کرتے ہیں کہ کسی آدمی کو displace کرنے سے پہلے اس کو پورا موقعہ دیا جائے اور ساتھ ان کو انتباہ کیا جائے۔

جناب والا! اس اجلاس کے ہوتے ہوئے ہی یہ خیمہ بستی بالکل وہاں سے ختم ہو گی۔ اس کے علاوہ encroachment drive رمضان کے بعد دوبارہ شروع ہو چکی ہے اور ان شاءاللہ اسی ہفتے ختم ہو جائے گی۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب اگر آپ rule relax کر سکتے ہیں۔ ایوان کر سکتا ہے کیونکہ۔۔

**(مداخلت)**

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ rules کی بات کریں۔ طلال چوہدری صاحب ماشاءاللہ انتہائی ذمہ دار ہیں۔ ہم اس کو جلدی ختم کرکے public issues کی طرف آنا چاہتے ہیں۔ چلیں سینیٹر طاہر خلیل صاحب۔

**Senator Khalil Tahir**

سینیٹر طاہر خلیل: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔

لوگ ٹوٹ جاتے ہیں فقط ایک گھر بنانے میں
اور تم ذرا ترس نہیں کھاتے بستیاں جلانے میں

جنابِ چیئرمین ! ایک سیکنڈ مجھے بات کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: خلیل صاحب ایک منٹ۔ میں بھی آپ کو بتارہا ہوں کہ جلدی جلدی بات کر لیں کیونکہ اس کے بعد public issue ہےpetrol پر بات کرنی ہے۔

سینیٹر طاہر خلیل: جناب چیئرمین ! یہ بھی بہت بڑاpublic issue ہے، مجھے بات کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جی کر لیں۔

سینیٹر طاہر خلیل: جناب چیئرمین ! رمشاکالونی میں سید یوسف رضا گیلانی صاحب جب وزیر اعظم تھے وہاں پر انہوں نے حقوق دیے۔18 سال سے 15۔20ہزار لوگ رہتے ہیں۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب کے حلقے میں آتا ہے۔ (جاری۔۔۔ T-09)

T09-07April2026 Tariq/Ed: Shakeel. 04:50 pm

سینیٹر خلیل طاہر: جناب چیئرمین ! یہ بھی بہت بڑاpublic issue ہے، مجھے بات تو کر لینے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جی کر لیں۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب یوسف رضا گیلانی صاحب جب وزیراعظم تھے، انہوں نے رمشاء کالونی کے لوگوں کو حقوق دیے، اٹھارہ سالوں سے پندرہ سے بیس ہزار لوگ وہاں بیٹھے ہوئے ہیں، یہ طارق فضل چوہدری صاحب کاعلاقہ ہے، لوگوں نے وہاں پر گھر بنائے ہوئے ہیں، طارق فضل چوہدری صاحب کا حلقہ ہے، انہی کو انہوں نے سب سے زیادہ ووٹ دیے ہیں۔ جناب میں کل وہاں پر گیا تھا، CDA کی ایک خاتون آفیسر جو کہ اب تبدیل ہو گئی ہیں انہوں نے دس منٹ پہلے اعلان کیا اور کہا کہ دس منٹ کے بعد ہم ان گھروں کا گرادیں گے اور کرین پھیر دیں گے۔ جناب وہ بچے اور لوگ کہاں جائیں گے، وہ مر جائیں گے، وہاں پر جو کچھ ہو رہا ہے۔آئین کا آرٹیکل 36 کیا کہتا ہے، وہ کہتا ہے کہ "The state shall safeguard the legitimate rights and interest of minorities. This includes ensuring their due representation in Federal and Provincial services".

جناب چیئرمین ! محترمہ شہید بے نظیر بھٹو کے دور میں سات کچی آبادیوں کو مالکانہ حقوق دیے گئے تھے تو میری محترم طلال چوہدری صاحب اورCDA سے مودبانہ التماس ہے کہ خدا کے لیے یا تو انہیںalternative دیں۔ میں آپ کوalternative دے دیتا ہوں۔ایک F-6 کاcase ہے، وہ ان لوگوں نے جیتا ہوں ہے، سپریم کورٹ سے دو مرتبہ review خارج ہو چکا ہے، وہاں پر پلاٹ پڑے ہوئے ہیں، پھر انہیں F-6 میں پلاٹ دے دیں، انہیں چکری میں جا کر چکر دے رہے ہیں کہ آپ وہاں پر گھر لے لیں۔ جناب ایسا نہیں ہو سکتا ہے۔ میں جناب طارق فضل چوہدری صاحب سے بھی گزارش کرتا ہوں خدا کے لیے ایسا نہ کریں، نہیں تو آپ کو پتا ہی ہے کہ جے سالک صاحب جس طرح سے سر

میں راکھ ڈال کر احتجاج کرتے ہیں، یہ international issue بنے گا۔ یہ بہت بڑی بات ہے، میری ان سے humble submission ہے کہ یا توانہیں alternative جگہ دیں نہیں تو وہ کہاں جائیں گے۔ شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی طلال صاحب۔

**Senator Muhammad Tallal Badar, Minister of State for Interior**

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب میں گزارش کر دوں کہ ہماری جس بچی کے نام پر یہ کالونی ہے وہ اس وقت کینڈا میں ہے اور گزارش ہے کہ یہ سارے illegal land کو occupy کیے ہوئے ہیں۔ ان کو بہت ساری حکومتوں نے نوٹس بھیجے، یہ ایک پورا نیا avenue بن رہا ہے۔ آدھے سے زیادہ avenue from Rawalpindi side بن چکا ہے۔ اگلا avenue اس لیے نہیں بن پا رہا کہ اس میں illegal آبادی ہے۔ جناب اس سے ہٹ کر encroachment drive ہوتی ہے کہ وہاں پر کس مذہب یا caste کا آدمی وہاں بیٹھا ہے۔ اس بات میں ہم نے کبھی کوئی تفریق نہیں رکھی۔ جناب آپ کے پیچھے مسلم کالونی جا کہ بری امام کے ساتھ تھی، جناب کیا وہاں encroachment drive کسی مذہب یا فرقے کے خلاف ہوئی؟ ایسی بات نہیں ہے جناب۔

جناب دوسرا اسلام آباد کے شہر میں بھی اگر ہم نے کچی آبادیوں کو promote کرنا ہے۔ یہاں ہو کیا رہا ہے جناب۔ یہ کسی غریب لوگوں کی رہائش کی جگہ نہیں ہے۔ میں آپ کو ساتھ لے کر چلتا ہوں، جو کچی آبادیاں F-6 and F-7 میں ہیں ان میں آدھے سے زیادہ گھر rented ہیں اور rent کون لے رہا ہے جس نے قبضہ کیا تھا۔ گھر آگے بکتا ہے اور آگے سے آگے property بکتی ہے۔ رمشاء کالونی میں جو encroachment فوری طور پر خالی کی گئی اس بابت میں سینیٹر صاحب کو بتانا چاہ رہا ہوں کہ اس میں کوئی رہائش پذیر نہیں تھا، وہاں کمرشل دکانیں اور ہوٹل بنائے گئے تھے۔ میں کسی غریب آدمی یا قلی کی بات نہیں کر رہا ہوں، کمرشل بنائے گئے تھے، فی الحال ان کو خالی کیا گیا تھا۔

جناب ایک survey conduct کیا گیا ہے کہ کون لوگ اٹھارہ سال سے encroached ہیں اور وہ غریب آدمی ہے اور یہاں بیٹھا ہے اور کتنے لوگوں نے وہاں گھر بنا کر کسی اور کو کرایہ پر دیا ہے۔ جناب اگر آپ کے سامنے پیش کیے جائیں تو وہ دیکھنے والے facts ہیں۔ گزارش یہ ہے کہ میں سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب سے گزارش کروں گا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ان کے ساتھ ایک اور بڑی اہم شخصیت بیٹھی ہوئی ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ڈاکٹر زرقا صاحبہ، میں آپ کو بھی time دوں گا۔ Order in the House.

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب ان کے ساتھ میں CDA اور انتظامیہ کو coordinate کرواتا ہوں، کسی سے کوئی زیادتی نہیں ہو گی۔ لیکن جناب sorry to say, اسلام آباد میں کوئی encroachment نہیں ہو گی چاہے F-6 کا جتنا مرضی تگڑا آدمی ہو یا کوئی کچی آبادی کا ہو، اس کے لیے ایسا کچھ نہیں ہو گا۔ متبادل کے لیے انہیں جگہیں دی گئیں۔ پیچھے مسلم کالونی ہے، انہیں پلاٹس دیے انہوں نے ان پر گھر بنا کر بیچے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرا اپنا خیال یہ ہے کہ جن کے یہ سوالات ہیں ان سب کو ایک visit کروادیں جو بھی کمرشل جگہیں ہیں ان کا visit کروادیں۔ جی ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ ایک معزز سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب نے میرا نام بھی لیا، میں اس کے لیے کھڑا نہیں ہوا، میں آپ کی اجازت سے اس لیے کھڑا ہوا ہوں کہ میں CDA کا انچارج وزیر رہا ہوں جب ہمارا سابقہ دور حکومت تھا جب جناب نواز شریف صاحب وزیراعظم تھے۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں جب 2008 میں پہلی مرتبہ منتخب ہوا تو یہ مسلسل میرا حلقہ چلتا آ رہا ہے۔ اس حوالے سے یہاں گفتگو کرنا نہایت ضروری ہے اور چند ایسے حقائق ہیں جو ایوان کے سامنے رکھنے ضروری ہیں۔

جناب جس طریقے سے CDA کی یہ کارروائی ہو رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ لوگوں کے ساتھ بالکل زیادتی ہو رہی ہے۔ اس ایوان میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کے لیے جو آواز اٹھائی گئی ہے ہم سب اس کے حق میں ہیں لیکن جناب there must be some criteria اور criteria کیا ہے، ابھی ہمارے Minister of State for Interior نے مسلم کالونی کی دو مرتبہ بات کی کہ انہیں متبادل پلاٹس دیے گئے، انہوں نے ان کو فروخت کیا یا کرائے پر دے کر پھر واپس آ گئے۔ اب جناب یہاں پر دو سوالات اٹھتے ہیں اور انہی دونوں سوالوں میں اس بات کا حل ہے کہ ناجائز تجاوزات کو اسلام آباد میں کیسے ختم کیا جا سکتا ہے۔ پہلا سوال یہ ہے کہ مسلم کالونی کو وہ متبادل پلاٹس کیوں دیے گئے، اس وقت بھی وہ کچی آبادی تھی، اس وقت بھی وہ زمین CDA کی تھی لیکن جس وقت اس کچی آبادی کو shift کرنے یا ہٹانے کے لیے پلاٹ دیے گئے تو ان کی وہاں پر موجودگی کو ایک base بنا کر کہ یہاں پر ان کے کچے مکانات بنے ہیں لہٰذا اسے آپ companionate ground کہیں یا آپ اسے جو بھی کہیں لیکن ریاست کی طرف سے ایک ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں متبادل پلاٹس دیے گئے اور اس آبادی کا نام فراش ٹاؤن ہے جہاں پر مسلم کالونی کو shift کیا گیا۔

اب جناب اس کا دوسرا حصہ یہ ہے کہ اگر اس وقت ان کی وہاں موجودگی کی وجہ سے انہیں پلاٹس دیے گئے تو آج جن کچی آبادیوں کی بات ہو رہی ہے وہ چاہے F-6, G-7, G-8 کی کچی آبادی ہو، وہ رمشاء کالونی ہو یا کوئی بھی کچی آبادی ہو، انہیں shift کرنے کے لیے کیا آج state وہ role ادا نہیں کر سکتی ہے۔ کیا آج ہم انہیں کوئی alternate plots نہیں دے سکتے ہیں۔ جناب بالکل دینے چاہییں، یکمشت ان لوگوں کو جو چالیس، پچاس یا ساٹھ سالوں سے جن آبادیوں کی بات ہو رہی ہے تو یہ لوگ وہاں بیٹھے ہیں، ان کے گھروں پر آپ آج بلڈوزر نہیں چلا سکتے ہیں۔ ریاست کو انہیں کہیں نہ کہیں accommodate کرنا پڑے گا۔ میں بالکل اس کے حق میں ہوں۔

جناب ایک اور بات یہ ہے کہ مسلم کالونی کے لوگ اگر دوبارہ وہاں پر آ کر آباد ہوئے ہیں تو وہاں پر انہیں کس نے آباد ہونے دیا؟ جناب چیئرمین! ویسے تو اسلام آباد یہ مخصوص علاقہ کہنے کو Red Zone ہے لیکن پورا Capital Red Zone ہے۔ یہاں پر میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ اسلام آباد کی کسی ایک سڑک پر کوئی سینیٹر دس منٹ کے لیے گاڑی تو کھڑی کر کے دکھائے، انتظامیہ نہیں کھڑے ہونے دیتی، یہاں پر intelligence agencies ہیں، فوراً آپ سے پوچھیں گے کہ آپ کی گاڑی دس منٹ سے یہاں کیوں کھڑی ہے۔ یہاں پر اگر کوئی گھر بنا رہا ہے، کچی آبادی بن رہی ہے، نئی مسلم کالونی بنی ہے، جو ابھی expand ہوئے ہیں جس کی ابھی Interior Minister نے بات کی ہے کیا یہ راتوں رات ہوئے ہیں تو پھر ان آبادیوں کے بننے میں متعلقہ انتظامیہ کے افسران ملوث رہے ہیں، ان میں سے کسی کے خلاف کارروائی ہوئی ہے؟ کیوں اجازت دی گئی کہ انتظامیہ کے افسران چاہے وہ CDA ہو، MCI ہو یا کوئی اور ادارہ ہو وہ اپنے ذاتی مالی فوائد کے لیے یہاں پر قبضے کرائیں اور اس کے بعد راتوں رات انہیں گرانے کے لیے کہیں تاکہ اپنے نمبر بنائیں کہ ہم انہیں راتوں رات گرا رہے ہیں۔ جناب انہیں گرانا کا کوئی mechanism بنائیں۔

جناب میں آپ سے ایک آخری بات عرض کرتا ہوں کہ اسلام آباد کا ایک دیرینہ مسئلہ ہے کہ 1960 میں جب اسلام آباد بنا تو جن جن علاقوں کی land acquisition کی گئی وہ علاقے حصول کیے گئے کہ جہاں تو ضرورت تھی وہاں پر تو لوگوں سے قبضے لے لیے گئے لیکن آج کچھ دیہات ایسے ہیں جو CDA کی زمینوں پر 1960 سے آج بھی آباد ہیں اور original آباد کار اور affectees ہیں، ان میں آپ pick and choose نہیں کر سکتے ہیں کہ ابھی ہم ایک گھر کو target کر کے گرا دیں اور باقی سب کے سب وہاں پر بیٹھے ہوں۔ جناب اس کے لیے ایک mechanism بنائیں، ہم state کی support کرتے ہیں لیکن اس کے لیے there should be a mechanism,

ان لوگوں کے ساتھ یکساں اور مساوی ہمدردی کا سلوک ہو کیونکہ state ایک ماں ہوتی ہے۔ وہ رویہ رکھتے ہوئے کسی mechanism کے تحت ہم انہیں dislocate کر سکتے ہیں، شکریہ جناب۔

**Senator Azam Nazeer Tarar, Minister of Law and Justice**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میں صرف اتنی عرض کروں گا کہ یہ معاملہ وزیراعظم صاحب کے نوٹس میں بھی ہے، میں اور رانا ثناءاللہ صاحب بھی ابھی یہ بات کر رہے تھے، ہم یہ لے آئیں گے۔ Minority communities کے لیے we have special feelings اور ان شاءاللہ العزیز کوئی زیادتی نہیں ہو گی۔ آگے جاری۔۔۔(T-10)

T10-7Apr2026 Naeem Bhatti/ED; Irum Shafique 05:00.p.m.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف): میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ یہ معاملہ وزیراعظم صاحب کے notice میں بھی ہے، میں اور رانا ثناء اللہ صاحب ابھی یہ بات کر رہے تھے کہ ہم یہ لائیں گے، we have special feelings for minority communities. ان شاء اللہ عزیز کوئی زیادتی نہیں ہو گی، Minister for Interior بھی یہی کہہ رہے ہیں کہ بالکل قانون کے مطابق کریں گے، کسی سے زیادتی نہیں ہو گی جو alternatives ہیں وہ بھی اچھے ہوں گے۔ میری گزارش ہو گی کہ آج Business Advisory Committee میں طے ہوا تھا کہ current issues پر بات کی جائے گی۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب نے جو شعر پڑھا وہ بہت انقلابی شعر تھا وہ Opposition کے benches سے اچھا لگتا ہے، حکومت کے benches میں بیٹھ کر تو نہیں ہوتا۔ جی Leader of the Opposition آپ بات کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر جان محمد: کب ہوگا؟ آخری ایک ہی ہے۔ یہ calling attention notice ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی.Leader of the Opposition

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: دو منٹ، Leader of the Opposition جب اٹھتے ہیں تو باقی چیزیں رک جاتی ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا!! میں نہایت ادب سے بلیدی صاحب سے یہ عرض کروں گا، یہ میرے لیے بہت محترم ہیں۔ پہلی بات یہ کہ Finance Minister نہیں ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر کہیں پر 200 bags خشک دودھ کے seize ہوئے ہیں، وہ business transaction ہے، وہ public importance کا معاملہ کہاں سے ہے؟ تھوڑا دفتر بھی دیکھ لیا کرے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں ان کے ہاتھ میں پرانا کاغذ تھا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! میرا مطلب ہے Collectorate نے بھی کام کرنا ہے، 200 تھیلے مضر صحت ہو سکتے ہیں، کچھ ہو سکتا ہے، یہ کوئی ایسا مسئلہ تو نہیں ہے اسے سب کچھ چھوڑ کر لیا جائے۔ پہلی بات کہ Minister for Finance نہیں ہیں، second thing, I am stating on the floor of the House prima facie it is not a matter of public importance. ایک آدمی نے یہ import کیا ہے، اس کا مال پکڑا گیا ہے، آپ کو اس پر کسی اور forum سے رجوع کرنا چاہیے۔ خشک دودھ کے دو سو تھیلوں کے لیے سینیٹ کا floor استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

(مداخلت)

سینیٹر جان محمد: وزیر صاحب نے بات کی ہے تو مجھے اجازت دیں۔ میں نے اس سے پہلے کسٹم حکام کو تین مرتبہ خط لکھے ہیں، ان میں سے ایک کا بھی جواب نہیں آیا، تب جا کر میں نے سینیٹ میں notice جمع کروایا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے ساتھ ابھی وزیر صاحب بیٹھیں گے۔ جی قائد حزب اختلاف۔

(مداخلت)

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): جناب والا! آپ House کو in order کریں۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House. Yes.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب چیئرمین! میں طارق فضل چوہدری صاحب کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ اس سے پہلے کہ میں پیٹرولیم کے حوالے سے بات کروں، چونکہ میں بھی راولپنڈی، اسلام آباد کا رہنے والا ہوں۔ آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ اس وقت بری امام کے علاقے میں جو کچھ ہوا، وہاں لوگ صدیوں سے آباد ہیں جن کے گھروں کو گرایا بھی جارہا ہے۔

**سینیٹر جان محمد**: جناب والا! جناب والا! مجھے بولنے کا موقع نہیں دیا جارہا ہے، اس لیے میں ایوان سے walk out کر رہا ہوں۔

(اس موقع پر سینیٹر جان محمد ایوان سے walk out کر گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: علامہ صاحب! میں آپ کو پھر interrupt کر رہا ہوں۔ اس مسئلے کا حل آ گیا ہے، وزیر مملکت برائے داخلہ نے بات کی ہے۔

## Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition on recent geo-political and economic situation in wake of US-Israel and Iran War

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب والا! میں ایک suggestion دے کر اصل موضوع کی طرف آتا ہوں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میرے خیال میں وہ دو، تین سینیٹرز کو ساتھ لے کر جائیں، visit کر کے report پیش کر دیں کہ یہاں کتنی زیادتی ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے، جب مسلمان مدینہ آ گئے تھے، اُذِنَ لِلَّذِیۡنَ یُقٰتَلُوۡنَ بِاَنَّهُمۡ ظُلِمُوۡا۔ وہ لوگ جن کے ساتھ قتال کیا جاتا ہے، جن پر حملے کیے جاتے ہیں، ہم نے ان کو اجازت دی ہے کہ مقابلہ کریں، اس لیے کہ ان پر ظلم ہو رہا ہے۔ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰی نَصۡرِهِمۡ لَقَدِیۡرُ۔ یہاں پر اللہ تعالیٰ بہت زیادہ تاکید کے ساتھ 'انا کے ساتھ' اور 'لام' اس میں لے کر آیا ہے، ضرور اللہ تعالیٰ ان کی مدد پر قادر ہے، قدرت رکھتا ہے اور 'قدیر' بھی صیغہ مبالغہ ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کی طاقت بہت زیادہ ہے اور اللہ ان کی مدد کرے گا۔ ان کو اجازت ہے یہ ظالموں اور قاتلوں کا مقابلہ کریں۔ Western Asia and South Asia جو Central Asia کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، یہ بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ تقریباً چھ ہفتے ہو گئے ہیں اور جنگ شروع ہے، ڈونلڈ ٹرمپ، ایک پاگل آدمی نے اور نیتن یاہو جو بچوں کے قاتل ہیں، غزہ کے بچوں کے قاتل جو کسی UN کو نہیں مانتے، کسی Security Council کے کسی فیصلے اور قرارداد کو نہیں مانتے۔

ہزاروں میل دور سے اس خطے میں آ کر انہوں نے حملہ کیا ہے اور اس پورے خطے کو انہوں نے بحران کا شکار کر دیا ہے۔ جب وہ وہاں سے چلے کسی نے نہیں پوچھا کہ تم یہاں کیوں آ رہے ہو، ان کا ابراہم لنکن، جیرالڈ فولڈ یا دوسرے جنگی بحری بیڑے کیوں یہاں لا رہے ہو؟ کیا ان کے ساتھ تمہارا کوئی borderملتا ہے، کیا تمہارا ان کے ساتھ کوئی border dispute ہے، تم یہاں آنے والے کون ہو؟ کسی نے نہیں پوچھا، یہ اتنی بڑی move تھی اور وہ اسلحہ لے کر اس خطے میں آ رہا تھا۔ وہاں گیس اور تیل ہے، پوری دنیا کو آگ لگ سکتی ہے۔ اس کا تعلق پوری دنیا کی اقتصادیات سے ہے، معاشی مسائل کے ساتھ اس کا تعلق ہے، زندگی کے ساتھ اس خطے کا تعلق ہے۔ انہوں نے آ کر حملہ کر دیا اور پھر حملہ بھی ایسے کیا جو کسی قانون کے تحت نہیں ہے۔ دنیا کے کسی قانون میں civilian and political leadership کو نہیں مارا جاتا، وہاں اس طرح ظلم ہو رہا ہے۔

جناب والا! اس خطے میں جنگ کو شروع کیا گیا اور آج تک UNSC کے اندر کسی نے بھی نہیں کہا کہ جنگ ختم ہونی چاہیے، کوئی عالمی ادارہ نہیں رہا، دنیا میں اس وقت کوئی قانون نہیں ہے، Donald Trump law, Netanyahu law, یہ قوانین بن گئے ہیں، یعنی وہ جو منہ سے بولے گا۔ وہ اخلاقی طور پر اتنا گرا ہوا انسان ہے کہ اسے بات کرنا نہیں آتی، وہ اتنے بڑے ملک کا صدر ہو کر گالیاں دیتا ہے، اگر ایسے آدمی کے ہاتھ میں military power آ جائے تو وہ پوری دنیا کو تباہ و برباد کر دے گا، سب کو اس کا راستہ روکنا چاہیے۔ اس وقت یہ خطہ دن بدن جنگ، قتل و غارت گری اور جو ظلم ہو رہا ہے، یہ پھیلتا جا رہا ہے۔ ہمارے ہمسایہ ملک کے اندر، اللہ نے انہیں اجازت دی ہے کہ وہ ان کا مقابلہ کریں۔ ان پر دو ایٹمی قوتوں نے حملہ کیا ہے، کیوں؟ بہانہ یہ ہے کہ تم ایٹم بم نہ بناؤ، وہ کہتے ہیں کہ ہم نہیں بناتے، ہم بات چیت کرنا چاہتے ہیں، آئیں، بیٹھیں، بات کریں لیکن وہ بات چیت کے دوران حملہ کر دیتے ہیں۔ پہلے بھی یہاں کہا جا چکا ہے کہ اصل مسئلہ greater Middle East کا ہے اور دنیا کے منابوں پر قبضہ ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کیا کہتے ہیں کہ ہم قبضہ کریں گے اور تیل و گیس ہماری ہو جائے گی جیسے Venezuela کا لیا ہے۔ جب Venezuelan President اور اس کی بیوی کو اٹھایا گیا، یہ digest ہو چکا ہے، ہضم ہو چکا ہے، بات ختم ہو چکی ہے۔ ایک ملک کے صدر کو اس کی بیوی سمیت اٹھا کر لے گئے ہیں، اگر ایسی چیز روایت بن جائے، اگر یہ چیز قابل قبول ہوتی چلی جائے، یہ برائی برداشت ہوتی چلی جائے۔

(جاری------T11)

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔۔۔) اگر یہ چیز روایت بن جائے، یہ چیز قابل قبول ہوتی چلی جائے، یہ برائی برداشت ہوتی چلی جائے، یہ ظلم برداشت ہوتا چلا جائے پھر کسی کی بھی عزت اور گھر محفوظ نہیں ہیں۔ ان کے پاس طاقت ہے وہ آئیں گے اور آپ کو اٹھا کر لے جائیں گے۔ پاکستان بھی اب اس سے براہ راست متاثر ہے۔ میں اس حوالے سے یہاں وزیر خارجہ صاحب تشریف فرما ہیں، ڈپٹی پرائم منسٹر بھی ہیں۔ پاکستان کو شروع سے ہی کھڑا ہو جانا چاہیے تھا کہ اس خطے میں نہیں آنا چاہیے تھا، بول دینا چاہیے تھا لیکن اب جو پاکستان کا role ہے بہت خوش آئند ہے۔ اس کو welcome کرتے ہیں، mediation اور جنگ کے شعلوں کو بھڑکنے سے روکنا، ذمہ داری کا احساس کرنا یہ زبردست چیز ہے۔ میں تو اس کا قائل ہوں اگرچہ ممکن ہے کسی کو میری بات ناپسند بھی ہو جائے اچھی چیز کو welcome کرنا چاہیے۔ اس لیے پاکستان اپنی کوششیں کر رہا ہے لیکن امریکہ کی ضمانت کون دے گا؟ نیتن یاہو کی کون ضمانت دے گا؟ نیتن یاہو نے غزہ میں جو جنگ بندی، کل بھی مارا ہے، پرسوں بھی مارا ہے، روز مارتا ہے غزہ کے اندر کوئی اس کو منع نہیں کرتا ہے۔

لبنان کے ساتھ جنگ بندی ہوئی 15 مہینے اسرائیل نے ہر روز لبنان پر attack کیا ہے، لوگوں کا قتل عام کیا ہے، بے گناہ عورتیں، بچے مارے ہیں لیکن اس سے کوئی نہیں پوچھتا۔ میں پہلے بھی یہاں کہہ چکا ہوں کہ یہ جنگ پورے East کی ہے کیونکہ اس وقت power moving condition میں ہے اس نے resize ہو کر reshape ہونا ہے۔ اگر اس میں خدانخواستہ ایران کو شکست ہوتی ہے تو خطے کی شکل و صورت اور طرح کی ہو جائے گی اگر شکست نہیں ہوتی دنیا اور طرح کی ہو جائے گی۔ Greater Israel نہیں بن سکے گا اور یہ خطہ resize ہو کر reshape نہیں ہو سکے گا۔ ممالک ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہیں ہوں گے اگر آپ تاریخ پڑھیں تو جیسے First World War, Second World War کے بعد یہ پورا خطہ تقسیم ہوا ہے، divide ہوا ہے۔ میں پہلے بھی یہاں بالخصوص کہہ چکا ہوں کہ Peace to Handle, First World War کے بارے میں کتاب ہے وہ پڑھنے والی ہے۔ اس کو پڑھیں آپ کو آج کے حالات معلوم ہو جائیں گے۔ اس لیے پاکستان باقی دنیا کے ممالک کی طرح سب سے زیادہ قریب ترین ملک ہے۔ ایک ملک یہ ہے جس کا border لگتا ہے 906 کلومیٹر بارڈر ہے، ہم متاثر ہو رہے ہیں۔ اب کیا حق کیا جائے ایک تو کوشش اچھی ہے جنگ بندی کی کوشش کرنی چاہیے اور میرے خیال میں بہت مشکل ہے۔ امریکہ، ڈونلڈ ٹرمپ تکبر اور غرور کے

گدھے پر سوار ہیں اس سے نیچے اترے اور Netanyahu بھی، یہ ان کی ideologicalجنگ بھی ہے۔ آپ Netanyahu کی گفتگو سنیں وہ ان کو حیوان کہتے ہیں، ان کے بارے میں پڑھیں، ان کی تاریخ کے بارے میں عمالیق کو ختم کرنا ہے۔ عمالیق پہلے وہ کہتے تھے کہ ارمنی ہیں ان کو مارتے رہیں پھر بعد میں چلتے چلتے جنگیں دیکھیں تاریخی ہیں پھر کہا یہ جو فلسطین کے لوگ ہیں یہ عمالیق ہیں ہم نے ان کو ختم کرنا ہے، ان کی نسل ختم کرنی ہے۔ ہمیں مذمت کرنی چاہیے انہوں نے جو فلسطینی قیدی اسرائیل کے پاس ہیں ان کو پھانسی دینے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے پارلیمنٹ سے باقاعدہ پاس کرایا ہے کہ سب قیدیوں کو مار دو۔ یہ زندہ رہنے کا حق نہیں رکھتے اس طرح کے fascist ہیں ،یہ لوگ ہیں جن کے ساتھ دنیا کا اس وقت سامنا ہے لہٰذا پاکستان کے اندر دیکھیں کوشش بہت اچھی ہے لیکن دو بندے جس کو ڈونلڈ ٹرمپ اور نیتن یاہو کہتے ہیں، یہ اتنی آسانی سے اپنے منحوس عزائم سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ میں بھی پوری رات کوشش کرتا ہوں کہ دنیا کے میڈیا پر سنتا رہوں، پڑھتا رہوں اور دیکھتا رہوں کہ دنیا کیا کہہ رہی ہے۔ Americans کیا کہہ رہے ہیں، ان کے اپنے لوگ کیا کہہ رہے ہیں۔ اس وقت ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف لوگ امریکہ میں بھی بہت زیادہ ہیں۔ آوازیں اٹھ رہی ہیں یہ مقام اور جگہ ہی نہیں بنتی ایسے شخص کے لیے جس کی زبان اتنی گندی ہے، جس کی کسی بات پر اعتبار نہیں ہے، جس نے امریکہ کا image پوری دنیا میں تباہ کر دیا ہے۔ لہٰذا اس کو شک و شبہات کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس کی باتیں، ان کی چیزیں ناقابل اعتماد ہیں۔ خدانخواستہ حالات بدتر ہو سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! میں پاکستان کے اندر پٹرولیم کی قیمتوں کی طرف آجاتا ہوں یہ اسی وجہ سے ہو رہی ہیں۔ پہلی بات پاکستان کو اپنا house in order کرنا چاہیے، ہمیں اس وقت اگر خدانخواستہ جنگ آگے بڑھی ہماری حکومت تنہا مہنگائی کا، مشکلات کا بوجھ نہیں اٹھا سکے گی۔ سب کو مل کر یہ بوجھ اٹھانا ہوگا، سب کو ملنا ہوگا۔ ہمیں reconciliation کی طرف جانا چاہیے، اس ملک کو بچانے کے لیے عوام کی خاطر، عوام کی مشکلات حل کرنے کے لیے ہمیں political reconciliation کی طرف بھی جانا چاہیے۔ ہمیں آپس میں بات چیت کرنی چاہیے۔ آج نہیں، کل ممکن ہے کہ ہم مجبوراً کریں اگر آج ہم اپنی will کے ساتھ پاکستان کے National Interest and National Security کی خاطر ہم بیٹھ کر بات کرتے ہیں چیزیں ٹھیک کرتے ہیں ورنہ حالات کا جبر ہمیں وہاں لے کر جائے گا، یہ جس طرف دنیا جا رہی ہے۔ یہ کہتے تھے کہ چار دن میں، دو دن میں، ہم 48 گھنٹے میں جنگ ختم کر لیں گے اپنا مقصد حاصل کر لیں گے، نہیں کر سکے۔ یہ ان کو نہیں جانتے، ان کے سامنے کئی ہزار سالہ civilisation, K2 سے

بھی اونچی پہاڑ کی طرح، چٹان کی طرح مضبوط دیوار بن کر کھڑی ہو گئی ہے۔ وہ اس دیوار کو نہیں گرا سکتے جن کی اپنی 250 سالہ تاریخ نہیں بنتی ان کی civilisation ہی نہیں ہے۔ Epstein files میں جکڑے ہوئے، بال کی، شیطان کی پرستش کرنے والے۔ اس لیے یہ حالات بدتر ہو جائیں گے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنا house in order کریں، اپنے ملک کو ٹھیک کریں۔ ہم اکٹھے ہو جائیں، collective wisdom بہت اہم ہوتی ہے۔ وزیر خارجہ صاحب دونوں ایوانوں کو on board لیں، بیٹھیں بات کریں۔ پاکستان سب کا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں خدا نہ کرے کہ ہمارا ملک بھی انہی مشکلات کا شکار ہو جائے یا ہار جاؤ یا مر جاؤ۔ اس لیے ضروری ہے کہ اگر مہنگائی ہے ہمیں on board لیں۔ آپ ایک دفعہ اتنی زیادہ قیمت بڑھا دیتے ہیں پھر اچانک 80 روپے کم کر دیتے ہیں اس کا مطلب ہے کہ سوچ سمجھ کے پہلا فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ ہمیں سوچ سمجھ کر فیصلے کرنے ہوں گے یہ بہت ضروری ہے۔

اس لیے میں پھر کہتا ہوں کہ دیکھیں خدا گواہ ہے اللہ کے نام لکھے ہوئے ہیں، بسم اللہ پڑھ کر بات کرتے ہیں، قرآن کی آیت پڑھ کر بات کرتے ہیں یقین کر لیں رانا صاحب آپ سارے سیاستدان ہیں۔ آپ سارے جیلوں میں گئے ہیں، آپ نے تکلیفیں اٹھائی ہیں، سب نے اٹھائی ہیں کوئی ایسا نہیں ہے جو نہ گیا ہو۔ یہاں پرائم منسٹر کا جوڈیشل قتل ہوا ہے بینظیر بھٹو کو شہید کیا گیا، مارا گیا آج تک معلوم نہیں ہوا کہ قاتل کہاں گئے ہیں۔ آئیں ایک جگہ چیزوں کو روک دیں، ان حالات کے اندر پاکستان کو ٹھیک کریں اس میں کوئی شک ہی نہیں ہے میرا دشمن بھی ہو نہ کوئی ہمیں حقیقت ماننی پڑے گی کہ عمران خان کو لوگ پسند کرتے ہیں۔ اس کی پاکستان میں ایک بات ہے۔ پاکستان کو بہتر کرنے کے لیے اس کے potential سے استفادہ حاصل کریں۔ ہمیں ملکی حالات اس طرف لے کر جائیں گے، میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ اگر آج نہیں تو کل حالات کا جبر ہمیں لے کر جائے گا اور ہمیں مجبوراً یہ کرنا پڑے گا۔ چیزوں کو ٹھیک کریں، مناسب کرنے کی کوشش کریں، heal کریں چیزوں کو، میں ایک بات کروں گا آگے سے جواب دیا جائے گا وہ بھی تو ایسا کرتا رہا ہے یا ان کی حکومت میں ایسا ہوتا رہا ہے۔ میرے خیال میں آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں، آپ سیاسی دنیا کے، سیاسی حکومتوں کی تاریخ کے اہل سر ہیں، آپ رازدار بھی ہیں سب جانتے ہیں کہ کہاں سے کس کے ساتھ کیا ہوتا ہے۔ جو بھی ہوتا ہے غلط ہوتا ہے نہیں ہونا چاہیے۔ میری گزارش ہے کہ آئیں چیزوں کو ٹھیک کریں، بیٹھیں پرائم منسٹر صاحب نے پہلے بھی کہا تھا کہ میں بات چیت کرنے کو تیار ہوں، آئیں بات کریں۔ محمود خان اچکزئی صاحب نے آپ کو جواب دیا تھا کہ آئیں بات کریں۔ اس سے پہلے کہ یہ طوفان، یہ یلغار ہمارے گھروں تک پہنچ جائے۔

ڈاکٹر علی لاریجانی ایک بہت ہی زبردست قسم کے پڑھے لکھے آدمی تھے، سیاست دان تھے، سمجھتے تھے وہ بات چیت کرنے کے بہت ماہر تھے، ایران کی کئی سال تک امریکہ کے ساتھ Five Plus One کے ساتھ جو مذاکرات ہوتے رہے اس کے head رہے ہیں۔ اب جس بندے کے بارے میں معلوم ہوتا ہے کہ یہ head ہے، یہ political role play کر سکتا ہے، جنگ ختم کرانے میں role play کر سکتا ہے۔ وہ مار دیا جاتا ہے اور اسرائیل مارتا ہے، وہ نہیں چاہتا کہ یہ صلح ہو اور اس علاقے میں امن آئے، چیزیں ٹھیک ہوں۔ صورت حال خطرناک ہے اور نیتن یاہو سے کوئی پوچھ نہیں سکتا۔ ابھی جب اس نے گیس کے چار پانچ ان کا علاقہ ہے عسلویہ میں دھماکے کیے، قطر کے ساتھ بھی ان کا مشترکہ ہے تو ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ میرے سے پوچھے بغیر اس نے کیا ہے یعنی اس کو کوئی سزا نہیں ہے۔

(جاری۔۔۔۔۔T12)

**T12-07Apr2026 FAZAL/ED: Waqas 05:20 pm**

سینیٹر راجہ ناصر عباس (جاری ہے۔۔۔۔) یعنی اس کو کوئی سزا نہیں ہے۔ للذا یہ bad boy پتہ نہیں کون سا دوسرا کہتے ہیں آپ لوگ، good boy اکٹھے ہو کر bad cop, good cop کیا ہوتا ہے، یہ لگے ہوئے ہیں دنیا تباہ کرنے کے لیے۔

اس لیے میری گزارش ہے۔ پاکستان کے عوام آپ جانتے ہیں پہلے ہی، میں نے جہاں تک میرے ذہن میں آ رہا ہے، عدد آگے پیچھے ہو سکتا ہے، near about کہتے ہیں 47 فیصد لوگ غربت کی لکیر سے نیچے ہیں۔ Middle class دن بہ دن سکڑتی چلی جا رہی ہے۔ مہنگائی بہت ہو گئی ہے۔ ہر چیز مہنگی ہو رہی ہے۔ Petrol مہنگا ہونے سے آپ بتلائیں، جو مزدور 1200، 1400 روپے دیہاڑی لیتا ہے اور کام ختم بھی ہو جائے تو لوگ کہاں سے کھائیں گے؟ گاڑیوں کے کرائے اتنے زیادہ ہو گئے ہیں کہ آپ یقین کر لیں کہ transport بہت مہنگی ہو گئی ہے۔ بہت مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ اگر petrol مہنگا ہے تو ہر چیز مہنگی ہو جائے گی، electricity مہنگی ہو جائے گی، سب کچھ مہنگا ہو جائے گا۔ زندگی اجیرن ہو جائے گی۔ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے عوام کا، بہت بڑا مسئلہ ہے اس وقت مہنگائی، غربت اور بے روزگاری۔ آپ کی industry بیٹھ رہی ہے۔ ابھی آپ ہر چیز جب مہنگی ہو جائے گی، آپ دیکھیں گندم اگر فرض کرتے ہیں آپ کہتے ہیں کہ 3200 یا 3500 روپے کی لے کر جب اس کو market میں shift کریں گے تو کتنی مہنگی ہو جائے گی۔ ہر چیز مہنگی ہو رہی ہے۔ ہر چیز آگے بڑھ رہی ہے۔ ہم آپ کے voter، آپ سب کے voter، آپ کے پاکستانی بھائی، آپ کی گلی کوچے محلے میں رہنے والے، یقین کریں بہت مشکلات کا شکار ہو چکے ہوئے ہیں۔ میرا رابطہ بہت زیادہ غریبوں کے ساتھ رہتا ہے۔ بہت زیادہ ہے کیونکہ میں ان کے اندر جاتا ہوں، رابطہ رکھتا ہوں، انہی کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا رہا ہوں۔

آپ یقین کر لیں لوگوں کے گھر میں، رانا صاحب، جناب Foreign Minister صاحب، بچوں کا علاج کرانے کے پیسے نہیں ہیں۔ دن بہ دن ایسی مشکل پیش آ رہی ہے۔

آئیں ہم چیزوں کو ٹھیک کریں۔ آئیں ٹھیک کریں اور ہم عوام کے ساتھ سچ بولیں۔ ہم کہیں یہ مشکل آئی ہے، یہ مسئلہ آیا ہے، اب ہم مجبور ہیں آپ ہمارا ساتھ دیں۔ پاکستانی عوام، یقین کریں میں باہر بہت زیادہ رہا ہوں۔ پاکستان کی عوام جیسی عوام دنیا میں نہیں ہے۔ آپ رکشے والے سے پوچھیں نا جو بالکل غریب قسم کا آدمی ہے، کیا حال ہے؟ "الحمدللہ جی"۔ سب سے پہلے کہتے ہیں شکر الحمدللہ۔ یہ پاکستان میں ہے، دنیا میں کہیں ایسے نہیں ہوگا۔ یہ اتنے نجیب لوگ ہیں، اتنی مشکلات میں بھی برداشت کرتے ہیں۔ تو ہم کیوں نہ ان سے بات کریں؟ ان کو اعتماد میں لیں۔ وہاں پر قوم کیوں لڑ رہی ہے؟ کیوں کھڑی ہے؟ آپ یقین کر لیں جناب وہاں پر جو ballot box میں ڈالا تھا وہی نکلتا تھا۔ آپ جانتے ہیں وہاں کا مثلاً جیسے کہ Establishment ہوتی ہے، وہاں پر تقریباً تقریباً سوائے ایک صدر کے جس کا نام ابراہیم رئیسی تھا، سارے وہ آئے جو Establishment سے فاصلے پر تھے۔ وہ الیکشن جیتے اور انہوں نے آٹھ آٹھ سال حکومتیں کیں۔ ان کو ایسا نہیں کہ نہیں چلنے دینا ہے، cooperate کیا تاکہ system آگے بڑھے۔ 47 سال کی sanctions کے باوجود آج وہ کھڑے ہیں۔ کیوں؟ اس لیے کہ عوام پر اعتماد کیا گیا ہے، trust کیا گیا ہے۔ عوام جب ساتھ کھڑے ہو جاتے ہیں، قوم جب لڑتی ہے کسی فوج کے ساتھ، کسی aggressor کے خلاف، تو اس کو کوئی شکست نہیں دے سکتا۔ فوج شکست کھا سکتی ہے، قومیں شکست نہیں کھاتیں۔

جنابِ والا! میری گزارش ہے۔ یہاں پر میں نے بہت سی چیزیں لکھی ہوئی ہیں لیکن میں چاہتا ہوں کہ باقی لوگ بھی گفتگو کریں اور چیزوں کو ہم آگے لے کر چلے جائیں۔ لہٰذا میری آخری گزارش ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ یہاں پھر discussion ہو جائے کہ پہلے یہ ہوا تھا، آج یہ ہوا ہے، پہلے یہ تھا، آج یہ ہے۔ چھوڑیں اس سے آگے نکلیں۔ یہ کوئی جواب نہیں ہے، ایک آدمی سے کہا جائے کہ آپ نے کیوں ظلم کیا؟ کہ اس نے بھی ظلم کیا تھا۔ تو اس کا مطلب آپ اعتراف کر رہے ہیں کہ آپ نے بھی ظلم کر دیا۔ یہ اعتراف درست نہیں ہے، اقرار ہے اور جائز نہیں ہے، نہیں کرنا چاہیے اس طرح سے۔ کہنا چاہیے کہ غلط ہوا ہے۔ اس لیے یہ پاکستان کے عوام کا حق ہے، ان کو ان کے قانونی rights ملنے چاہئیں۔ Fundamental rights ملنے چاہئیں۔ پہلا حق ان کا آپ خود جانتے ہیں۔ میں نہیں چاہتا خدانخواستہ کوئی یہ کہے راجہ ناصر point scoring کرتا ہے، سر پر امامہ رکھا ہے، خدا گواہ ہے نہیں کرتا ہوں۔ میں کسی کے بارے میں بھی دل میں نفرت نہیں رکھتا۔ کسی غلط چیز سے نفرت ہو سکتی ہے، انسان سے نفرت نہیں کروں گا۔

اس لیے ضروری ہے کہ ہم آئیں حالات کو ٹھیک کریں۔ Deputy Prime Minister Sahib بیٹھے ہوئے ہیں، وہ Prime Minister سے بات کریں اور پاکستان کا House in order کریں۔ عمران خان صاحب کے ساتھ بات کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ ملتے ہیں اور چیزوں کو normal کرنے کی طرف لے کر چلے جاتے ہیں۔ میں ملنا چاہتا ہوں عمران خان سے، محمود خان اچکزئی بھی ملنا چاہتے ہیں عمران خان صاحب سے۔ ہم ملنا چاہتے ہیں تاکہ ہم چیزوں کو، اپنی family کو، بہرحال میں یہ کہتا ہوں کہ باقی قیدی بھی اسی طرح سے جو کوٹ لکھپت میں ہیں، وہ سارے اچھے لوگ ہیں، آپ کے colleagues رہے ہوئے ہیں، ان میں سے ایک بھی terrorist نہیں ہے، ایک بھی نہیں ہے۔ یقین کرلیں اس دن مجھے ملنا تھا، نہیں مل سکا، جانا تھا ڈاکٹر یاسمین راشد صاحبہ، وہ cancer survivor ہیں۔ وہ بیس میٹر سے زیادہ walk نہیں کر سکتی۔ Patient ہے، بیمار ہے۔ اس طرح کے لوگ جیل میں ہیں۔ تھوڑا سا کہتے ہیں کہ human basis پر ان کے ساتھ نرمی کرلیں۔ آپ اتنا بڑا کام کرنے جا رہے ہیں اس پورے خطے کو صلح اور امن دینے کے لیے قدم اٹھا رہے ہیں۔ پاکستان کے اندر بھی صلح کے لیے، بہتری کے لیے قدم اٹھائیں۔ اللہ ہماری مدد کرے گا۔ آپ سب کا شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سارے دوست from both sides سے بات کرلیں۔ Minister of Petroleum will come and conclude it. قومی اسمبلی میں بھی ہم نے یہی طریقہ کار رکھا تھا۔ آج تھوڑی گفتگو ہوتی ہے جی مغرب تک۔ مغرب پر میرے خیال میں آج ہم ختم کرتے ہیں۔ کل کچھ گفتگو کریں گے اور وہ conclude بھی کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مولانا عطاء الرحمان صاحب۔

## **Fateha**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: پہلے دعا کروادیں اور فاتحہ پڑھوادیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایک سورہ الحمد پڑھ لیتے ہیں سب شہداء کے ایصالِ ثواب کے لیے، شہید لاریجانی کے لیے، جہاں جہاں کوئی شہید ہوا ہے سب کے لیے۔

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ پڑھی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب! پلوشہ صاحبہ کوئی تحریک پیش کرنا چاہتی ہے۔ جی، آپ پیش کریں۔

## **Privilege Motion moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan against Ms. Sarah Hayat the Deputy Commissioner of Chakwal**

Senator Palwasha Mohammed Zai Khan: I, Senator Palwasha Mohammed Zai Khan, hereby raise a question of privilege regarding the conduct of Ms. Sarah Hayat, DC, Chakwal, which amounts to breach of privilege of a Member of the Senate and contempt of the House. The Deputy Commissioner, during telephonic communication, behaved in an extremely disrespectful and inappropriate manner. She misbehaved, shouted repeatedly and disconnected the call multiple times while speaking to me. Furthermore, she repeatedly invoked the name of the Inter-Services Intelligence, insinuating that the agency was involved in the matter and implying that it reported to her authority. Such statements constitute a misuse of the name of a premier intelligence agency and bring inclined unwarranted controversy and dispute. In view of the foregoing, the matter constitutes a serious breach of privilege of a Member of the Senate. I, therefore, request that the matter may kindly be referred to the Committee on Rules of Procedure and Privileges for examination and appropriate action. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ جو آپ نے تحریک پیش کی ہے، یہ قواعد و ضوابط کی کمیٹی کے سپرد کی جاتی ہے۔ ٹھیک ہے۔ جی، لیڈر آف دی ہاؤس۔ علامہ صاحب اگر آپ اپنی سیٹ پر بیٹھیں۔ لیڈر آف دی ہاؤس بات کرنا چاہتے ہیں۔

## **Statement by the Leader of the House on the situation arising from the US-Israel attack on Iran**

### **Senator Mohammad Ishaq Dar, Leader of the House**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ جنابِ چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں اور میں Honorable Leader of the Opposition کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے جو باتیں کیں، جہاں تک جو current crises ہیں اس خطے میں 28 فروری سے شروع ہوئے، اس کے حوالے سے میں بڑا briefly عرض کر دیتا ہوں۔

(جاری ہے۔۔۔T13)

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: (جاری) اس کے حوالے سے میں بڑا briefly عرض کر دیتا ہوں۔ میں مشکور ہوں کہ انہوں نے ہماری efforts کو acknowledge کیا۔ دوسرا انہوں نے جو oil prices کی بات کی، وہ میں سمجھتا ہوں کہ پٹرولیم منسٹر جناب علی پرویز ملک صاحب کل آ کر House کو properly brief کریں گے۔ ابھی شاید وہ کسی میٹنگ میں ہیں، ہم نے پتا کروایا ہے۔

جناب چیئرمین! جب یہ واقعہ ہوا تو میں OIC کی میٹنگ کرکے، 26 کی رات شروع ہوئی، 27 کے early hours میں ختم ہوئی، میں ایک دن کے لیے مدینہ منورہ گیا۔ وہاں سے رات کو میری فلائیٹ تھی تو میں فجر کی نماز پڑھ کرکے جب واپس ہوٹل میں آیا، میری رات کو بارہ بجے فلائیٹ تھی تو ایران کے اوپر یہ حملہ ہوا۔ اس وقت بہت جلدی اور early تھا، میں نے Foreign Ministry اور Foreign Secretary sahibs سے رابطہ کیا اور میں نے کہا کہ ایران پر جو اسرائیل کا حملہ ہوا ہے، اس کی بھرپور مذمت کریں۔ میرے خیال میں مسلمان ملکوں میں ہم واحد ملک ہیں جس نے ایران کے اوپر حملے کی مذمت کی ہے۔ چونکہ وہ ایک sovereign ملک ہے اور ان کی اپنی independent policy ہے لیکن یہ کام کروانے کے بعد مدینہ منورہ سے میرا next رابطہ ایرانی وزیر خارجہ عراقچی صاحب سے تھا۔ میں نے ان کو بتایا کہ پاکستان نے اس کی مذمت بھی کی ہے اور ہمیں آپ پر حملے کا بہت دکھ ہوا ہے۔ اس وقت حالات ابھی اتنے roll out نہیں ہوئے تھے۔ میں نے کہا کہ ہم کوشش کریں گے کہ اس خطے میں جتنے ممالک ہیں، وہ ہمارے ساتھ کھڑے ہوں لیکن جیسا کہ میں نے کہا کہ وہ ایک sovereign ملک ہے، ان کی اپنی پالیسی ہے، ان کے اپنے فیصلے ہیں اور ہمیں ایک sovereign ملک ہوتے ہوئے اسی طرح سوچنا چاہیے کہ اگر ہم نے اپنے فیصلے کرنے ہوں تو ہم چاہتے ہیں کہ ہم independent ہوں تو تین چار گھنٹے کے اندر ایران نے GCC countries پر حملے شروع کر دیے۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: اڈوں پر حملے کیے۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جی جی، اڈوں پر حملے ہوئے۔ Let’s not go into that debate. اس کے ساتھ civil پر بھی ہوئے، infrastructure پر بھی ہوئے، میں اس debate میں نہیں جارہا۔ میں صرف بڑا briefly عرض کروں گا۔ ایک مہینے سے دن رات اسی میں لگے ہوئے تھے۔ ہم نے فوری فیصلہ کیا کہ ہم خطے کے ہر ایک ملک سے رابطہ کریں، ان کو کہیں کہ ذرا صبر سے چلیں، مسلمان بھائی ہے، صبر و تحمل سے کوشش کریں، react نہ کریں۔ ایک لمبی لسٹ ہے۔ مجھے یاد ہے کہ انڈیا پاکستان کی جو جنگ ہوئی تھی، پلواما سے لے کر 10 مئی

تک میں نے کوئی ساٹھ یا اکسٹھ calls مختلف foreign ministers کو کی تھیں۔ ابھی میں وہ number cross کر چکا ہوں۔ اس میں یورپین ممالک بھی ہیں، اس میں چین بھی ہے، کل ہی چین، جاپان، برطانیہ، کینیڈا سے رابطہ ہوا۔ ہماری کوشش یہ تھی پچھلے سال بھی، جب جون 2025 میں ان پر حملہ ہوا تھا اور جب اگست میں ایرانی صدر صاحب اور وزیر خارجہ پاکستان تشریف لائے۔ اس وقت بھی ہماری کوشش تھی اور اس وقت سے کوشش کرر ہے ہیں کہ کوئی dialogue, diplomacy شروع ہو۔ ایران نے جب dialogue شروع کیا تو unfortunately دوبارہ second time ان پر پھر حملہ ہو گیا۔

ہماری جو اس وقت position تھی، کیونکہ ہم ایک facilitator اور ایک mediator کا کام کر رہے ہیں تو اس میں ہمیں بڑا ہی محتاط رہنا پڑے گا کہ میں کس حد تک بات کروں اور کس حد تک بات نہ کروں۔ چونکہ وہ چیز ہماری ساری efforts کو، خدانخواستہ، خراب بھی کر سکتی ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ eventually دونوں parties نے agree کر لیا، پاکستان کی facilitation کہہ لیں، mediation کہہ لیں۔ ہمیں یہ شوق نہیں ہے کہ ہمیں کوئی تمغہ دے۔ ہماری یہ کوشش ہے کہ یہ جو مسلمان ملک پر حملہ ہوا ہے اور جو مسلمان ممالک آپس میں جو کچھ کر رہے ہیں، اس بات کو تو حضرت لیڈر آف دی اپوزیشن بڑی اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ یہ تو ہمیں کسی بھی حالت میں suit نہیں کرتا کہ امت آپس میں ہی لڑنا شروع کر دے۔ جو مرضی ہے وہ کر لیں، یہود و نصاریٰ کا تو کام ہی چھیڑ خانی کرنا اور اس طرف لے کر جانا ہے۔ Unfortunately اس وقت ہم اس طرف گئے ہوئے تھے لیکن خوش آئند بات یہ ہوئی کہ اس پر پرائم منسٹر صاحب کے بے پناہ contacts ہوئے۔ میں فیلڈ مارشل، سید عاصم منیر صاحب کو بھی acknowledge کروں گا، انہوں نے بے پناہ کوشش کی۔ میری جو Foreign Office کے حوالے سے ذمہ داری ہے، میں نے بھی کوشش کی کہ اس کو نبھاؤں۔ نہ صرف فارن منسٹر ہونے کے حوالے سے نبھاؤں بلکہ ایک مسلمان اور ایک امتی ہونے کے حوالے سے نبھاؤں۔ اللہ تعالیٰ کا بہت شکر ہے کہ اس کے نتیجے میں 19 مارچ کو سعودی عرب نے 12 ممالک کو اپنے سمیت اسی issue کے اوپر ریاض میں مدعو کیا۔ میں نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے، میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا کیونکہ بڑا sensitive phase چل رہا ہے لیکن میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے جو proposed statement دی، اس کو نہ صرف balance کروایا بلکہ یہ make sure کیا جو کہ ان گیارہ کے گیارہ ملکوں کو suit نہیں کر رہا تھا کیونکہ سارے اس وقت تھوڑے ڈسے ہوئے ہیں یا suffer کر رہے ہیں، اسرائیل کی مذمت کو بھی اس میں ڈلوایا۔ وہ بڑا مشکل کام تھا۔ 19 مارچ کی رات تقریباً گھنٹوں بلکہ سحری تک ہمارے 12 وزراء خارجہ کا یہ بحث مباحثہ چلا۔ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہوا اور اللہ تعالیٰ نے پاکستان کے ہاتھوں ایک balanced

actively، جو بھی آپ کہیں، quartz یا group of four ہے، پھر 28 کو جو ایک group of four کی statement جاری کروانے میں کامیابی دی۔ پھر 28 کو جو ایک سعودی عرب، مصر، ترکی اور پاکستان مل کر بھی امن کے لیے کوششیں کر رہے ہیں۔ بارہ ممالک کی پہلی میٹنگ جب رات کو سحری سے پہلے ختم ہوئی تو پھر اس group of four کی پہلی میٹنگ ہوئی۔ میں نے پاکستان کی نمائندگی کی جبکہ پرنس فیصل سعودی عرب، مصر کے وزیر خارجہ بدر اور ترکی کے وزیر خارجہ حاکان شریک ہوئے۔ اس میں طے ہوا کہ ہم اگلے دس بارہ روز میں review کریں گے۔ للذا، 28 تاریخ کو group of four کی میٹنگ استنبول میں fix ہو گئی لیکن ہم کوشش کر رہے تھے کہ کسی بھی لمحے اگر green light دونوں ممالک سے آتی ہے کیونکہ دونوں نے اسلام آباد میں اپنا confidence demonstrate کیا کہ بات چیت کرنے کے لیے اسلام آباد ہمارے لیے قابل قبول ہے۔ الحمدللہ۔

میں 28 کو risk نہیں لے سکتا تھا کہ میں استنبول جاؤں اور پیچھے سے green light آجائے اور ان کو ملنے کے لیے ملک کا وزیر خارجہ ہی ملک میں نہ ہو۔ للذا، میں نے اپنے تینوں ساتھیوں سے معذرت کی کہ میں نہیں پہنچ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، تمہارا ہونا ضروری ہے تو میں نے کہا کہ پھر آپ پاکستان آجائیں۔ اس طرح اس میٹنگ کا venue change ہوا۔ پاکستان میں fix ہوا، اتوار کو ایک دن آگے اور وہ سب 29 کو یہاں تشریف لائے۔ ہماری تینوں ملکوں کے ساتھ bilateral meeting بھی ہوئی لیکن main جو تھی، وہ quadrilateral meeting بھی ہوئی۔ اس کی بھی جو host country statement ہے، وہ ساتھیوں نے دیکھی ہوگی، ہم نے اس میں یہ بھی make sure کیا کہ ہم ایران کے حوالے سے کوئی condemnation کا لفظ use نہ کریں کیونکہ being host country وہ ہمارا prerogative تھا۔ للذا، وہ statement موجود ہے، اگر آپ چاہیں گے تو میں statement بھی پیش کر دوں گا لیکن وہ ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔ 19 مارچ کو جو بارہ ممالک کا اعلامیہ ہوا تھا، وہ بھی موجود ہے اور جو 29 مارچ کو host country summary statement of group of four تھی، وہ بھی موجود ہے۔

جناب چیئرمین! یہ جو میری تقریباً ساٹھ calls ہیں، ان میں چین کے وزیر خارجہ کے ساتھ بھی میری extensive بات چیت ہوتی رہی۔ چین، دنیا میں ایک بڑی power ہے، اس خطے میں اس کا ایران سے بے پناہ اچھا اور close تعلق ہے۔ میں نے چین کے وزیر خارجہ وانگ ای صاحب سے بات کی، تقریباً ایک گھنٹہ یعنی 58 یا 59 منٹ بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ آپ ایک دن کے لیے چین آئیں۔ انہوں نے مجھے تین چار dates دیں، بہرحال 31 مارچ کی تاریخ طے ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ 31 مارچ کو ایک دن کے لیے آپ ضرور آئیں اور ہم بات

کریں گے۔ الحمدللہ، میں 31 مارچ کو گیا۔ اس کا ایجنڈا صرف اس خطے کا peace امن اور جو کچھ اس وقت ہم اپنا role play کر سکتے ہیں، وہ تھا۔ میں مشکور ہوں کہ انہوں نے کہا کہ آپ کے آنے پر ہم دونوں ممالک مل کر دنیا کو ایک پیغام دیں۔ (T14 پر جاری ہے)

T14-7April2026 Abdul Razique/Ed: Waqas Khan 05:40 p.m.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: (۔۔۔۔جاری) تو میں مشکور ہوں کہ انہوں نے کہا کہ آپ کے آنے پر ہم دونوں ممالک مل کر دنیا کو ایک پیغام دیں اور what is now called the Five Points Initiative Plan for Peace in the Region اور ان پانچ points پر ہماری آپس میں اچھی خاصی discussion ہوئی اور جب ان پر ہمارا consensus ہوا تو میری موجودگی میں کیونکہ میں نے اگلے دن صبح واپس چلنا تھا تو late night انہوں نے اسے public کیا اور release کیا۔ وہ بھی ریکارڈ پر موجود ہے اور جو ساتھی دیکھنا چاہیں، وہ دیکھ سکتے ہیں۔ درجنوں ممالک نے پھر interest show کیا کہ آپ دونوں نے جو یہ کام کیا ہے یا جو چار ممالک کر رہے ہیں، ہماری support آپ کے ساتھ ہے۔ پاکستان جو کچھ کر رہا ہے، ہم اسے appreciate کرتے ہیں۔ UN نے بھی خود اس کی support کی۔ آج سے تقریباً دو ہفتے پہلے UN Secretary General نے مجھے فون کیا اور انہوں نے کہا کہ پاکستان جو کوششیں کر رہا ہے، ہم بہت appreciate کرتے ہیں اور ہم support بھی کرتے ہیں اور یہ نہ سمجھیں کہ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ UN کے پاس یہ معاملہ لے آئیں یا ہم اس میں داخل ہوجائیں۔ انہوں نے کہا کہ صرف آپ کو appreciate کرنے اور پاکستان کو support کرنے کے لیے آپ کو فون کر رہا ہوں۔ اقوام متحدہ سے کوئی بھی assistance درکار ہو، please you are only one telephone call away. یہ جو تمام چیزیں ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ پاکستان کا فرض ہے۔ پاکستان کو 57 اسلامی ممالک میں اللہ تعالی نے کئی حوالے سے ایک unique مقام بخشا ہے۔ آپ سمجھ لیں کہ میں کیا کہہ رہا ہوں۔ اگر اللہ نے اسی کو صرف nuclear power بنایا ہے اور اسی کو ایک credible missile power بنایا ہے تو اس کی ذمہ داری بھی زیادہ ہے۔

جب US agree ہوا تو انہوں نے اپنی 15 points wishlist دی جو ہم نے امانتاً آگے ایران کو دی۔ اسی طرح ایران نے اپنی 5 points wishlist دی جو امریکہ کو دی گئی۔ ابھی بات چیت ہو رہی تھی کیونکہ ظاہر ہے ایران کا اپنا ایک سسٹم ہے۔ وہاں ایک political government ہے اور اس کے اوپر ان کا Supreme Leader and IRGC ہے۔ وہ ایک structure ہے اور obviously کہہ لیں کہ جب انہیں وہاں سے green light ملتی ہے تو وہ آگے چلتے ہیں۔ ہماری بڑی positive بات چیت

ہوئی اور پہلے ہم نے کوشش کی کہ کم از کم ایکpause آئے اور پھر چھ دن کا pause آیا۔ ہم نے پھر ایک اورpause کی کوشش کی تو10 دن کا ایک اورpause آیا جو آج رات 12 بجے ختم ہو رہا ہے لیکن unfortunately کل جوdevelopments ہوئی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ وہ بڑی ہی خطرناک ہوئی ہیں۔ اللہ ہم سب کو عقل دے کہ ہم چیزوں کو صحیح طرح سےmanage کرسکیں اور انہیںhandle کریں۔ جب دیکھا گیا کہ بالکل اب قریب آگیا کہ شاید ہم دونوں parties کو بٹھا لیں گے تو کل رات اسرائیل نے ایران پر بہت بڑا حملہ کر دیا اور اس کے نتیجے میں انہوں نے رات جبیل پر بہت بڑا حملہ کر دیا۔ جبیل سعودی عرب میں ہے اور وہاں ان کا بہت بڑا petro and industrial set up ہے۔ اس نے معاملات کو بہتcomplicate کر دیا ہے اور میں اس سے آگے ابھی کچھ نہیں کہوں گا کیونکہ لا تقنطو من رحمت اللہ! یہ تو ہمارا ایمان ہے۔ ہم نے آخری منٹ تک کوشش کرنی ہے اور پوریeffort کرنی ہے۔ اس کا جوresult ہے، وہ اللہ تعالی کے ہاتھ میں ہے۔ ظاہر ہے ہم کسی کو زبردستی تو نہیں لا سکتے اور یہ تمام کوششیں ہم پہلے گھنٹے اور پہلے دن یعنی 28 فروری سے کر رہے ہیں اور یہ ہمارا فرض ہے۔ اس وقت یہstatus ہے۔ اللہ کرے کہ معاملات بہتری کی طرف جائیں اور میں کل رات سے پہلے بڑا پر امید تھا کہ بڑی جلدی یہاں یہ دونوں ممالک بیٹھیں گے۔ ہم پوری طرح facilitate کر رہے ہیں۔ جیسے جون 2025 میں ایران کو راستہ ملا تھا، اسی پیرائے میں اللہ کرے کہ ایک dignified and honourable طریقے سے یہ دوبارہconflict بند ہو۔ اس کے جو consequences ہیں، وہ پورے خطے میں بڑے گھناؤنے ہیں اور پاکستان is no exception.

ہم دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان میں اور جیسے میں نے عرض کیا کہoil prices کے حوالے سے میرے ساتھی جناب علی پرویز ملک صاحب کل پورےfacts کے ساتھ House کوbrief کریں گے۔ جو کل گزرا ہے، انہوں نےNational Assembly میں پورا brief کیا تھا اور آج کچھ unavoidable حالات کی وجہ سے یہاں نہیں آسکے۔ یہ معاملہ جتناdeep ہوتا جائے گا، جوconsequences ہیں، وہ سب پر آئیں گے۔ آپ دیکھیں کہ وہ چیز جو آج سے تقریباً پانچ ہفتے پہلے جس قیمت میں مہیا تھی، اس وقت وہ تقریباً ڈھائی گنا ہو چکی ہے۔ اس کا ایکspiral effect ہے۔ جوeconomists ہیں، وہ already کہہ رہے ہیں کہ اسconflict کی وجہ سے اگلے سال شاید دنیا کیGDP کاone-third کم ہو جائے۔ جیسے میں نے کہا کہ اللہ حفاظت کرے، محفوظ رکھے اور پاکستان کی کوششوں کو قبول کرے۔ اس کے نتیجے میں ہم یہ سبب بنیں کہ اس خطے میں دوبارہ امن واپس لاسکیں اور کوئیdignified صلح صفائی ہو جائے۔ یہ ہماری

کوششیں ہیں۔ ابھی میں تفصیل میں زیادہ نہیں جاسکتا لیکن جب یہ معاملات ہو جائیں گے تو بہت کچھ ہے جو میں share کرسکتا ہوں۔ جیسے میں نے عرض کیا کہ اس point پر اس سے زیادہ جانا شاید اس تمام معاملے کے interest میں نہیں ہوگا کیونکہ obviously ہر ایک کی ایک position اور انا ہوتی ہے لیکن ہم نے 28 فروری کی صبح سے لے کر کل رات تک بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔ Foreign Office لگا ہوا ہے، Prime Minister صاحب لگے ہوئے ہیں اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی non-stop لگے ہوئے ہیں لیکن یہ سب اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور آپ دعا کریں کہ عزت وآبرو کے ساتھ کوئی بہترین راستہ نکلے۔

جناب قائد حزب اختلاف فرما رہے ہیں کہ میں سیاسی معاملات پر کچھ کہوں۔ دیکھیں وزیراعظم شہباز شریف صاحب نے بات چیت کے لیے offer کیا تھا اور وہ تیار ہیں۔ میں انہیں remind کراتا ہوں۔ اگر بات چیت وزیراعظم اور اپوزیشن کے درمیان ہو تو بیچ میں کوئی رکاوٹ ہونی نہیں چاہیے۔ میں آپ کی طرف سے انہیں remind کرواتا ہوں۔ یہ ان کی offer بھی ہے۔ حالات اس طرح کے ہیں کہ آج کل تین، تین اور چار، چار دفعہ انہیں ایک ہی subject پر meeting کرنی پڑتی ہے۔ آج تین meetings ہو چکی ہیں اور ابھی ساڑھے سات پھر ایک meeting ہے۔ حالات اس طرح کے ہیں کہ we have to be fully engaged and available 24 hours. بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ، نائب وزیر اعظم، وزیر خارجہ اور Leader of the House اسحاق ڈار صاحب۔ جو national and international issues ہیں، اس پر پوری قوم اور بالخصوص حکومت اور وزیر خارجہ نے بہت ذمہ داری کا ثبوت دیا ہے اور یقیناً یہ خراج تحسین کے بھی مستحق ہیں۔ House کی طرف سے بھی انہیں بھرپور داد ملنی چاہیے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے علاوہ میرے پاس ایک بڑی لمبی لسٹ ہے اور بہت سے دوست اس پر بات کرنا چاہتے ہیں۔ قائد حزب اختلاف آپ نے تو سب کے حصے کی بات کر دی ہے مگر پھر بھی دل بڑا کرنا ہے مگر ایک دن میں دل بڑا نہیں ہو سکتا۔ اگر House کی مرضی ہو اور ہمیں اجازت دے تو کل اس پر بات کریں گے۔ جی قائد ایوان۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئر مین! میری گزارش ہے کہ آپ بھی دل بڑا کریں اور ایوان کو چلنے دیں۔ تمام اپنی، اپنی باتیں کریں اور پھر ان کا جواب آئے۔ کوئی مسئلہ نہیں ہے .and we are all one میں Government کی طرف سے یہ endorse کرتا ہوں کہ آپ کارروائی چلائیں اور ساتھیوں کو بات کرنے دیں، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: جی ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب۔ آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں؟

**Dr. Tariq Fazal Chaudary**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: Leader of the House نے بات کرلی ہے اور میری بات کرنے کی ضرورت نہیں تھی لیکن میں ایوان کو اس بات پر appreciate کرتا ہوں کہ اس وقت ملک کی، اس خطے کی اور پوری دنیا کی جو صورتحال ہے، اس حوالے سے یہاں ایک انتہائی سنجیدہ debate ہو رہی ہے۔ جتنے بھی Opposition کے concerns تھے، ہمارے اور Opposition کے ذہنوں میں جتنے بھی سوالات تھے، Deputy Prime Minister نے بڑے satisfactory طریقے سے جس حد تک brief کیا جا سکتا تھا، انہوں نے کیا۔ باقی اگر آپ یہ debate آگے لے کر چلیں گے تو ان شاءاللہ Petroleum Minister اسے wind up کرلیں گے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: شکریہ۔ جی سینیٹر مولانا عطا الرحمان صاحب۔

**Senator Atta-ur-Rehman**

سینیٹر عطا الرحمان: نحمدہ ونصلی علی رسول الکریم۔ اما بعد۔ ایک تو میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے اس ایک انتہائی حساس موضوع پر بات کرنے کا موقع فراہم کیا۔ اس وقت ملکی اور بین الاقوامی سطح پر جو صورتحال بنی ہوئی ہے، اس میں دو رائے نہیں ہے کہ۔۔۔۔

(جاری۔۔۔۔۔۔T15)

T15-07April2026 Ali/Ed: Shakeel 05:50 pm

سینیٹر مولانا عطاالرحمٰن: (جاری ہے۔۔۔۔۔)اس وقت جو صورتحال بنی ہوئی ہے بین الاقوامی سطح پر، ملکی سطح پر، اس میں دو رائے نہیں ہے کہ ملت پریشان ہے اور ہر ایک شخص کے اندر ایک احساس ہے کہ یہ خطہ کس طرف جارہا ہے اور پھر بین الاقوامی قوتوں میں ہم جس قوت کو لا رہے ہیں کہ کوئی فیصلہ کریں گے، ان کو بٹھائیں گے، کوئی بات کریں گے؛ یہ میرے خیال میں کائنات میں دو یا تین شخصیات ایسی ہیں جو اپنے آپ کو عقل کل سمجھتی ہیں اور وہ انتہائی بے وقوف لوگ ہیں اور ان میں جو سب سے پہلا نمبر ہے وہ ہمارے Trump Sahib کا ہے، جو بذات خود

سمجھتا ہے کہ میں دنیا کا سب سے ہوشیار ترین آدمی ہوں۔ میں اگر بین الاقوامی اس کو دیکھوں اور پھر یہاں اپنی حکومت کو دیکھتا ہوں، اپنے لوگوں کو دیکھتا ہوں، تو حیران ہوتا ہوں کہ اب آقا جو ہے وہ لڑائی لڑے گا اور غلام اس کے فیصلے کروائیں گے۔ مجھے تو سمجھ نہیں آئی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے بھی آپ کی بات سمجھ نہیں آئی۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: کہ دو ہاتھی آپس میں لڑیں گے اور درمیان میں چوہے کہیں گے کہ ہم آپ کا فیصلہ کرواتے ہیں۔ یہ مناسب نہیں ہے کہ ہم اس طرح کی گفتگو کریں کہ ہم تو بہت بڑا میدان مارکے آئے ہیں اور یہ کر دیا ہے اور وہ کر دیا ہے اور پھر عجیب تر بات یہ ہے ہمارے وزیراعظم صاحب کہتے ہیں کہ دونوں فریق پانچ پانچ ارب روپے ضمانت کے طور پر ہمارے پاس رکھیں، پھر اس کے بعد بات کریں گے۔ تو آپ پر پانچ روپے کا کوئی اعتماد کرنے کو تیار نہیں ہے، تم پانچ ارب روپے، پھر یہ کون اعتماد کرے گا کہ کس طرح اس کو چلائیں گے؟ ابھی تک ہمیں ground کا پتا ہی نہیں ہے، ہم ویسے آنکھیں بند کرکے بین الاقوامی حالات پر تبصرہ کرنا شروع کر دیتے ہیں، میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے۔ آپ کو چاہیے تھا کہ House کو بلاتے، House کو بٹھاتے اور پھر اس کے بعد House کا sense لیتے کہ کیا واقعی ہم اس قابل ہیں کہ ہم ان ہاتھیوں کے درمیان کوئی صلح صفائی کروا سکیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ یہ جو بات کر رہے ہو تو آپ sense میں حصہ لے رہے ہو، اتنے جمہوری ماحول میں آپ کی بات سن رہے ہیں۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: میں عرض کروں، یہ تو government کا کام تھا نا کہ Parliament اس طرح کا sense لیتی اور پھر یہ Parliament جس طرح بنتی ہے اور جس طرح بنائی گئی ہے اور ابھی بھی کچھ ساتھیوں نے بات کی ہے Form-47 اور Form-45 پتا نہیں مجھے اتنا اندازہ نہیں ہے لیکن، اب آپ خود اندازہ کریں کہ Form-47 والے بات کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مغرب کی اذان کا وقت ہو رہا ہے۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: کہ ہم تو بین الاقوامی قوتوں کی صلح کروانے جا رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے کہا کہ مغرب کا وقت ہے تو اچھی تجاویز پیش کریں۔۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: یہ مذاق نہیں ہونا چاہیے اور ہمیں سوچنا چاہیے کہ ہماری حیثیت کیا ہے، ہم کیا کر سکتے ہیں؟ ہم کہیں اپنی حیثیت سے بڑھ کر تو کچھ نہیں کر رہے ہیں اور اگر ہم اپنی حیثیت سے بڑھ کر کچھ کریں گے تو میرے خیال میں اس میں نقصان ہوگا، فائدہ کچھ نہیں

ہوگا۔اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پاکستان خطے میں ایسی جگہ موجود ہے کہ اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے لیکن کیاخود ہم کسی فکر سے آزاد ہیں؟ کیا خود ہم اپنے ملک میں کسی فیصلے کرنے میں آزاد ہیں؟ ہم تو ایک toll tax لینے کی بھی روادار نہیں ہیں، ہم تو اپنے ملک میں کسی سے کوئی چیز مانگ نہیں سکتے اور پھر ہم کہتے ہیں پانچ ارب روپے ضمانت کے طور پر جمع کراؤ تب ہم آ کر آپ کا فیصلہ کریں گے؛ یہ مذاق چھوڑیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر انوشہ رحمان صاحبہ، برائے مہربانی بات نہ کریں۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: بین الاقوامی قوتیں بھی آپ کو جانتی ہیں، آقا بھی آپ کو جانتے ہیں، غلام کی حیثیت سے تم نے ساری زندگی وقت گزارا ہے، غلام کی حیثیت سے وقت گزارو زیادہ بہتر ہوگا۔ نمبر ایک، یہ مؤقف اگر میں عرض کروں، ہماری جماعت کا مؤقف ابھی تک نہیں آیا، وہ جو ہوگا لیکن یہ میری اپنی ذاتی رائے ہے کہ ہمیں اپنے لحاف میں پاؤں پھیلانے چاہیے، ہمیں لحاف سے باہر پاؤں نہیں پھیلانے چاہیے۔ دوسری گزارش یہ کرنی ہے کہ اس وقت ملک جس مہنگائی کی طرف جارہا ہے اور petroleum مصنوعات کو جس طرح ایک ہوا بنادیا گیا ہے، ایک طرف ہم کہتے ہیں کہ ہمیں اجازت مل گئی ہے اور پاکستانی پرچم کے ساتھ جو جہاز آبنائے ہرمز سے گزریں گے، وہاں ان سے کوئی tax, کوئی چیز پابندی نہیں ہوگی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہاں سے ہمارے مولانا صاحب نے بڑی عجیب بات کی کہ [***][1]

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایسی باتیں نہ کریں جس سے لوگوں کو سمجھ نہ آئے، اس کو expunge کرتے ہیں، میں اس کو expunge کرتا ہوں، جو لوگوں کو سمجھ نہ آئے ایسے سخت سوالات نہ کریں۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: ایسی باتیں مت کریں جس سے لوگوں کو تکلیف ہو، تو پھر ہم کہیں اور جا کر کریں، جی، پھر ہم کہیں اور جا کر یہ سوالات کریں، press کے سامنے کریں، کہاں کریں گے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے غلط نہیں کہا کہ بڑے مولانا صاحب نے کہا چھوٹے کے منہ سے، آپ بات کریں۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: میں ایک گزارش کروں، مہنگائی کے متعلق واویلا ہو رہا ہے، ہم نے یہ پوچھا ہے کہ وہاں سے جو جہاز گزرے ہیں، تو وہ گئے کہاں ہیں؟ کیا وہ کراچی پہنچے؟ کیا ان کا تیل اتارا گیا؟ کیا کہیں اور تو نہیں بھیجے گئے؟ یہ ہمارے سوالات ہیں، اگر آپ اس پر ناراض ہوتے ہیں کہ آپ یہ سوال بھی نہ کریں، کہ جس سے جہاز گزارے ہیں، ان سے یہ پوچھیں بھی نہیں کہ کس کے جہاز گزارے ہیں، کس کو پہنچائے ہیں، تو پھر ٹھیک ہے، آپ خاموش رہیں؛ ہم تو خاموش نہیں رہیں گے، ہم تو اپنی بات کریں گے، ہم تو پوچھیں گے اور ہمارے مرکزی

[1] "Word expunged as Ordered by the Chair."

جماعت نے call دی ہے جمعہ کے دن مہنگائی کے خلاف احتجاج کرنے کی، آپ کو بتائیں گے کہ حقیقی معنوں میں اس قوم کی نمائندگی کرنے والے لوگ کون ہیں۔ یہ Form-47 کے لوگ قوم کی نمائندگی نہیں ہیں اور یہاں پر موجود قوم کے نمائندے آپ کی رہنمائی کرتے رہیں گے، آپ کو بتلاتے رہیں گے اور آپ دیکھیں گے کہ جمعہ کے دن یہ قوم کس طرح نکلتی ہے اور حقیقت میں اس ملک کے مشکلات سے نکالنے کے لیے قیادت کی سوچ کیا ہونی چاہیے، کس طرح اس ملک کو اور اس قوم کو مشکل سے نکالا جاتا ہے اور جب ہماری اپنی سوچ نہ ہو، ہم کسی دوسرے کی سوچ کو اپنا کر ملک کی خدمت کرنا چاہیں گے، تو ایسا نہیں ہوتا۔ لہٰذا میں دست بستہ آپ سے بھی گزارش کروں گا کہ کم از کم ہمیں بولنے کی اجازت ہونی چاہیے، ہمیں کم از کم آپ اس سے نہ روکیں کہ فلاں کے خلاف بات نہ کریں، یہاں نہیں کریں گے تو کہاں کریں گے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری صرف گزارش یہ تھی کہ Leader of the House اور Leader of the Opposition نے بڑی اچھے ماحول میں بات کی ہے، اس میں rhythm قائم رہے۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: یہ ان کی ضرورت بھی ہے، حضرت، کہ بحث اچھے ماحول میں ہو۔ میں تو یہ گزارش کروں گا کہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک اچھا، positive بات جائے، جو rhythm بنا ہوا ہے وہ قائم رہے۔

سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن: میں تو یہ گزارش کروں گا، آپ ذرا میری بات سن لیں، میں یہ گزارش بھی کروں گا کہ ہمارے تحریک انصاف کے ساتھی جو ہیں، ان کی خدمت میں بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس طرح لیڈر آزاد نہیں ہوتے، اس طرح آپ آزاد کروانا چاہتے ہیں اور اڈیالہ کے سامنے Parliamentarians کا دھرنا، اس طرح آزاد نہیں ہوں گے۔ آج ہمارے ایک صوبائی ممبر صاحب نے House میں کہا کہ ہمیں یہ case ٹھیکے پر دے دو، دوسرے دن اگر عمران خان باہر نہ ہوا تو ہمیں چوڑیاں پہنا دو۔

Mr. Deputy Chairman: No cross talk. (continue.....T16)

**T16–07Apr2026 Imran/ED: Irum 06:00 pm**

Mr. Deputy Chairman: (Continued....) No cross talking please.

سینیٹر عطاء الرحمٰن: آپ ذمہ دار نہیں ہیں۔ آپ جس طرح کی یہاں آ کر بات کرتے ہیں لیکن میں ایک گزارش کروں کہ ان کے تلوے ابھی گرم زمین پر نہیں لگے۔ جس وقت ان کے گرم زمین پر تلوے لگیں گے، پھر میں ان سے پوچھوں گا کہ کیا حال ہے۔

**(مداخلت)**

سینیٹر عطاء الرحمٰن : ہمیں پورا پتا ہے، آپ ذرا تھوڑا حوصلہ رکھیں۔ لہٰذا، آپ میں تو اتنا حوصلہ نہیں ہے کہ کسی House میں اپنا لیڈر لا کر بٹھاتے۔ دوسری پارٹیوں کے لیڈر بٹھا کر ہمیں کہتے ہیں کہ ہم نے تو تیس مار خان والا کام کر دیا ہے۔ گزارش یہ ہے کہ ہم اس ملک کی سیاست میں جس طرح چل رہے ہیں، اس طرح یہ ملک نہیں چلے گا۔ ہم جن کی خدمت کرنا چاہتے ہیں، اس طرح خدمت نہیں ہوتی۔ ہم نے اس ملک سے وفاداری کا حلف اٹھایا ہے اور ہمارا کارکن، ہماری جماعت اور ہمارے ساتھی اس ملک کے ایک ایک انچ پر اپنا خون بہانے کو تیار ہیں۔

ان کی تاریخ بھی ہمیں معلوم کہ ان لوگوں نے ملک کی کتنی خدمت کی ہے اور اپنی کتنی خدمت کی ہے؟ لہٰذا اُس طرف نہ جائیں۔ ہم اس ملک کو بھی جانتے ہیں، اس کے جغرافیے کو بھی جانتے ہیں، یہاں کے لوگوں کو بھی جانتے ہیں اور اُن لوگوں کو بھی جانتے ہیں کہ رات کی تاریکی میں کہاں کہاں باتیں ہوتی ہیں اور کس طرح ان لوگوں کو اقتدار میں لایا جاتا ہے۔ لہٰذا ہمیں اس بات پر مجبور نہ کیا جائے۔

میں ایک مرتبہ پھر گزارش کروں گا کہ مہنگائی اس قوم کا مسئلہ ہے اور جمعہ کے دن ان شاء اللہ جمعیت علمائے اسلام کے کارکن آپ کو بتائیں گے کہ احتجاج کسے کہتے ہیں اور احتجاج کس طرح ہوتا ہے؟ اور پھر ہم دیکھیں گے کہ آپ کیا کرتے ہیں؟ عجیب بات یہ ہے کہ بین الاقوامی سطح پر پیٹرول کی کیا position ہے؟ ہمارے ملک میں آنے کی اُن کو کھلی اجازت ہے اور ٹیکس معاف کر رہے ہیں اور ادھر ہم آئے روز اُس کی قیمتیں بڑھا رہے ہیں۔ چار پانچ سو تک پہنچا کر پھر کہتے ہیں ہم نے اسی روپے کم کر دیے ہیں۔ کیوں اس ملک اور قوم کے ساتھ مذاق کرتے ہیں؟ کیوں ان لوگوں کو آپ نے پاگل سمجھا ہوا ہے کہ یہ قوم کچھ نہیں سمجھتی؟ آنکھیں بند کر کے ہم جو فیصلے کریں گے اور ہمیں اوپر سے جو orders ملیں گے ہم اُسی طرح کریں گے۔ لہٰذا اس قوم کے درد کو پہچانیں۔

اس ملک میں مہنگائی ایک پیٹرول کی قیمتوں میں ہی نہیں ہوئی ہے۔ پیٹرول تو نام ہے، ڈیزل تو نام ہے، گزارش یہ ہے کہ آج ریڑھی پر جو غریب چھابڑی والا ہے، وہ کس پریشانی کا سامنا کر رہا ہے؟ میرا مزدور کس پریشانی کا سامنا کر رہا ہے؟ جس کے گھر میں پانچ چھ بچے بیٹھے ہیں، وہ کس پریشانی کا سامنا کر رہے ہیں؟ ہمیں غریبوں کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ اس فارم سینتالیس کے نیچے آؤ گے تو پھر قوم کی پرواہ نہیں ہوگی، پھر جو order دینے والا ہے، اُس کی پرواہ کی جاتی ہے۔

لہٰذا جمعہ کو ہم ان شاء اللہ احتجاج پر جا رہے ہیں اور اس قوم کو اور اس ملت کو اور یہاں کے لوگوں کو بتائیں گے کہ اصل قوت کس کی ہے؟ اصل قوت کے اور قوم کے نمائندے کون ہیں؟ لہٰذا اس چیز پر آپ مہربانی کریں۔ اب اگر پاکستان کو دونوں طرف سے پانچ ارب ڈالر کی یہ

ضمانت مل گئی ہے تو پھر ذرا ڈار صاحب ہمیں بھی خوش خبری سنا دیں تاکہ ہم بھی کوئی مستقبل کا سوچیں کہ کیا کرنا ہے، کیا نہیں کرنا ہے۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔ بڑی مہربانی۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے منہ میں پانی بھی آ رہا ہے۔ جی اعظم صاحب۔

**Senator Azam Nazeer Tarar – Federal Minister for Law and Justice**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: مولانا نے فصاحت میں بہت ساری باتیں کر دیں، میرے تو بڑے بھائی ہیں اور بڑے محترم ہیں لیکن record درست رہنا چاہیے۔ کل علی پرویز صاحب ساری بات بتائیں گے۔

**(مداخلت)**

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا عطاء الرحمٰن صاحب، .No cross talk please

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں نہیں ان شاء اللہ، درست ہے، درست رہے گا، جب دامن صاف ہو، جب آپ نیک نیتی سے کام کر رہے ہوں، آپ corruption میں بالکل ملوث نہ ہو، آپ سیاست کو عبادت سمجھ کر کریں تو بڑے حوصلے سے بات ہونی چاہیے ان شاء اللہ العزیز اور یہ challenge ہے کہ شہباز شریف کی کابینہ پر آپ خود ہی عدالت میں مقدمہ چلا کر دیکھیں اگر کوئی ایسا scandal نکلا تو ہم ذمہ دار ہیں۔

**(مداخلت)**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہاں لگا لیں، جناب یہاں لگا لیں۔ جو مولانا نے بات کی ہے کہ جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کے باوجود تیل سستا کیوں نہیں ہو رہا تو صرف عرض یہ ہے کہ اٹھائیس فروری سے پہلے crude oil کی قیمت سڑسٹھ ڈالر تھی، جو کبھی ایک سو پچیس پر جاتی ہے، کبھی ایک سو آٹھ پر آتی ہے اور کبھی ایک سو سترہ پر آتی ہے۔ صرف یہاں تک بات نہیں ہے۔ اُس کے اوپر جو کمپنیاں ہیں وہ premium لیتی ہیں۔ پہلے وہ premium پانچ سے سات ڈالر ہوتا تھا۔ جناب، اب وہ پچاس پچاس ڈالر فی بیرل پر چلا گیا ہے۔ ایران نے آبنائے ہرمز میں کوئی tax نہیں لگا رکھا کہ اُس کی وجہ سے تیل مہنگا ہو رہا ہے۔ اُنہوں نے تو یہ کہا ہے کہ ہاں، اگر گزریں گے اور اگر ہماری بات نہ مانی گئی تو ہم یہ regime بھی رائج کر سکتے ہیں ورنہ وہ جسے اجازت دیتے ہیں وہ گزرتے ہیں۔

اللہ کی مہربانی سے ہمارے جو ہمسایہ ملک سے تعلقات ہیں اور جو ہم نے خطے کے امن کے لیے کردار ادا کیا ہے، اُس کی recognition میں انہوں نے پاکستانی جہاز نہیں روکے لیکن میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ مولانا عطاء الرحمٰن صاحب یا اعظم نذیر تارڑ

یہاں بیٹھ کر تیل کی قیمت نہیں طے کر سکتے۔ تیل کی قیمت عالمی منڈی میں طے ہوتی ہے اور وہ اُسی قیمت پر ملے گا جس قیمت میں وہاں پر بک رہا ہے۔ وہ آپ کو dole out نہیں کریں گے اور اُس کا premium بھی وہی ادا کرنا پڑ رہا ہے جو premium وہاں پر کمپنیاں لے رہی ہیں۔ تو اس لیے جہاز گزرنے کی وجہ سے نہ تیل مفت ملے گا اور نہ ہی تیل آدھی قیمت پر ملے گا۔ اسی وجہ سے پاکستان میں تیل کی کمی نہیں ہوئی کہ ہم نے پیٹ کاٹ کر جس قیمت پر وہاں سے اُٹھایا، اُسی قیمت پر یہاں پر لے آئے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج بھارت کی طرح آپ کے petrol pumps کے باہر دو دو کلومیٹر کی lines نہیں لگیں اور تیل میسر ہے۔

وزیر اعظم نے IMF کے پروگرام کی وجہ سے جو ڈیزل پر ہم levy لے رہے تھے، اُس کو زیرو کرکے اُس کو پیٹرول کے اوپر shift کر دیا ہے۔ ڈیزل کی قیمتیں آج بھی عالمی منڈی میں انتہائی بلند ہیں کیونکہ اُس کی طلب زیادہ ہے، پیٹرول سے بہت زیادہ ہے اور ڈیزل تاریخ میں کبھی اتنا مہنگا نہیں ہوا جتنا آج کل مہنگا ہے۔ ڈیزل کی historically سب سے زیادہ قیمت آج کل ہے، refined diesel جو میں آپ سے عرض کر رہا ہوں۔ تو اس backdrop میں وزیر اعظم نے وزیر خزانہ کو ہدایت کی کہ چونکہ عام آدمی، موٹر سائیکل والا، three wheeler رکشہ والا، BIKEA والے پیٹرول استعمال کرتے ہیں تو ہم motorbikes والوں کو ہر liter کے اوپر سو روپیہ اور مہینے کی 20 liters targeted subsidy دے رہے ہیں جو کہ اُن motorbikers کے digital wallets میں جائیں گی لیکن آپ اُن سے بات کرکے یہ exempt کروائیں۔

اگلے روز IMF سے engage کرنے کے بعد وہ levy حکومت نے اب ختم کی تو اُس کی قیمت نیچے آئی۔ وہ کچھ جرم نہیں کیا گیا بلکہ عوام کا بھلا ہی کیا گیا ہے اور کوشش کرکے اور IMF programme کو carve out کرکے اُس میں سے وہ آسانی نکال گئی ہے جس کی وجہ سے قیمت دوبارہ نیچے آئی۔ ڈیزل پر اس وقت کسی قسم کی کوئی levy نہیں لی جا رہی۔ اُسے اُسی قیمت پر بیچنے کی اجازت ہے جس قیمت پر وہ پاکستانی ports پر carriage کے بعد پڑ رہا ہے۔ اس پر تفصیلی بات کل Minister for Petroleum کر دیں گے لیکن اس بات کی وضاحت کرنا ضروری ہے۔ مولانا نے کہا کہ وہ جمعہ کو احتجاج کریں گے تو یہ آپ کا جمہوری حق ہے، ضرور کریں لیکن حکومت نے ان حالات میں پچھلے ایک ماہ سے جو ضروری اقدامات لیے ہیں وہ آپ سب کے سامنے ہیں۔ ہم نے وفاقی حکومت کے بجٹ میں جو transport and fuel کے حوالے سے اخراجات ہیں، اُس میں پچاس فیصد کی کٹوتی کی ہے۔ کابینہ کے ارکان نے اپنی گاڑیاں surrender کیں ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہماری اپنی گاڑیاں بھی surrender ہوئی ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سب کی گاڑیاں surrendered ہیں۔ ہم نے رضاکارانہ طور پر وزیراعظم کی ہدایت پر کہا ہے کہ ہم آئندہ چھ ماہ بھی اپنی تنخواہیں نہیں لیں گے۔ پارلیمان کے ارکان کو بھی یہ سہولت دی گئی ہے اور اُنہوں نے بھی تنخواہیں چھوڑی ہیں۔ آپ کے تمام سرکاری دفاتر کا جو فیول کا خرچہ تھا، میں دوبارہ کہوں گا کہ اُسے پچاس فیصد کر دیا گیا ہے اور اُس سے زیادہ allowance ہے ہی نہیں۔ تو یہ وہ سارے اقدامات ہیں۔

اس کے علاوہ markets کی بندش بھی ایک جائز بات ہے۔ دنیا میں کہیں بھی markets غروب آفتاب کے بعد نہیں کھلتیں لیکن ہم کہتے ہیں نہیں! ہم ایک ایک بجے تک بیٹھیں گے۔ بھائی یہ جنگی حالات ہیں۔ سارا خطہ جل رہا ہے۔ معیشتیں ڈوب گئی ہیں، بڑی بڑی معیشتیں جن کی طرف لوگ اس طرح دیکھتے تھے، وہ ڈوب رہی ہیں تو ہمیں بھی خیال کرنا چاہیے۔ میں آپ سے استدعا کروں گا کہ آپ ان حالات کو سامنے رکھتے ہوئے احتجاج ضرور کریں لیکن ہمارا ساتھ دیں۔ ان بچت کے programmes میں آپ بھی ہمارا حصہ بنیں اور markets کو رات آٹھ بجے بند کرانے کے لیے اپنا تعاون کریں۔ تاجر تنظیموں سے بات کریں۔ (جاری۔۔۔T17)

**T17-07April2026 Abdul Ghafoor/ED: Waqas 6:10 PM**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: (جاری۔۔۔) ان میں آپ بھی ہمارا حصہ بنیں اور مارکیٹس کو رات آٹھ بجے بند کرانے کے لیے اپنا تعاون کریں۔ تاجر تنظیموں سے بات کریں، جو subsidy ہم فراہم کر رہے ہیں ہم آپ کو بریفنگ دینے کے لیے تیار ہیں، جو targeted subsidy ہے اس کو ہم پہنچانے کے لیے جہاں پر شکوہ شکایت ہو، اس میں ہماری مدد کریں۔ قومیں اس طرح اوپر جاتی ہیں کہ مشکل حالات میں اپنے فروعی تضادات ہیں، ان کو ختم کرکے ایسے یک جا ہو جاتے ہیں۔ پوری دنیا آپ کی تعریف کر رہی ہے۔ پوری عالمِ اسلام آپ کی طرف دیکھ رہی ہے، آپ بھی تھوڑی سی نظرِ کرم کر دیں۔ آپ سے یہی استدعا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ۔

**Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur**

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! آج بہت۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مغرب ہونے والی ہے، اگر تھوڑا سا مختصر... میں نے کہا کہ نماز مغرب قریب ہے اس لیے میں نے پہلے سے کہا۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جی، جناب چیئرمین! بڑی مہربانی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، ٹھیک ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: اذان کے لیے بریک دے دیں گے۔ اچھا، آپ نے مجھے موقع دیا۔ دیکھیں، اس وقت پاکستان جن حالات میں ہے اور دنیا جن حالات سے گزر رہی ہے، خارجی طور پر پاکستان کو جو معاملات اس وقت درپیش ہیں۔ ان میں ایک خارجی معاملات ہیں جن کو میں بالکل بڑے کھلے دل سے اور ہماری Leader of the Opposition نے بھی کہا ہے کہ اس وقت حکومت خارجی معاملات کو بہت اچھی طرح لے کے چل رہی ہے۔ مگر یہ ایک پلِ صراط ہے۔ اس پلِ صراط میں دونوں طرف بہت tight rope ہے اور یہ کافی مہینوں سے چل رہا ہے۔ آگے اب جو کل ہوا ہے اور جو آج ہوا ہے، اس کے result میں ہم کیسے لے کے چلیں گے۔ جیسے مولانا عطاالرحمٰن صاحب نے کہا کہ ہاتھیوں کی لڑائی میں چیونٹیوں کی تباہی ہوتی ہے۔ ہمیں اس کو بہت carefully لے کے آگے چلنا ہے۔

ہمارے سوالات، ہم بہت چھوٹے لوگ ہیں۔ ہمارے سوالات اپنے ملک کے بارے میں ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ دنیا میں جو ہو رہا ہے، اس کے بعد اب آپ کی دنیا reset ہونے جا رہی ہے۔ اگر کسی کا خیال ہے کہ ایک مہینے یا جب بھی یہ جنگ بند ہو گی تو حالات پہلے جیسے ہو جائیں گے، اب نہیں ہوگا۔ دنیا ایک نئی resetting، ایک نئے دستور کی طرف جا رہی ہے۔ 78 سال کے بعد اب وقت آگیا ہے کہ ہم اپنی طرف دیکھیں اور اپنے معاملات کو ٹھیک کریں۔ دیکھئے، پاکستان نے 1971 میں بھی امریکہ کو China سے ملوایا۔ Henry Kissinger صاحب کو ہم نے access دی، Richard Nixon صاحب گئے لیکن پاکستان نے ہر باری اپنے قد سے بڑا ہو کر ایک اچھا role play کرنے کی کوشش کی ہے۔ مگر پاکستان کی ایک بہت بڑی کمزوری ہے۔ وہ کمزوری یہ ہے کہ جب ہم سینہ تان کر کہتے ہیں ہم بڑے، ہم مدد کریں گے، ہم آگے آئیں گے اس وقت ہم بھول جاتے ہیں کہ ہماری اپنی ایک قوم ہے، اس کا بھی کوئی interest ہے۔ 1971 میں جب ہم نے Henry Kissinger کو access دی China کی، Zhou Enlai صاحب سے ان کی ملاقات ہوئی Richard Nixon and Henry Kissinger نے یحییٰ خان صاحب سے پوچھا کہ ہم آپ کے لیے کیا کریں۔ ہم اتنے ماشاءاللہ لاابالی ہیں کہ یحییٰ خان صاحب نے کہا، نہیں، ہمیں کچھ ضرورت نہیں۔ اس کے بالمقابل انہوں نے Indira Gandhi صاحبہ سے پوچھا کہ آپ کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں انہوں نے فرمایا آپ ہمارے لیے Indian Institute of Technology بنائیں۔ تو ہر بار، اس کے بعد ضیاالحق صاحب نے کیا انہوں نے افغانستان کی جنگ روس کے خلاف لڑی۔ اس کے بعد مشرف صاحب نے War on Terror کی۔ ہم نے دونوں بار بھی یہی حرکتیں کیں کہ ہم پاکستان کے interest کے لیے negotiate نہیں کر سکتے۔

اب اس وقت بھی ہم سینہ تان کے بہت اچھے کام کر رہے ہیں لیکن پاکستان کے لیے کیا لیا؟ پاکستان کے چوبیس کروڑ عوام کے لیے آپ نے کیا لیا؟ وہ جو بیس جہاز جن پر پاکستان کے جھنڈے لگے چلے مولانا عطاالرحمٰن صاحب نے پوچھ لیا کہ وہ کس کے جہاز تھے، دو پاکستان آئے۔ ان دو میں جو تیل آیا وہ 100 dollars کے حساب سے تھا۔ اب 100 dollars کو آپ convert کریں، اس وقت جو قیمت لگ رہی ہے، اور اس سے پہلے جب آپ نے پچاس روپے بڑھائے تھے، ہمیں حساب تو دیں۔ یہ Oil Marketing Companies کیا ہمارے خدا ہیں؟ بڑے خداؤں کا تو ہم ذکر نہیں کرتے جن کی ہم غلامی کرتے لیکن کیا ہم اپنے ملک میں اپنی عوام کے لیے آسانی نہیں کر سکتے؟ کیا جب ہم امریکہ سے negotiate کر رہے ہیں، ہم ان کے لیے اتنا بڑا کام کر رہے ہیں، کیا ہم ان کو یہ نہیں کہہ سکتے کہ Iran پر sanctions میں ہمیں اجازت دو، ہم Iran سے تیل لیں؟ اگر ہم Iran سے تیل لیں، ہمارا سو روپے سے کم کا تیل ہوگا۔ چلو سو کا بھی ہو جائے، ڈیڑھ سو کا بھی ہو جائے تو ہمیں پاکستان کے interest کے لیے negotiate کرنا چاہیے۔

میں آج comparison نہیں کروں گی کہ PTI کی حکومت میں ہمارا GDP 6% تھا۔ اب پچھلے چار سالوں میں ہماری تجربہ کار حکومت ہے جو چالیس سال سے بالواسطہ اور بلاواسطہ حکومت کر رہی ہے لیکن 1.6 % سے زیادہ GDP کو اوپر نہیں لے کے جا سکے۔ پچھلے سال آپ کی inflation 38% پر گئی تھی۔ poverty کے ریٹ پاکستان میں 45% سے زیادہ ہو چکے ہیں۔ یہ World Bank کے figures ہیں۔ unemployment 21% سے زیادہ ہے۔ آپ بتایئے، تیس لاکھ نوجوان professionals اس ملک کو چھوڑ کر دوسرے ملکوں میں روزگار تلاش کرنے جا رہے ہیں۔ current account deficit آپ کا کدھر جا رہا ہے؟ آپ کی exports گر گئی ہیں، Foreign Direct Investment جس تیزی سے پاکستان سے لوگ بھاگے ہیں، آپ کے پاس اس کی نظیر نہیں ہے۔ State-Owned Enterprises کو آپ نے privatize کرنے کی کوشش کی، اس میں آپ نے PIA مفت دے دی۔ چلو جی، ہم نے کہا چلو یہ چل جائے گی۔ اس کے اوپر ملک کا پیسہ نہیں لگے گا لیکن آپ کی ان کے اوپر کوئی leverage ہی نہیں ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں ہم expect کر رہے تھے کہ پچھلے دو مہینے میں PIA کی پروازیں جائیں گی، کچھ ہوگا، کچھ بھی نہیں۔ اب وہ آپ سے اور subsidies مانگ رہے ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ یہ بھکاری قوم ہیں اوپر بھی اور نیچے بھی بھیک مانگ رہے ہیں کہ ہمیں تیل پر subsidy دو۔ میری بات سنیں یہ ہمارا ملک ہے، ہم نے اپنے ملک کے لیے کچھ کرنا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ ہمیں اپنے ملک کے عوام کے لیے کچھ کرنا ہے۔ سوالات تو پوچھے جائیں گے، بہت آسان نہیں ہے۔اس وقت حکومت بہت مشکل پوزیشن میں ہے۔ اس وقت اتنی مشکل پوزیشن میں ہے اور ہم ان کے ساتھ ہیں۔ ہم نے ان کے خلاف، دیکھ لیں، آج ہم نے ان سے کوئی سخت بات نہیں کی، کوئی ہم نے ان کا احتجاج نہیں کیا۔ کیوں؟ کہ اب ان کو بھی دیکھنا چاہیے اور اب وہ وقت آگیا ہے کہ یہ ملک آگے نہیں لے کے چل سکتے۔ یہ پاکستان سب کا ہے۔اس میں جب تک تحریکِ انصاف کو آپ on board نہیں لیں گے، جب تک آپ عمران خان صاحب کو آپ نے ادھر doctors کی access بند کی ہوئی ہے۔ کیوں نہیں ان کے اپنے doctors کو جانے دیتے؟ آپ اتنا gesture دکھا سکتے ہیں۔

حکومت پنجاب کے نیچے اڈیالہ جیل ہے۔ کیوں نہیں؟ کوٹ لکھپت میں ہمارے لوگ ہیں۔ ہمارے وہ لوگ بھی ہیں جن کو کوئی نہیں جانتے۔ ایک تو بڑے بڑے لیڈران ہیں لیکن جو عام لوگ ہیں جن کے گھروں کے چولہے بجھ گئے کیونکہ وہ بچے جیلوں میں بند ہیں۔ ان کی طرف بھی دیکھیں۔ آپ چھبیسویں ترمیم لائے، ستائیسویں ترمیم لائے۔ آپ نے کہا جو کچھ کرنا ہے، آپ طاقتور ہیں۔ آپ نے کیا جو کچھ کر سکتے تھے۔ مگر ایک اللہ کا بھی نظام ہے۔ اس نظام کے تحت ایک سیکنڈ میں دنیا بدلتی ہے اور جو کل ہوا، جس کا اسحاق ڈار صاحب ذکر کرکے گئے ہیں۔ اس کے بعد اب آپ کے پاس choices کم ہوتی جا رہی ہیں۔ آواز جو اس وقت دیوار پر بڑا بڑا لکھا ہے کہ اپنے house کو in order کریں۔ اپنے house کو تب ہی in order کر سکتے ہیں جب پاکستانی قوم اکٹھی ہوگی۔ پاکستانی قوم تب اکٹھی ہوگی جب آپ پاکستانی قوم کا وہ لیڈر، جس کو آپ نے جیل میں بند کیا ہوا ہے۔ آپ اس کی dates نہیں لگنے دیتے، آپ اس کے cases جو خارج ہونے ہیں، ان کو چودہ مہینے لگے Al-Qadir case کو NAB کے prosecutors اس کی hearing پر نہیں آتے۔

آپ مجھے بتائیں کہ یہ کس قسم کا نظام ہے؟ یہ سب آپ کے control میں ہے۔ آپ خان صاحب کی family اور ان کے lawyer کی access نہیں ہونے دیتے۔ جب آپ ہماری طرف سے آسانی چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہوں ہمارا ملک ہے۔ آپ ہم پر جتنی مصیبتیں ڈالیں گے لیکن یہ ملک ہمارا ہے، ہم چھوڑ کے نہیں جائیں گے، ہم یہیں کھڑے رہیں گے۔ ہم وہی نوالہ ہیں جو ہم آپ کو یاد دلاتے ہیں کہ گلے میں ہی پھنسے رہیں گے نہ باہر آئیں گے نہ اندر جائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، جی۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب چیئرمین! اس لیے ہمارا حق ہے، ہمارا ملک ہے، ہمارے آباؤاجداد نے اس کے لیے بہت قربانیاں دی ہیں۔ ہم اس ملک کے ساتھ یہ ظلم نہیں ہونے دیں گے۔ آپ جہاں دنیا کے stage پر ایک اچھا role play کر رہے ہیں اور پاکستان کو عزت دلا رہے ہیں، وہاں جب تک آپ پاکستان کی عوام کے لیے آسانی نہیں کریں گے۔ آپ بتائیں calculation کون کرتا ہے؟ یہ بتائیں آپ اپنے خرچے کیوں نہیں کم کرتے؟ آپ کے خرچے، بڑا اچھا لگا، ہمارے وزیر قانون صاحب نے جو باتیں کی اور ہمارے Leader of the House نے لیکن 7 trillion آپ کا اس وقت وفاقی حکومت کا بجٹ ہے۔ چالیس سے زیادہ آپ کی ministries ہیں جو کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد سترہ یا اٹھارہ ہونی چاہیے تھیں۔ آپ نے فالتو کی ministries بنائی ہوئی ہیں۔ دنیا میں کسی bureaucracy میں bureaucrat یا officer کو گاڑی ہر تین سال کے بعد نہیں دی جاتی۔ (جاری۔۔۔T-18)

**T18-07April2026 Tariq/Ed: Shakeel. 06:20 pm**

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: ((جاری۔۔۔) دنیا کی کسی بیوروکریسی میں بیوروکریٹ یا آفیسر کو گاڑی ہر تین سال کے بعد نہیں دی جاتی، آپ سنگاپور میں دیکھیں، وہ گاڑی دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کی چار قسطیں حکومت دے گی اس کے بعد یہ گاڑی اس آفیسر کی ہو جائے گی۔ انگلینڈ جو ہمارا بڑا ہے Commonwealth وہاں پر car pool ہوتے ہیں، یہاں پر تو ایک کمشنر کے پاس ماشاءاللہ ایک Land Cruiser ہوتی ہے جو کہ پتا نہیں آٹھ سے دس کروڑ کی ہوتی ہے۔ دوسری دو سے تین ہزار سی سی کی گاڑی جو کہ تین سے چار کروڑ مالیت کی ہوتی ہے وہ پھر ایک چھوٹی گاڑی گھر کے بچوں کے لیے ہوتی ہے۔ میرے والد بھی چیف سیکرٹری تھے، ہمیں ان کی official گاڑی میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوتی تھی اگر وہ خود گاڑی میں نہ بیٹھے ہوں۔ ہم نے یہ کس قسم کا گورکھ دھندہ یہاں پر چلایا ہوا ہے اور یہ سارے tax payer کے پیسے ہیں۔ دوسری بات FBR۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا شکریہ، باقی اراکین نے بھی بات کرنی ہے۔ مغرب کا وقت ہو رہا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب آپ کی پہلی بات کہ اذان کا انتظار کرتے ہیں، جب اذان ہو گی تو اللہ کی طرف سے چپ کر جائیں گے۔ جناب FBR کا سوال یہ ہے کہ taxes collection میں اتنی بڑی shortfall ہے اور FBR کے بارے میں international جریدوں میں جو رپورٹ نکلی ہے کہ وہاں پر کرپشن ہے۔ آپ کے FBR کے آفیسرز فنانس کمیٹی میں petitions لے کر آئے ہیں کہ ان کے ساتھ جو peer review ہوتا ہے، لوگوں کو جو incentives دیے جاتے ہیں اس میں nepotism ہے، اس میں

لوگوں کا حق مارا جارہا ہے اور اس میں کرپشن ہے۔ یہ میں نہیں کہہ رہی ہوں یہ خبر دنیا میں شائع ہوئی ہے تو مجھے یہ بتائیں کہ ابھی میرے بھائی نے کہا کہ traders سے بات کریں، جناب یہ وہی traders ہیں جو ٹیکس نہیں دیتے۔ ہم تو ٹیکس دیتے ہیں اور ذلیل و خوار ہوتے ہیں اور سارے salaried persons جتنے یہاں پر حکومت کے ملازمین ہیں، میں بڑے ملازمین کی بات نہیں کر رہی ہوں، گریڈ چودہ سے نیچے والا مجبور ہوتا ہے، اوپر والے تو ماشاءاللہ بہت بڑے ہیں۔ جناب جب تک آپ accountability شروع نہیں کریں گے۔ آپ مجھے بتائیں کہ آپ کے جو حکومت کے ملازمین ہیں ان میں سے کتنے بیس یا بائیس ہزار ہیں جو کی duel nationalities ہیں۔ Dual nationalities اور وہ حکومت کے اہلکار ہیں، جناب یہ کیسے ہو سکتا ہے، اس پر کوئی action نہیں لیا جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس بارے میں یہاں پر قانون لایا گیا ہے، اس پر بات ہوئی ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب ہمیں اس کا صاف صاف کرکے بتائیں۔ ابھی ہماری ایک اور کہانی یہ چل رہی ہے کہ ساڑھے تین ارب ڈالرز ہم UAE کو واپس کر رہے ہیں۔ میں بھی وہاں دس سال رہ کر آئی ہوں، میرا بھی وہاں پر گھر تھا، apartments تھے سب تبھی بیچ دیے۔ اب بات یہ ہے کہ ہمارے بڑے بڑے لوگوں کی وہاں پر properties تھیں، ہمارے تو وہاں پر جلتے ہیں، اب وہاں پر property کی قیمت نیچے چلی گئی ہے، اب وہ کیا کریں، انہوں نے کہیں نہ کہیں سے تو پیسے لینے ہیں تو پٹرول کی غریبوں پر لیوی لگا دو۔ یہ ٹیکس دیں گے، آپ نے وہ پچاس روپے جو بڑھائے تھے وہ exchequer میں تو نہیں آئے، وہ تو OMC پتا نہیں کس کے پاس گئے، وہ کہیں درمیان سے ہی چلا گیا تو جناب جو پیسے عوام سے لے کر، غریب اور شیر خوار بچے کے دودھ سے پیسے نکالتے ہیں، آپ غریب کی موٹر سائیکل کا پٹرول نکالتے ہیں، یہ بیس لیٹر سے اس کا کیا ہوگا، چلیں اس کو چھوڑ دیں۔ یہ جو پیسے ادھر ادھر سے اکٹھے کر رہے ہیں یہ ہمیں پتا ہے کہ یہ کن کے فائدے کے لیے جا رہے ہیں۔ جناب آخری بات کیونکہ ابھی اذان نہیں ہوئی اور میں اذان کا انتظار کر رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ویسے آپ نے سینیٹر نورالحق قادری صاحب کا بھی وقت لے لیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: کوئی بات نہیں جناب، آپ نے کہا تھا کہ اذان تک۔ چلیں جناب let's talk about going forward, اگر میں اپنے بھائی اور بہنوں سے جو ابھی حکومت میں ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بس یہ آخری بات ہونی چاہیے۔

سینیٹر ڈاکٹر زر قا سہر وردی تیمور: جناب دو باتیں۔ میں positive بات کرتی ہوں، کوئی negative بات نہیں کرتی ہوں۔ میں صرف یہ کہتی ہوں کہ ,going forward پاکستان کو اب ایک paradigm shift کی ضرورت ہے اور وہ کیا ہے۔ وہ یہ کہ یہ جو مانگے تانگے پر چلنے کا style ہے یہ اب نہیں چلے گا۔ اگر ہم negotiate کر سکتے ہیں تو اپنے لیے ایران سے تیل لیں۔ IMF پروگرام کی مشکلات کو ختم کرائیں، آپ کے اوپر جو قرضے ہیں انہیں آپ writ-off کرائیں، اگر آپ دنیا کے لیے peace negotiation کر رہے ہیں تو آپ کی بھی کوئی demands ہونی چاہییں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر ڈاکٹر زر قا سہر وردی تیمور: جناب آخری بات۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مختصر بات ہونی چاہیے۔

سینیٹر ڈاکٹر زر قا سہر وردی تیمور: جی جناب مختصر۔ ایک تو population ہے جو ہمارے ملک میں خواندگی کا بم ہے اس کو جب تک آپ address نہیں کریں گے یہ ملک کبھی آگے نہیں چل سکتا ہے کیونکہ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر ڈاکٹر زر قا سہر وردی تیمور: جناب ابھی چل رہا ہے، اذان کا انتظار ہے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب۔ آپ کو بولتے ہوئے پندرہ منٹس ہو گئے ہیں۔ باقی اراکین نے بھی بات کرنی ہے۔ آپ Leader of the House and Leader of the Opposition دونوں سے زیادہ بولی ہیں۔ سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر زر قا سہر وردی تیمور: جناب آخری بات۔ Agriculture اس ملک کی backbone ہے، پاکستان کا جو average former ہے اس کے پاس ایک ایکڑ سے کم زمین ہے۔ آپ اس کو structure کریں کیونکہ اس وقت پاکستان صرف گندم اور چینی کے اوپر چل رہا ہے، ہم دالیں import کرتے ہیں، چائے اربوں روپے کی import کرتے ہیں۔ دالیں اور چائے دونوں پاکستان میں کاشت ہو سکتی ہیں۔ اب آگے آپ کے پاس جو حالات ہونے ہیں تو آپ اپنے ملک کو خود کفیل کریں۔ دوسری بات یہ ہے کہ انرجی کا جو مسئلہ ہے۔ انرجی میں ایک

طرف تو تیل ہے، دوسری طرف سولر ہے اور پاکستان fastest solarizing countries میں سے ہے لیکن آپ جو نئے prosumers Bills or regulations لائے ان کو آپ دوبارہ سے دیکھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بس اتنے مشورے بہت ہیں۔ باقی اگر اللہ نے اپ کو موقع دیا تو ان پر آپ عمل درآمد کروایئے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب انرجی کی آخری بات بہت اہم ہے کہ آپ IPPs کا fiscal audit کروایئے کیونکہ اگر آپ ان کا fiscal audit کروائیں گے تو آپ کے آدھے سے زیادہ IPPs خود ہی بند ہو جائیں گے کیونکہ ان کے بیچ میں اتنے بڑے بڑے گوشوارے ہیں کہ وہ آپ کو بند کرنے پڑیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کو اللہ تعالیٰ آپ کو دوبارہ موقع دے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب میں تو positive بات کر رہی ہوں اور کسی پر کوئی تنقید نہیں کر رہی ہوں اور بہت اچھے ideas دے رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وقت کی بات ہے اور اراکین نے بھی بات کرنی ہے۔ آپ دیکھیں ابھی بھی چار سے پانچ اراکین کے mic on ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب آپ نے وعدہ کیا تھا، آپ کی زبان تھی اور آپ نے کہا تھا کہ مغرب کی اذان تک۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی بہت شکریہ۔ سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب۔

**<u>Senator Khalil Tahir</u>**

سینیٹر خلیل طاہر: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں تو آج بہت ہی satisfied تھا کہ جس طرح سے اپوزیشن لیڈر صاحب راجہ ناصر عباس صاحب نے پھر نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار صاحب نے، ہمارے وزیر قانون اور محترم رانا ثناء اللہ خان اور ہمارے جتنے بھی seniors ہیں کہ وہ بات جس کا سارے فسانے میں ذکر نہ تھا وہ میں by name کہہ رہا ہوں کہ وہ بات میڈم کو بہت ناگوار گزری ہے۔ بات تو آج ایران کی ہو رہی ہے اور اس پر جو جارحیت ہو رہی ہے۔ آپ پوری دنیا میں دیکھیں کہ not only the Muslim community, even the non-Muslim community, they are opposing to these people کہ آپ کس طرح سے چھوٹے چھوٹے

بچوں کا خون بہا رہے ہیں، بات تو اس پر ہونی تھی اور اسی لیے یہ وقت بڑھایا تھا لیکن وہ کہتے ہیں کہ (پنجابی شعر)، یہ تو بات ہی نہیں تھی جس کا یہ ذکر کر رہی تھیں۔

جناب چیئرمین! اگر IMF کی بات کرتے ہیں تو میں تھوڑا سا background میں جاؤں گا، جب یہ IMF سے معاہدہ کر رہے تھے تو اس وقت dollar کی کیا قیمت تھی اور جب انہوں نے معاہدہ توڑ دیا اور موجودہ حکومت کو IMF سے معاہدہ کرنا پڑا اس وقت ڈالر کی کیا قیمت تھی؟ کچھ اپنی طرف بھی دیکھنا چاہیے (پنجابی) کہ ultimately یہ سارا کچھ کس نے کیا تھا؟ اس حد تک ملک سے غداری اور بے وفائی کہ آپ کہیں کہ بیرون ملک سے remittances نہ بھیجیں۔ آپ کی جتنی بھی GSP Plus status ہیں وہ قوم کو نہ دیں، کاش یہ بھی میڈم سن کر جاتیں۔ جناب ہم آپ کی دل کی اتھاہ گہرائیوں سے بہت عزت کرتے ہیں لیکن ان کو نہیں چاہیے تھا کہ آج وہ ایک نئی بات کرتیں، ابھی وہ پانی پینے چلی گئی ہیں حالانکہ انہوں نے کہا تھا کہ میری صرف آخری بات positive and constructive ہے، اس کا مطلب ہے کہ ان کی باقی باتوں کو نہ ہم positive سمجھیں اور نہ ہی constructive سمجھیں۔

جناب جس طریقے سے محمد اسحاق ڈار صاحب، وزیراعظم صاحب کو اور فیلڈ مارشل صاحب بلکہ پوری قوم کو بغیر کسی تفریق کے، کسی جماعت کے یا کسی ایسی بات کہ، سب کو مل کر یہاں پر عزت اور وقار کے ساتھ، جس نے پاکستان کی عزت اور وقار میں اضافہ کیا، جس بات سے پاکستان کی dignity میں اضافہ ہوگا تو اس میں ہمارا وقار اور عزت ہوگی۔ آج ہمیں موجودہ حالات کے مطابق چلنا ہے نہ کہ وہی باتیں دوبارہ کریں۔ اس طرح تو ہم کہیں گے کہ جس 18-2017 میں نواز شریف صاحب وزیراعظم تھے تو روٹی دو روپے کی تھی، اس وقت پٹرول 64 روپے کا تھا، ڈالر کتنے کا تھا اور چینی کتنے کی تھی، آپ دیکھ لیں۔ یہ وقت کے ساتھ ساتھ gradually چیزیں بڑھتی بھی ہیں اور کم بھی ہوتی ہیں یہ سب حالات کے مطابق ہوتی ہیں۔ آج میڈم کوئی alternative بتا سکتی ہیں جو تیل بڑھایا ہے اس کے بعد اس قیمت میں سے 80 روپے کی لیوی کم کی ہے، کوئی ایک alternative منصوبہ تو دیں۔ تنقید کا مزہ تب آتا ہے جب آپ کوئی alternative دیں کہ یہ طریقہ کار ہے جس سے آپ تیل کی قیمت کم کر سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ابھی انہیں سنیں۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں کسی کے خلاف باتیں کروں، میں صرف ملک کی بات کر رہا ہوں کہ آپ دیکھیں تو سہی کہ کس طریقے سے ایک ایسا انسان جس کا انہوں نے خود نہیں بتایا، شاید مجھے بتانا چاہیے یا نہیں۔ آگے جاری۔۔۔(T-19)

سینیٹر خلیل طاہر: (جاری۔۔۔) میں صرف ملک کی بات کر رہا ہوں کہ آپ دیکھیں کہ کس طریقے سے ایک ایسا انسان، انہوں نے خود نہیں بتایا اور شاید مجھے بتانا چاہیے یا نہیں کہ وہ گر گئے اور انہیں چوٹ لگی، اس کے باوجود he is in China for the Pakistan, for the nation of Pakistan اپنے ملک کے دفاع کے لیے، اپنے ملک کی سلامتی کے لیے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو عزت دی ہے اور دے رہا ہے۔ انسان کا جو خون بہتا ہے، آخر بنی نوح انسان کا خون ہے۔ میں سب سے پہلے شکریہ ادا کرتا ہوں علامہ راجا ناصر عباس صاحب کا، وزیر خارجہ صاحب کا۔ رانا ثناء اللہ صاحب، محترم اعظم نذیر تارڑ صاحب، آج ہم ان باتوں کی طرف نہ جائیں، انہوں نے بہت خوبصورت بات کی تھی کہ آج ہم کسی طریقے سے اکٹھے ہو جائیں، کچھ لوگوں کا طریقہ کار یہی ہوتا ہے وہ کسی طریقے سے دوبارہ relevant ہو جائیں، اس طرح سے اب نہیں ہوگا، اب جو relevant ہے وہی relevant رہے گا، جو irrelevant ہے وہ irrelevant ہی رہے گا۔ میں اس بات سے آگے نہیں جانا چاہتا، میں مجبور ہوں کہ میں اس سے آگے بات نہیں کر سکتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر مولانا نورالحق قادری صاحب۔

**Senator Noor-Ul-Haq Qadri**

سینیٹر نورالحق قادری: شکریہ، جناب چیئرمین! میں اختصار کے ساتھ بات کروں گا۔ پہلی بات یہ ہے کہ ہماری جو آنی جانیاں ہیں، ہم ثالث بن کر جو پھرتی دکھا رہے ہیں۔ ہم ایک وحشی درندے، قاتل کو امن award کا مشورہ دے رہے ہیں، propose کر رہے ہیں۔ اس کے بعد آپ کی ثالثی اور آنی جانیاں نہیں بنتیں، اس بات پر سب سے پہلے مسلم امہ سے، فلسطین کے بچوں سے اور ایران کے مظلومین سے معذرت کریں پھر ثالث بن جائیں۔ میں ان چیزوں کو جو discuss ہو گئیں انہیں repeat نہیں کرنا چاہتا۔ دو اقوال زریں ہیں، ایک ہمارے سابق محترم وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف صاحب کا قول کہ راتوں رات پیٹرول کی قیمت میں اضافہ ہو جائے تو رات کو تو ڈاکہ ڈالا جاتا ہے۔ دوسرا پنجاب کی محترمہ وزیر اعلیٰ صاحبہ کا قول زریں ہے کہ پٹرول کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے تو وزیر اعظم چور ہوتا ہے۔ مجھے کسی اور بیان یا تصدیق کی ضرورت نہیں ہے لیکن جس ظالمانہ طریقے سے پیٹرول کا بم اس قوم پر گرایا گیا، اس کا direct اثر سیاسی اشرافیہ پر نہیں، حکمران طبقہ پر نہیں ہوا بلکہ ایک عام صارف کی زندگی کو اجیرن بنایا گیا۔ بجائے اس کے کہ آپ ان پر بوجھ ڈالیں، اپنی شہ خرچیاں بند کریں Law Minister کہتے ہیں کہ آٹھ بجے market بند کریں قوم کی، عوام کی market تو پہلے سے بند ہو چکی ہے، آپ اپنی market بند کریں جو آپ کی market چل رہی ہے۔

آبنائے ہرمز سے پاکستان کے جھنڈے کے ساتھ تیل کے جہازوں کو گزار کر آپ اس کو market کو فروخت کرتے ہیں، اس دھندے اور کاروبار کو بند کریں۔

جناب والا! میں گزارش کروں گا کہ موازنہ کریں، یہ کہتے ہیں کہ آج ممبئی اور دہلی میں پیٹرول کے لیے گاڑیوں کی لائنیں لگی ہیں لیکن کل ہندوستان میں پیٹرول نرخ کیا تھے، یہ پاکستانی روپے کے حساب سے 103 روپے تھے۔ کل کابل میں پیٹرول کے نرخ پاکستانی روپے کے حساب سے 240 روپے تھے۔ آج اگر International منڈی میں قیمت 115 ڈالر فی بیرل ہے تو 100 روپے levies، سارے ریٹ، سارے اخراجات، اس کا کرایہ، اس کی filtration وغیرہ، سب کچھ شامل کرکے 350 روپے سے اوپر نہیں جاتی، باقی یہ 100 روپے کس کی جیب میں جاتے ہیں، کس کے کھاتے میں جاتے ہیں، یہ پوچھنا اور معلوم کرنا ضروری ہے۔ میں آخری بات کرتا ہوں آج پیٹرول کی قیمت فی بیرل 115 ڈالر ہے۔ جب March, 2022 میں جناب عمران خان کی حکومت تھی تو COVID کے بعد پیٹرول کی قیمت 128 dollar فی بیرل ہو گئی تھی جبکہ اسلام آباد، لاہور، کراچی میں پیٹرول 149 روپے پر بک رہا تھا۔ آپ موازنہ کریں کہ کس طرح اس اضافے کو convert کیا گیا، عوام سے بوجھ کم کیا گیا۔ یہ ہو سکتا تھا، یہ doable ہے۔ کل Minister for Petroleum اس پر policy statement دیں گے لیکن ہم نے اس مفلوک الحال پاکستان کے غریب طبقے کو اب صرف مرنے کی گنجائش چھوڑی ہے، جینے کے لیے کوئی گنجائش نہیں چھوڑی ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چونکہ مغرب کی اذان ہونی والی ہے، سب نے نماز بھی پڑھنی ہے۔ جس طرح Leader of the House, Leader of the Opposition and Minister for Law نے کہا کہ کل بھی اجلاس اسی پر چلے گا۔ ایوان کی کارروائی بروز بدھ 8th April, 2026 at 3:00 pm تک ملتوی کی جاتی ہے۔

------------------

*[The House was adjourned to meet again on Wednesday, 8th April, 2026 at 03:00.p.m.]*

------------------